# درست اُردو لکھنا سیکھیں

## (صحیح اِملا)

www.kitabosunnat.com

محمد عرفان رامے



بسم اللہ الرحمن الرحیم

مجلس التحقیق الاسلامی زیر اہتمام

# محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے
کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی
کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے
درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

# درست اردو لکھنا سیکھیں؟

## (صحیح املا)

در ملکیت
محمد زکریا ملتانی

**محمد عرفان رامے**

www.KitaboSunnat.com

رابعہ بک ہاؤس
الکریم مارکیٹ' اردو بازار' لاہور۔ (پاکستان)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس کتاب کے کسی بھی حصے کی فوٹو کاپی، سکیننگ یا کسی اور طریقہ سے کسی بھی قسم کی اشاعت رابعہ بک ہاؤس کی تحریری اجازت کے بغیر نہیں کی جاسکتی۔

قانونی مشیر: عبدالواحد چوہدری (ایڈووکیٹ سپریم کورٹ)

A Trustworthy Name for Quality Books

**Rabia Research Centre**

6-C Tape Road, Lahore-Pakistan. Ph: +92 42 3722 0073
Email: info@rabiabooks.com www.rabiabooks.com

Show Room - Al-Karim Market, Urdu Bazar,
Lahore-Pakistan. Ph: +92 42 37123 555

ہماری مطبوعات کے بارے میں مزید معلومات کے لئے
www.rabiabooks.com سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔
مطبوعات میں بہتری کے لئے یا شکایات کی صورت میں
info@rabiabooks.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

ناشر ـــــــــ نوید اے شیخ
ادارہ ـــــــــ رابعہ بک ہاؤس، لاہور
تعداد ـــــــــ ایک ہزار
سرورق ـــــــــ آر. بی. ایچ آرٹ سیکشن، لاہور
طابع ـــــــــ ندیم یونس پرنٹرز، لاہور
قیمت 200 روپے

آفس: رابعہ ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ سنٹر 6-C، ٹیپ روڈ، لاہور۔
شو روم: الکریم مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور- پاکستان۔
تقسیم کنندہ:
لاہور: 1- کچہری روڈ، انارکلی۔فون: 37355528-42-92+
کراچی: اُردو بازار، نزد ریڈیو پاکستان۔فون: 32212991-21-92+
راولپنڈی: اقبال روڈ، نزد کمیٹی چوک۔فون: 5539609-51-92+
حیدرآباد: 5- یوسف چیمبرز، اسٹیشن روڈ۔فون: 3780128-22-92+

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# انتساب

شاہانہ

کے نام

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# پیش لفظ

اُردو ہماری قومی اور تہذیبی زبان ہے مگر قیامِ پاکستان کے بعد اِس کے فروغ پر خاطر خواہ توجہ نہیں دی گئی۔ یہی وجہ ہے کہ نصف صدی سے زائد عرصہ گزر جانے کے باوجود آج بھی اُردو کی تدریس سے متعلق بہت کم کتابیں منظرِ عام پر آسکی ہیں۔ اِن حالات میں اپنی قومی زبان کی ترویج اور مقبولیت کے لیے ایک نئے عزم کے ساتھ کام کرنے کی ضرورت ہے۔

''درست اُردو لکھنا سیکھیں'' فروغِ اُردو کے لیے ایک چھوٹی سی کوشش ہے جو رابعہ بک ہاؤس کے روحِ رواں نوید اختر شیخ صاحب کی خصوصی دلچسپی کے باعث آپ تک پہنچ رہی ہے۔

اِس کتاب میں اُردو لکھنے سے متعلق اُن مشکلات کو دور کرنے پر خصوصی توجہ دی گئی ہے جو ایک عام قاری ہی نہیں اساتذہ کو بھی درپیش ہیں۔

ادارہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ترتیب


| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| اِملا | 9 |
| رسمِ خط | 9 |
| صحیح تلفظ | 11 |
| خط | 12 |
| لفظ | 14 |
| نقطے | 14 |
| حرفوں کے جوڑ | 16 |
| ترکیب | 17 |
| حرفوں کی مختلف ترکیبی صورتیں | 18 |
| حرفوں کی تختیاں | 25 |
| الف اور ہائے مختفی | 27 |
| مقامات کے نام | 29 |
| ہندی کے چند الفاظ | 30 |
| عربی کے کچھ الفاظ | 30 |
| لفظ "اللہ" | 31 |


محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| لکھنے میں ''ی'' پڑھنے میں ''الف'' | 31 |
| متفرق الفاظ | 34 |
| حروف قمری و شمسی | 36 |
| ت، ۃ | 38 |
| ذ، ز، ژ | 41 |
| فارسی کے مصدر | 44 |
| س، ش، ص، ک | 47 |
| نون | 49 |
| واو | 57 |
| واوِ معدولہ | 59 |
| ہ | 60 |
| کہنی دار ''ہ'' | 61 |
| ''ہ'' اور ''ح'' کا استعمال | 62 |
| ہائے مختفی اور ''الف'' | 63 |
| ہائے مختفی اور ''یے'' | 63 |
| ہائے مخلوط (ھ) | 65 |
| ہمزہ | 68 |
| ''ہمزہ'' اور ''واو'' | 69 |
| واو متحرک | 76 |
| ''الف'' اور ''واو'' یک جا | 77 |

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| صفحہ | عنوان |
|---|---|


| | |
|---|---|
| 77 | ہمزہ کے ساتھ لکھے جانے والے نام |
| 77 | عطف کی صورت میں |
| 80 | ہمزہ اور ہائے مختفی |
| 80 | ہمزہ اور ''ی'' |
| 85 | اضافت |
| 93 | لفظ کے آخر میں ''یا'' کا استعمال |
| 95 | لفظ کا آخری حرف ''ش'' |
| 97 | لفظ کے آخر میں ''یت'' کا استعمال |
| 97 | دو ''ی'' کا استعمال |
| 98 | لاحقہ ''یل'' |
| 98 | انگریزی لفظ شیکسپیر وغیرہ |
| 99 | اسمِ فاعل میں ''ہمزہ'' کا استعمال |
| 100 | مغلئی اور سرمئی جیسے لفظ |
| 101 | ی۔ے |
| 102 | ''ی'' اور زیر کا استعمال |
| 103 | گنتیاں |
| 106 | اعدادِ ترتیبی |
| 107 | لفظوں کو ملا کر لکھنا |
| 113 | اعراب |
| 114 | علامات |
| 117 | رموزِ اوقاف |
| 123 | ضمیمہ الفاظ (متفرق الفاظ) |


محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## اِملا:

لفظ میں حرفوں کے صحیح صحیح استعمال کو اِملا کہا جاتا ہے یعنی جس لفظ میں حروف کی تعداد اور ترتیب بالکل درست ہو اور ان حروف کے جوڑ پیوند بھی ٹھیک ہوں تو کہا جائے گا کہ اُس لفظ کی اِملا درست ہے۔ لیکن اگر اُس لفظ میں حروف کی ترتیب، تعداد اور جوڑ پیوند ٹھیک نہیں ہوں گے تو وہ لفظ غلط شمار کیا جائے گا۔

اِملا کی تعریف یوں بھی کی گئی ہے کہ ''اِملا لفظوں کی صحیح تصویر کھینچنا ہے۔''

## رسمِ خط:

جو طریقہ اُن حرفوں کو لکھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے وہ ''رسمِ خط'' کہلاتا ہے۔

یہ بات یاد رکھنا ضروری ہے کہ اِملا میں تو اصلاح ہو سکتی ہے مگر رسمِ خط میں اصلاح ممکن نہیں ہے۔ رسمِ خط یا تو رہے گا یا نہیں رہے گا۔ چوں کہ حرفوں کی صورتیں نہیں بدل سکتیں اس لیے رسمِ خط بھی نہیں بدلے گا۔

اِملا میں تصحیح کی ضرورت اِس لیے پیش آتی ہے کہ کچھ لوگ بعض لفظوں کو غلط طور پر لکھنے لگتے ہیں۔ شروع شروع میں غلط لکھنے والوں کی تعداد بہت کم ہوتی ہے مگر وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ انہی چند لوگوں کا غلط لکھا سند بننے لگتا ہے اور بہت سے دوسرے لوگ بھی یہی غلطیاں کرنے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لگتے ہیں۔ اس کی ایک عام مثال لفظ ''منھدی'' ہے جس میں ''ن''، ''ہ'' سے پہلے لکھا جاتا ہے۔ بالکل اسی طرح جیسے مُنہ یا مینہ میں ''ن''، ''ہ'' سے پہلے لکھا جاتا ہے۔

''منھدی'' ایک عام استعمال کا لفظ ہے مگر بعض لوگ اب ''مہندی'' یعنی ''ن''، ''ہ'' کے بعد لکھتے ہیں۔ جو یقیناً درست نہیں ہے۔ اِملا میں اس غلطی کا آغاز بھی اسی طرح ہوا ہوگا کہ چند لوگوں نے اس لفظ کو ''مہندی'' لکھنا شروع کر دیا ہوگا۔

اِس قسم کی غلطیوں کی ایک اہم وجہ یہ بھی ہے کہ لفظوں میں اکثر حرف ملا کر لکھے جاتے ہیں اور ضرورت سے زیادہ حروف چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کی صورت اختیار کر لیتے ہیں۔

مثال کے طور پر لفظ ''منھدی'' کو دیکھیے۔ یہ لفظ پانچ حروف کا مجموعہ ہے جن میں سے ''ی'' تو سالم ہے مگر باقی چار الفاظ کچھ نہ کچھ صورت بدل کر آئے ہیں۔ اسی وجہ سے امکان رہتا ہے کہ بے توجہی کے سبب سے، لاعلمی کے باعث یا پھر جلدی میں کسی حرف کی جگہ بدل جائے۔

بعض اوقات اِس کا بھی امکان رہتا ہے کہ حرف ہی بدل جائے یا کوئی حرف کم یا زیادہ ہو جائے۔ مثلاً ''لیے'' میں ایک ''ل'' اور دو ''ی'' ہیں (ل ی ے)۔ اِس کو ''لئے'' اور ''لیئے'' بھی لکھا جاتا ہے۔

یا جیسے ایک شخص ''پایل'' لکھتا ہے اور دوسرا ''پائل''۔ اسی طرح صحیح لفظ ''ازدحام'' ہے۔ اِس کو اژدہام'' اور ''ازدہام'' بھی لکھ دیا جاتا ہے۔ اسی طرح حضرت ابراہیمؑ کے والد یا چچا کا نام ''آزر'' ہے اِس کو ''آذر'' فرض کر لیا جاتا ہے۔

کسی بھی زبان کے لیے اور اُس کے لکھنے والوں کے لیے یہ بات ہرگز باعثِ فخر نہیں ہے کہ معمولی معمولی لفظوں کو صحیح طور پر نہ لکھا جائے یا پھر ایک ہی لفظ کو بہت سے لوگ مختلف طرح لکھیں اور یہ بات کسی کو معلوم نہ ہو کہ لفظ کی درست اِملا کیا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## صحیح تلفظ:

اگر کوئی شخص ''نان'' کو ''پان'' بولے تو کہا جائے گا کہ یہ تلفظ غلط ہے۔ بولنے والے کو جس طرح لفظ کے معنی معلوم ہونا چاہیے اسی طرح لکھنے والے کو لفظ کا املا معلوم ہونا چاہیے۔ جس طرح ''قلم'' کی جگہ ''پنسل'' بولنا صحیح نہیں اسی طرح ''قلم'' کو ''کلم'' لکھنا بھی درست نہیں ہوگا۔

اضافے کی صورت میں لفظ کے آخری حروف پر زیر آ جاتا ہے' یہ مانا ہوا قاعدہ ہے۔ مثلاً اضافت کی صورت میں ''منزلِ مقصود'' لکھا جائے گا۔ اگر اِس کو ''منزل مقصود'' لکھا جائے تو ہر شخص یہی کہے گا کہ املا غلط ہو گیا۔

ایسی غلطیاں اکثر دیکھنے میں آتی رہتی ہیں۔ لفظ ''معما'' تو سبھی نے سنا ہوگا' مگر فانی کے اِس مشہور شعر کو اگر آپ نے یوں لکھ دیا:

اِک معمہ ہے سمجھنے کا نہ سمجھانے کا
زندگی کاہے کو ہے، خواب ہے دیوانے کا

اگر آپ شعر کو اسی طرح لکھیں گے تو یہ ضرور کہا جائے گا کہ پہلے مصرعے میں ایک لفظ کا اِملا غلط ہے۔ ''معمہ'' کوئی لفظ نہیں ہے۔ صحیح صورت ''معما'' ہے یعنی پہلے مصرعے کو یوں لکھنا چاہیے تھا:

اِک معما ہے سمجھنے کا نہ سمجھانے کا

اضافت کی صورت میں اِس کو ''معمائے حیات'' لکھا جائے گا۔ فرض کر لیجیے کہ کسی شعر میں یہ مرکب آ گیا اور لکھنے والے نے اس کو ''معمہء حیات'' لکھ دیا تو مصرع ہی بحر سے خارج ہو جائے گا۔

یہ تسلیم شدہ بات ہے کہ ابتدائی عمر میں بچے کی آنکھیں جن صورتوں کو بار بار دیکھتی رہتی ہیں تو ذہن کے سادہ و صاف ورق پر وہ نقش اِسی طرح ثبت ہو جاتے ہیں۔ یہی حال املا کا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ابتدائی تعلیم کے زمانے میں جب اِملا کی خاص طور پر مشق کرائی جاتی ہے اور بہت سے لفظوں کے ہجے بھی کرائے جاتے ہیں تو اکثر لفظوں کی تصویر ذہن کے پردے پر اُتر آتی ہے۔

طالبِ علم کسی بھی لفظ کو اُسی طرح لکھنا سیکھے گا جس طرح وہ لفظ کتاب میں لکھا ہوا ہے یا پھر اُستاد اپنے شاگرد کو کاپی پر یا تختہ سیاہ پر جس طرح لفظ لکھنے کی مشق کروائے گا۔ شاگرد بھی اس طرح اِملا لکھے گا۔ اِس لیے ضروری ہے کہ نا صرف نصابی کتابوں میں الفاظ کی اِملا کا خاص خیال رکھا جائے۔ بلکہ اساتذہ بھی الفاظ کے درست تلفظ اور اِملا کا خاص خیال رکھنا چاہیے۔ فرض کر لیجئے کہ کتاب میں ''گاؤں'' چھپا ہوا ہے اور اُستاد اپنے قلم سے ''گانو'' لکھتا ہے تو وہ طالب علم کیا کرے گا؟ اُس کا ذہن بری طرح اُلجھ جائے گا۔ اس لیے ضروری ہے کہ لکھنے والے کو ہر لفظ کا صحیح اِملا معلوم ہو۔ اِس کے ساتھ ساتھ صحتِ اِملا سے متعلق ضروری باتیں بھی اُس کے علم میں ہوں۔

## خط

''خط'' اصطلاحی لفظ ہے۔ لکھاوٹ کی کسی خاص روِش کے لیے اِس لفظ کو استعمال کیا جاتا ہے۔ ہر زبان میں خط تو ایک ہی ہوتا ہے مگر لکھاوٹ کے انداز ایک سے زیادہ ہوتے ہیں۔ مثلاً اگر ہم انگریزی کی چھپی ہوئی کتابوں کا جائزہ لیں کتابوں میں چھپی ہوئی عبارت اور ہاتھ سے لکھی ہوئی عبارت کے لکھنے کا انداز تو مختلف ہوگا مگر رسمِ خط ایک ہی ہوگا۔

اُردو میں دو خط رائج ہیں:

① خطِ نسخ

② خطِ نستعلیق

خطِ نسخ اور خطِ نستعلیق کی پہچان کے لیے یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ اُردو ٹائپ کی چھپائی خطِ نسخ میں ہوتی ہے جب کہ باقی سب کاموں مثلاً خط لکھنا، حساب کتاب وغیرہ کے لیے خطِ نستعلیق استعمال کیا جاتا ہے۔ طالب علم شروع ہی سے خطِ نستعلیق کو سیکھتا ہے اور پھر عمر بھر اسی خط

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں سب کچھ لکھتا رہتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ صحتِ اِملا میں اصل اہمیت خطِ نستعلیق کی ہے۔

چند سال پہلے تک خطِ نسخ اور خطِ نستعلیق کے علاوہ ایک خط اور بھی استعمال کیا جاتا تھا جسے خطِ شکستہ کہتے تھے۔ یہ خط دفاتر میں استعمال ہوتا تھا۔ یہ تیز لکھائی کے لیے بہت کار آمد تھا۔ اس میں لمبی لمبی آڑھی ترچھی کششیں ہوتی تھیں اور بہت سے حرف ایک دوسرے سے ملا کر لکھے جاسکتے تھے۔ مگر موجودہ دور میں اس خط کا استعمال نہ ہونے کے برابر رہ گیا ہے کیوں کہ کمپیوٹر کی آمد کے بعد دفاتر میں کام کرنے کا انداز بالکل بدل کر رہ گیا ہے۔ اب خط شکستہ کا ثبوت صرف پرانے کاغذوں اور تھانوں کی پرانی رپٹوں میں ہی ملتا ہے۔ خطِ شکستہ اب چلن میں نہیں رہا مگر آج بھی بعض لوگ عبارت کو ''گھسیٹ'' میں لکھتے ہیں یہ اسی خط کا اثر ہے۔

خطِ نسخ اور خطِ نستعلیق میں حرفوں کے جوڑ ذرا الگ الگ ڈھنگ سے لگتے ہیں۔ خطِ نسخ میں حرفوں کے دائروں میں چپٹا پن ہوتا ہے۔ اِس کے برعکس خطِ نستعلیق کے دائروں میں گولائی یا بیضاویت ہوتی ہے۔

خطِ نسخ اصل میں عرب کی دین ہے۔ اُس زمانے میں عربوں کی زندگی میں سادگی تھی۔ وہی سادگی اور یک سانی اس خط میں بھی ہے۔

خطِ نستعلیق ایران سے آیا ہے اور اس میں ایرانی مزاج کی نفاست پسندی، صناعی حُسن پسندی اور نقش گری کی نمود ہے۔ نسخ میں قلم بدلتا نہیں بلکہ شروع سے آخر تک یک سانی رہتی ہے۔ جب کہ خطِ نستعلیق میں لکھی ہوئی عبارت کو دیکھئے تو صاف معلوم ہوگا کہ اس میں قلم بدلتا رہتا ہے۔ جس سے کشش میں اُتار چڑھاؤ نمایاں ہوتا ہے۔ کہیں پورا قلم لگایا جاتا ہے، کہیں نصف اور کہیں اُس سے کم، مثال کے طور پر حرف ج کو ذرا غور سے دیکھئے۔ صاف معلوم ہوگا کہ اُس کے سر، گردن اور دَور میں قلم کا پیمانہ مختلف ہے۔ یہی صورت مختلف حرفوں کے جوڑ میں ہوتی ہے۔ خطِ نستعلیق میں عام آدمی کا قلم بے تکلفی کے ساتھ چلتا ہے۔ اِس لیے اِن امور کا صحیح طور پر اندازہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نہیں ہوتا ،مگر جب خوش نویس کچھ لکھتا ہے تو سارے محاسن پورے طور پر نمایاں ہو جاتے ہیں۔

جتنے بھی خط عرب اور ایران میں ایجاد ہوئے ہیں خطِ نستعلیق ان میں سب سے خوب صورت تصور کیا جاتا ہے۔ اسی وجہ سے اس کو ''عروس الخطوط'' بھی کہا گیا ہے۔ خطِ نسخ اور خطِ تعلیق دو پُرانے خط تھے۔ خطِ نستعلیق کی نمود انہی دونوں کے امتزاج سے ہوئی ہے۔ اِس کے نام میں بھی اُن دونوں خطوں کا نشان موجود ہے یعنی:

نسخ۔تعلیق = خطِ نستعلیق

لفظ نستعلیق اُردو میں مہذب اور متین کا ہم معنی بھی ہے۔ اُردو میں عام طور پر لکھائی میں خط نستعلیق استعمال ہوتا ہے۔ اسی لیے جب صحتِ اِملا کی بات ہوتی ہے تو حرفوں کے جوڑ پیوند کی حد تک خطِ نستعلیق ہی زیرِ بحث ہوتا ہے۔

## لفظ

حرف دو ہوں یا زیادہ، اُن کا مجموعہ ''لفظ'' کہلاتا ہے۔ ایسے حرف زیادہ ہیں جو ملا کر لکھے جاتے ہیں۔ حرفوں کو ایک دوسرے سے ملا کر لکھنے کے لیے ضروری ہے کہ اُن کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کی صورت میں لایا جائے۔

جیسے ایک حرف ہے ''ب''۔ جب یہ لفظ کے آخر میں آتا ہے تو اِس کو اِسی طرح لکھا جاتا ہے۔ جیسے اب، جب۔ مگر جب یہ شروع میں یا بیچ میں آتا ہے تو الگ الگ حرفوں کے ساتھ اِس کی الگ الگ شکلیں بن جاتی ہیں۔ جیسے: اب، بت، جبر یعنی اب اس حرف کی چار شکلیں ہوئیں۔

کسی لفظ میں بس دو حرف ہوں تو عام طور پر اُس کے لکھنے یا پڑھنے میں اُلجھن نہیں ہوتی۔ لیکن اگر کوئی لفظ تین، چار یا اس سے زیادہ حرف کا مجموعہ ہو تو اُلجھن پیدا ہو سکتی ہے۔

## نقطے:

ایک لفظ ہے ''بنتا'' اُس میں چار حرف ہیں۔ شروع کے تین حرف (ب،ن،ت)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ایک ہی گروپ کے ہیں ان کے جوڑ ایک ہی طرح لگتے ہیں۔ یعنی یک ساں شوشوں کی صورت میں ان کو لکھا جاتا ہے۔ انہیں بس نقطوں کی مدد سے پہچانا جاتا ہے۔ اگر نقطے صحیح طور پر نہ رکھے جائیں یا صحیح جگہ پر نہ ہوں تو ظاہر ہے کہ لفظ کی لکھاوٹ غلط ہو جائے گی۔ کوئی شخص اٹکل سے صحیح پڑھ لے تو پڑھ لے ورنہ عام طور پر اُس لفظ کو غلط ہی پڑھا جائے گا۔ جب اُسے غلط پڑھا گیا تو معنی بھی بدل جائیں گے جیسے ایک لفظ ہے ''نبی'' (ن، ب، ی) اِس میں ''ن'' اور ''ب'' کے نقطے ادھر اُدھر ہو جائیں تو یہ آسانی کے ساتھ ''بنی'' (ب، ن، ی) بن سکتا ہے۔

اِس کی اہمیت یوں بھی بڑھ جاتی ہے کہ کئی حرف ایسے ہیں جن کو صرف نقطوں کی مدد سے پہچانا جاتا ہے۔ انگریزی ہندی وغیرہ کے ایسے لفظ جن سے عام طور پر لوگ واقف نہیں ہوتے ایسے لفظوں کو پڑھنے میں کبھی محض اس لیے مشکل پیش آتی ہے کہ نقطے صحیح جگہ پر نہیں ہوتے۔ اِس سلسلے میں لوگوں کے اور جگہوں کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

اُردو رسمِ خط کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس میں اختصار کو بہت دخل ہے یعنی کم سے کم وقت میں زیادہ سے زیادہ الفاظ کو لکھا جا سکتا ہے۔ مگر نقطوں کے بے جگہ ہونے سے یہ خوبی، خامی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔

رسمِ خط کو تو بدلا نہیں جا سکتا۔ البتہ اِس کا اہتمام کیا جا سکتا ہے کہ محض نقطوں کی وجہ سے غلط خوانی کا سامان فراہم نہ کیا جائے۔ جن لوگوں کو پرانی تحریریں پڑھنے کا اتفاق ہوتا رہتا ہے اُن کو خوب معلوم ہو گا کہ بہت سے مقامات پر محض نقطوں کے نہ ہونے سے یا غلط جگہ پر ہونے سے عبارت کو پڑھنا ایک مصیبت سے کم نہیں ہوتا۔ پرانے لوگ بہت سے نقطوں کو غائب کر دیا کرتے تھے۔ آج کل نقطوں کو غائب تو نہیں کیا جاتا مگر بہت سے مقامات پر بے پروائی کی وجہ سے یا جلدی میں وہ جگہ سے بے جگہ ضرور ہو جاتے ہیں۔ اس کا خاص طور پر خیال رکھنا چاہیے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## حرفوں کے جوڑ:

نقطوں کے بعد سب سے اہم چیز حرفوں کے جوڑ ٹھیک ہونا ہے۔لفظوں میں سالم حروف کم آتے ہیں کیوں کہ زیادہ حرفوں کو ملا کر لکھا جاتا ہے اور اِس وجہ سے حرفوں کی شکلیں بدلتی رہتی ہیں۔ یہ بات معلوم ہونا ضروری ہے کہ کس حرف کا جوڑ کس طرح لگتا ہے اور کہاں پر شوشہ کس طرح نمایاں ہوگا؟

اِس سلسلے میں دو باتوں کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے۔

① قلم کو احتیاط کے ساتھ چلایا جائے۔

② طالب علم کو شروع میں مختلف حرفوں کے جوڑوں کی مشق کرائی جائے۔

جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے، خطِ شکستہ کا استعمال اب تقریباً ختم ہو چکا ہے۔اُس دَور میں لمبے لمبے ترچھے ترچھے حرف بنا کرتے تھے۔ وہ خط تو اب بہت کم استعمال ہو رہا ہے۔ مگر اُس کی کچھ کششیں عام تحریر میں اُبھر آیا کرتی ہیں۔ عام لکھاوٹ میں بہت سے حرف آڑے ترچھے بن جاتے ہیں جن میں جوڑ اور نقطے، دونوں کی شکلیں بگڑ جاتی ہیں۔

جلدی میں اپنی کاپی میں آپ جو لکھیں اور جیسے لکھیں، آپ جانیں اور آپ کا کام مگر جب کسی کو خط لکھا جائے، کوئی مضمون لکھا جائے، امتحان کی کاپی میں جوابات لکھے جائیں یا کچھ اور لکھا جائے جو سب کے لیے ہو تو اِس کا لحاظ رکھنا چاہیے کہ حرفوں کے جوڑ قاعدے کے مطابق ہوں اور شوشے بھی ٹھیک ٹھاک ہوں۔ یہ نہ ہو کہ "صبح" کو "ضج" لکھ دیا جائے اور یہ بھی نہ ہو کہ آپ کی تحریر کسی ڈاکٹر کا نسخہ دکھائی دے جسے کیمسٹ کے سوا کوئی نہ پڑھ سکے۔

مشہور حکایت ہے کہ ایک اَن پڑھ شخص ایک صاحبِ علم کے پاس خط لکھوانے کے لیے آیا۔ اُن صاحب نے کہا: "بھائی! میں تمہارا خط تو لکھ دیتا ہوں مگر میری ٹانگ میں درد ہے، میں چل پھر نہیں سکتا۔" اُس نے حیران ہو کر پوچھا کہ خط لکھنے کو ٹانگ کے درد سے کیا نسبت ہے؟

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



انہوں نے جواب دیا کہ جب میں کسی کو خط لکھتا ہوں تو پھر پڑھنے کے لیے بھی مجھے ہی جانا پڑتا ہے۔

آپ نے اکثر دیکھا ہوگا کہ جب کوئی شخص کسی کو برا بھلا کہہ رہا ہوتو اچھے خاصے آدمی کا چہرہ بگڑ جاتا ہے۔آنکھیں بھیانک ہو جاتی ہیں اور منہ عجیب سا بن جاتا ہے۔بات کرنے کا مقصد یہ ہے کہ بدزبانی سے جس طرح چہرے کے خدوخال بدل جاتے ہیں اُسی طرح تحریر کے بگاڑ سے لکھنے والے کی شخصیت گہنا جاتی ہے اور پڑھنے والا سوچنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ تحریر لکھنے والا یا تو اول جلول ہے یا بہت بے پروا، یا پھر اُس کے دل میں مکتوب الیہ کے لیے مروت نام کی کوئی چیز نہیں ہے۔

یہ بات ممکن نہیں ہے کہ ہر لکھنے والے کا خط بہت اچھا ہو۔مگر لاپروائی سے لکھنے اور خط اچھا نہ ہونے میں بہت فرق ہوتا ہے۔لہٰذا اِس بات کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے کہ خط جیسا بھی ہو مگر لفظ میں شامل حرفوں کی ترتیب درست ہونا ضروری ہے۔اِس کے علاوہ نقطے صحیح جگہ پر ہوں اور تحریر میں جلد بازی یا بے پروائی کا پیدا کیا ہوا آڑا ترچھا پن نہیں ہونا چاہیے۔

## ترکیب:

ایک حرف کا دوسرے حرف سے ملنا ترکیب کہلاتا ہے۔ترکیب کی تین صورتیں ہیں:

① ترکیب سابق

② ترکیب لاحق

③ ترکیب طرفین

## ترکیبِ سابق:

ترکیبِ سابق کا مطلب یہ ہے کہ حرف اپنے سے پہلے والے حرف کے ساتھ ملے۔
جیسے ''جب'' میں ''ج'' کا ''ب'' سے ملنا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ترکیبِ لاحق:

حرف کا اپنے سے بعد والے حرف سے ملنا ترکیبِ لاحق کہلاتا ہے۔ جیسے ''دِن'' میں ''د'' کا ''ن'' سے ملنا۔

## ترکیبِ طرفین:

حرف کا دونوں طرف سے ملنا ترکیبِ طرفین کہلاتا ہے، جیسے ''قمر'' میں ''ق'' کا ''م'' اور ''ر'' سے ملنا۔

یاد رہے کہ نو حرف ایسے ہیں جو اگلے حرف سے ملا کر نہیں لکھے جا سکتے۔ یہ حرف ہیں: ا، د، ڈ، ذ، ر، ڑ، ز، ژ، و۔ جب یہ حرف کلمے میں واقع ہوتے ہیں تو وہاں پر اُس لفظ کی ترکیب ٹوٹ جاتی ہے، جیسے: رات، پانی، سکول، تولنا۔ اس بات کو یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ یہ نو حرف صرف ترکیبِ سابق کو قبول کرتے ہیں اور ترکیبِ لاحق سے محروم رہتے ہیں اور اِسی طرح ترکیبِ طرفین سے خود بہ خود محروم ہو جاتے ہیں۔

## حرفوں کی مختلف ترکیبی صورتیں:

ب، پ، ت، ٹ، ث، ن، ی؛ یہ سات حرف ترکیب کی صورت میں ٹوٹ کر تین شکلیں اختیار کرتے ہیں:

## پہلی شکل:

جب یہ سات حرف، س، ش، ص، ض، ط، ظ، ع، غ، ف، ق، و، ی، اِن بارہ حرفوں کے ساتھ ترکیبِ لاحق کے ساتھ آئیں گے تو اِن کی مختصر صورت ہوگی یعنی ایسی صورت میں نقطوں کی مدد سے مختلف حرفوں کا تعین کیا جا سکے گا۔ جیسے نس، نص، یس، تو، بط، بع، بق، تف، پس، بی، نے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لیکن یہ خیال رکھنا ضروری ہے کہ ''ی'' اور ''ے'' کے ساتھ اِن سات حرفوں کی یہ صورت اُسی وقت ہوگی جب ''ی'' یا ''ے'' لفظ میں آخری حرف کی جگہ پر آئیں گے۔ جیسے نی، بے، پے وغیرہ اگر ''ی'' درمیانِ لفظ میں واقع ہوگی تو اِس صورت میں اِن ساتوں حرفوں کو شوشے کی صورت میں لکھا جائے گا۔ جیسے: تیمار، نیم، تیمّم، بیمار۔

## دوسری شکل:

مذکورہ سات حرف (ب، پ، ت۔۔۔) جب ج، چ، ح، خ، م؛ اِن پانچ حرفوں کے ساتھ ترکیبِ لاحق کے ساتھ آئیں گے تو اِن کی مختصر شکل ہوگی۔ جیسے: تم، رنج، بچ، نم۔

مگر خیال رہے ''ہ'' جب لفظ کے بیچ میں آتی ہے تو اُس کو کُہنی دار لکھا جاتا ہے جیسے: کہنا، کہنی دار ''ہ'' کے ساتھ بھی اِن ساتھ حرفوں کو اِسی طرح ترکیبِ لاحق دی جائے گی، جیسے: یہاں، نہتا، نہانا، تہمت، ٹہلنا پہننا۔ ہائے مخلوط (ھ) کے ساتھ بھی یہی صورت ہوگی جیسے پھونکنا، بھوک، تھکنا۔

## تیسری شکل:

باقی حرفوں کے ساتھ ترکیبِ لاحق میں اِن کو شوشے کی صورت میں لکھا جائے گا، جیسے: تن، نل، بدن۔۔۔ ترکیبِ طرفین میں بھی یہ شوشے دار لکھے جاتے ہیں، جیسے: جینا، کٹنا، جتنا۔

## ج، چ، ح، خ:

یہ ایک گروہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ ترکیبِ لاحق میں اِن کا ابتدائی حصہ باقی رہ جاتا ہے۔ جیسے: حاتم، خالو، چلنا، جمنا۔ یہی صورت ترکیبِ طرفین میں رہتی ہے۔ جیسے: کچھ، عجب، مخمل، پیچیدہ۔ ترکیبِ سابق میں یہ پورے لکھے جاتے ہیں جیسے: بچ، نچ، رنج۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



د، ڈ، ذ:

یہ تینوں حرف ایک گروپ کے ہیں اور صرف ترکیبِ سابق کو قبول کرتے ہیں۔ اس صورت میں ذرا سی تبدیلی یہ ہوتی ہے کہ اِن کا مڑا ہوا سر سیدھا ہو جاتا ہے جیسے عذر، ضد، غدر۔

ر، ڑ، ز، ژ:

یہ بھی صرف ترکیبِ سابق کو قبول کرتے ہیں اور اس صورت میں ان میں ایک کشش کا اضافہ ہو جایا کرتا ہے۔ جس سے اُتار پیدا ہو جاتا ہے، جیسے: نظر، کمر، اگر، تیر، تر، جڑ، رجز۔

''دال'' اور ''رے'' کے جوڑ میں ایک فرق یہ بھی ہوتا ہے کہ ''ر'' کے سر میں دوسرے حرف کا جوڑ لگایا جاتا ہے، جیسے: نر، حد۔

س، ش، ص، ض:

ترکیبِ لاحق کی صورت میں اِن حروف کا پہلا جز باقی رہتا ہے، جیسے: سل، شام، صاف ضعیف۔ لیکن یہ خیال رہے کہ ص اور ض میں شوشہ جزوِ حرف ہے۔ یہ ہمیشہ نمایاں رہے گا۔ ترکیبِ طرفین میں بھی یہ اِسی طرح لکھے جائیں گے، جیسے: کشف، نصف، نسیم، ترکیبِ سابق میں، باقی حروف کی طرح پورے لکھے جائیں گے۔ جیسے: جس، نص، کش۔

ط، ظ:

یہ دونوں حرف ہر صورت میں اِسی طرح رہتے ہیں جیسے: طرح، بط، نظر۔

ع، غ:

ترکیبِ سابق اور ترکیبِ طرفین میں ان کا سر بند رہتا ہے، جیسے: موقع، تعجب، مغلوب۔ ترکیبِ لاحق میں اِن کا سر کشادہ رہتا ہے، جیسے: عجب، عادت۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ف:

''ف'' کا سر ترکیبِ سابق اور ترکیب طرفین میں کھل جاتا ہے، جیسے: قفس، کف، ترکیب لاحق میں بند رہتا ہے، جیسے: فرصت۔ ترکیبِ لاحق میں ''ف'' کی طرح ''ق'' کا سر بھی بند رہتا ہے، جیسے: قادر۔ ترکیبِ سابق میں ''ف'' کے برخلاف ''ق'' کا سر بند رہتا ہے۔ جیسے: بق۔ ترکیبِ طرفین میں ''ف'' اور ''ق'' دونوں کا سر کُھل جائے گا۔ جیسے: نقش، نفع، شفقت۔

## ک، گ:

یہ دونوں حرف جب ''الف'' اور ''لام'' کے ساتھ ترکیبِ لاحق میں آئیں گے تو اُن کی صورت یہ ہوگی: کا، کل، گا، گل۔ ''الف'' اور ''لام'' کے سوا دوسرے حرفوں کے ساتھ ترکیب کی صورت میں اِن کا ابتدائی حصہ آئے گا۔ جیسے: کٹنا، گپ، مُھگنا، تکنا۔

## ل:

ترکیب کی صورت میں اِس کا ابتدائی حصہ باقی رہے گا، جیسے: لانا، تلنا، لکڑی، لگانا۔

## م:

ترکیبِ لاحق اور ترکیبِ طرفین میں اِس کا پہلا حصہ باقی رہے گا، جیسے: مارنا، مِٹنا، چمکنا۔ آخر میں اور حروف کی طرح، یہ بھی پورا لکھا جائے گا، جیسے: تم۔

یہ بات ذہن میں رکھنے کی ہے کہ ترکیبِ طرفین میں اس کا سر نیچے کی طرف جھکا رہے گا اور ترکیبِ لاحق میں اوپر کو اٹھا رہے گا، جیسے: ماں، ہمکنا، چمکنا۔ آخر میں اِس کا سر اندر کی طرف جھکا رہے گا جیسے تم، ہم۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہ:

ترکیبِ لاحق میں یہ ''ب'' وغیرہ کے شوشے کی طرح آئے گا، جیسے: ہوا، ہم۔ شوشے کے نیچے ایک اور شوشہ بنایا جائے گا جسے لٹکن بھی کہتے ہیں۔

ترکیبِ طرفین میں اس کی صورت بدل جاتی ہے اور اس صورت کو کُہنی دار کہا جاتا ہے جیسے: کہنا، بہت، لہنگا۔

ترکیب سابق میں اس کی صورت ایک شوشے سے ملتی جلتی ہوتی ہے۔ اگر ''ہ'' ملفوظ ہے (یعنی صاف صاف تلفظ میں آتی ہے) تو اس کے نیچے شوشہ (لٹکن) ضرور آئے گا، جیسے: جگہ، مہ، تہ، کہ، سہ وغیرہ۔ اگر ہائے مختفی ہے تو شوشہ نہیں آئے گا، جیسے: مے خانہ، پیمانہ، کعبہ۔

لیکن اس بات کا خاص طور پر خیال رکھنا چاہیے کہ ترکیب سابق میں ''ہ'' کے ساتھ اور سب حرفوں کے جوڑ کے لیے اس حرف اور ''ہ'' کے بیچ میں (ہائے ملفوظ ہو یا ہائے مختفی) کوئی شوشہ نہیں آئے گا۔ یعنی جوڑ ظاہر نہیں ہوگا، جیسے: مہ، تہ، یہ وغیرہ

ہائے مخلوط کو دو چشمی صورت میں لکھا جائے گا، جیسے: دھر، گھر، بھر، ہاتھ۔

یہ قاعدہ ہے کہ حرف جب لفظ کے آخر میں آئیں گے تو اپنی اصل صورت میں لکھے جائیں گے۔ لیکن د، ڈ رذ، ر، ڑ، ز، ژ، ع، غ، ف، ہ؛ مستثنا ہیں۔

د، ڈ، ذ، میں ابتدائی حصے کی ٹیڑھ کی صورت میں ذرا سی بدل جاتی ہے، جیسے: بد اور ر، ڑ، ز، ژ، میں کشش میں ذرا سا اضافہ ہو جاتا ہے جیسے: تر۔ ''ع'' اور ''غ'' کی صورت یہ ہے کہ اُن کا سر بند ہو جاتا ہے۔ جیسے: شمع۔ ''ف'' کا سر بند ہے مگر ترکیبِ سابق میں کھل جاتا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حرفوں کی مختلف صورتوں کو مجموعی طور پر نیچے دیکھا جا سکتا ہے۔

| حرف | مختلف صورتیں | مثالیں |
|---|---|---|
| الف: | " | با، جا۔ |
| ب، پ، ت، ٹ، ث: | ہا، ہر، ل | بد۔ بچ، بس۔ |
| ج، چ، ح، خ: | ﺣ | بچ، جج، تعجب۔ |
| د، ڈ، ذ: | ﮈ | بد، کھڈ، ابدال۔ |
| ر۔ ڑ، ز، ژ: | ﺮ | تر، بڑ، تر، اب، نظر۔ |
| س، ش: | ﺳ، ﺳ، ﺷ | سام، شام، سلگنا، مشک۔ |
| ص، ض: | ﺻ | صاف، صبح، مصفا، مضاف۔ |
| ط، ظ: | ط | بط، طبیعت، بطخ۔ |
| ع، غ: | ﻋ، ﻊ | عقب، غصہ، شمع، جمع، تعجب۔ |
| ف: | ﻓ، ﻔ | فوراً، تفریح، کف۔ |
| ق: | ﻗ، ﻘ | قاف، وقت، تقدیر، عشق۔ |
| ک، گ: | ﮐ، ﮔ، ﮑ، ﮕ | کا، کل، گل، کب، بلکنا۔ |
| ل | ﻟ | لام۔ الگ، کلب، کلبلانا۔ |
| م: | ﻣ | مان، ممتا، جماؤ، تیمم۔ |
| ن: | ﻧ، ﻨ، ﻥ | نان، نقد، نخ۔ |
| و: | ﻭ | وقت، ہوا، ہونا۔ |
| ہ: | ﮨ، ﮩ، ﮧ، ﮪ | ہونا، بہت، جگہ، کعبہ، گھر۔ |
| ی: | ﻳ، ﻴ، ﮯ | یار، یخ، لیس، یوسف۔ |

حرفوں کے جوڑوں میں خیال رکھنا چاہیے کہ شوشے نہ کم ہوں، نہ زیادہ۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


## مثال کے طور پر:

ب، پ، ت، ٹ، ث، ن، ی، یہ سات حرف جب ج، چ، ح، خ اور م کے ساتھ ملتے ہیں تو ان کی مختصر صورت یوں ہو جاتی ہے جیسے: بچ۔ اب اگر اس سے پہلے ایک اور حرف کا اضافہ کرنا ہو تو صرف اُسی حرف کے شوشے (یا اس کے ابتدائی حصے) کا اضافہ ہو جائے گا۔ جسے بچ سے بیچ۔ یا جیسے یم سے نیم۔

ہائے مختفی ہو یا ملفوظ، ترکیبِ سابق میں اُس سے پہلے جوڑ کو ظاہر کرنے کے لیے شوشہ نہیں آئے گا۔ جیسے: یہ، بہ، نہ، اِن کو "یہہ، بہہ" لکھنا غلط ہوگا۔ مگر جب حرفِ اول خود "ہ" ہو۔ تب جوڑ کا شوشہ ضرور نمایاں ہوگا، جیسے: امر و ہہ۔ کہنی دار "ہ" کی صورت ترکیبِ طرفین میں آتی ہے۔ جیسے: کہنا، بہنا۔ اِس لیے کہنا کے امر کو کہہ لکھنا غلط ہوگا۔

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# حرفوں کی تختیاں

ذیل میں مختلف حرفوں کی تختیاں لکھی جاتی ہیں۔ اِن سے نستعلیق کے جوڑوں کا صحیح صحیح علم ہوگا۔ آخر میں کچھ تین حرفی یا زیادہ حرفوں سے مرکب لفظوں کو بھی لکھا جائے گا۔ تاکہ مختلف جوڑوں کی وضاحت ہو سکے:

با بب بج بد بر بس بص بط

بع بف بق بک بل بم بن بو

بہ بھ بی بے

جا جب جج جد جر جس جص جط

جع جف جق جک جل جم جو جہ

جھ جی جے

سا سب سج سد سر سس سص سط

سع سف سق سک سم سن سو سہ

سی سے

صا صب صج صد صر صس صص صط

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



صع صف صق صک صل صم صن صو

صہ صی صے

طا طب طج طد طر طس طص طط

طف طق طک طل طم طن طو طہ

طی طے

عا عب عج عد عر عس عص عط

عع عف عق عک عل عم عن عو

عہ عی عے

فا فب فج فد فر فس فص فط

فع فف فق فک فل فم فن فو

فہ فی فے

کا کب کج کد کر کس کص کط

کع کف کق کل کم کن کو کہ

کھ کی کے

لا لب لج لد لر لس لص لط

لع لف لق لک لل لم لن لو

لھ لی لے

ما مب مج مد مر مس مص مط

مع مف مق مک مل مم من مو

مہ مھ می مے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نا | نب | نج | ند | نر | نس | نص | نط |
| نع | نف | نق | نک | نل | نم | نن | نونہ |
| نھ | نی | نے | | | | | |
| ہا | ہب | ہج | ہد | ہر | ہس | ہص | ہط |
| ہع | ہف | ہق | ہک | ہل | ہم | ہن | ہو |
| ہہ | ہی | ہے | | | | | |
| یا | یب | یج | ید | یر | یس | یص | یط |
| یع | یف | یق | یک | یل | یم | ین | یو |
| یہ | یھ | یی | یے | | | | |
| بابت | بطخ | بصارت | پیڑ | پتھر | پلیٹ | پروانہ | |
| یوسف | یاسین | یعقوب | منڈیر | گھر | یقین | ہبوط | |
| تبدیلی | تنقید | تبصرہ | نفرت | نظر | نظیر | نفیر | |
| نذر | بدر | تعجب | عجب | جج | حاجی | سسرال | |
| سمانا | شمع | عاشق | فقیر | صاف | صبح | صید | |
| صیاد | ضعیف | ملکہ | لڑکا | ماں | نماز | تمم | |
| نیم | ہاشم | تلوار | تاریخ | جلد | | | |

## الف اور ہائے مختفی

عربی فارسی کے بہت سے لفظ ایسے ہیں جن کے آخر میں ''ہ'' آتی ہے اور اِس سے پہلے حرف پر زبر ہوتا ہے۔ یہ ''ہ'' لکھی تو جاتی ہے مگر پڑھنے میں اِس کی آواز ''ہ'' کی طرح نہیں نکلتی۔ بلکہ وہ اپنے سے پہلے حرف کے زبر کو سہارا دیا کرتی ہے، جیسے:

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کعبہ، پیمانہ، پردہ، جلوہ۔ اِس ''ہ'' کو ہاے مختفی کہتے ہیں، خیال رکھنے کی بات یہ ہے کہ مختفی ''ہ'' عربی فارسی لفظوں کے آخر میں آتی ہے اور زبانوں کے لفظوں کے آخر میں ہمیشہ الف لکھا جائے گا جیسے: بھروسا، پتا، اُردو، ہندی، انگریزی کے ایسے سب لفظوں کے آخر میں الف آئے گا ایسے کچھ لفظوں کی فہرست نیچے پیش کی جاتی ہے:

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اُبالا | اُبسنا | اُبلا | آبا | انا | آجا | آم |
| آنا | انگارہ | اکھاڑا | اندرسا | اڈا | انگوٹھا | اُپلا |
| باجرا | بٹا | باڑا | باٹا | بتاشا | بٹوا | بچارا |
| بھانجا | بدلا | برامدہ | بھتا | بلبلا | بنجارا | بھرتا |
| بنگلا | بچکانا | بگولا | بھٹا | بنگلا | بھروسا | بھیجا |
| بیڑا | بھوسا | | | | | |
| پلندا | پلیا | پیسا | پٹکا | پُرسا | پسینا | پلا |
| پانسا | پوٹا | پارا | پپیتا | پتا | پٹاخا | پٹارا |
| ٹکا | ٹکیا | ٹوٹکا | تھانا | ٹانکا | ٹخنا | ٹولا |
| ٹھپا | ٹپکا | جانگیا | جتھا | جھروکا | چارا | چبوترا |
| چکما | چلا | چونا | چھاپا | | | |
| دوپٹا | دلاسا | دلیا | دوسا | دھاگا | دھبا | دہریا |
| ڈاکیا | ڈبا | ڈبیا | ڈراما | ڈلیا | ڈونگا | ڈھانچا |
| ڈھکوسلا | راجا | رایتا | ردا | رکشا | زنخا | زردا |
| سلفا | سلما | سمجھوتا | سموسا | شہدا | | |
| کٹورا | کٹہرا | صافا | غبارا | کاکا | کانا | کرم |
| کھاجا | کیلا | کموڈیا | کمرا | کھاتا | کیمرا | کیوڑا |
| گھونسا | گھونسلا | گتا | گملا | | | |

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



②

بہت سے لفظ ایسے بھی ہیں جو دراصل عربی یا فارسی کے ہیں مگر اُردو میں آ کر ان کی شکل صورت ذرا بدل گئی ہے۔ ایسے سب لفظوں کو الف ہی سے لکھا جائے گا جیسے ایک لفظ ہے ''نصیب'' یہ عربی سے آیا ہے۔ اُردو میں اسی سے ''نصیبا'' بنا ہے۔ ایسے کچھ لفظ یہ ہیں:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| خرچا | خاکا | بسترا | بعضا | پُرسا | پسندا | نشیلا |
| نقشا | بدلا | زنخا | نفرا | جگرا | اِکا | |

ایسے مرکب لفظوں کے آخر میں بھی الف آئے گا جو اُردو میں بنے ہیں، خواہ اُن کا ایک جز عربی فارسی کا ہو، یا دونوں جز عربی فارسی کے ہوں۔ ایسے کچھ لفظ یہ ہیں:

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| آب خورا | اٹھائی گیرا | اولا بدلا | امام باڑا | اک منزلا | بے سُرا | بے پیرا |
| بے استادا | بے اصولا | بے صبرا | بے فکرا | بے مرشدا | بے وارثا | بے غرضا |
| جوشیلا | چوراہا | چوطرفا | دوپٹا | دورُخا | دونسلا | دومنزلا |
| دورنگا | دوفصلا | شکرپارا | شیخی خورا | شکر خورا | صبح خیزیا | کم ہمتا |
| کپڑ التا | میل خورا | ناشکرا | ندیدا | نودولتا | نوگزا | نمک پارا |

# مقامات کے نام

کچھ مقامات کے نام ''ہ'' سے لکھے جاتے ہیں، جیسے:

چکلالہ، نوشہرہ، ہنزہ، وغیرہ۔

ان کو اِسی طرح لکھا جاتا رہے گا' یہ خاص نام ہیں۔ لیکن یہ خیال رکھنا چاہیے کہ خاص خاص اور مشہور مقامات کے علاوہ چھوٹے چھوٹے اور کم معروف ناموں کو الف سے ہی لکھنا بہتر ہوگا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ہندی کے چند الفاظ

ہندی سے آئے ہوئے کچھ لفظ ایسے ہیں جو کبھی کبھی اُردو کی تحریروں میں، خاص طور پر اخباروں میں آ جاتے ہیں۔ بعض کم، بعض کچھ زیادہ۔ اِن کی صورت یہ ہے کہ اگر ان کو الف کے ساتھ لکھا جائے تو تلفظ بگڑ جائے گا۔ جیسے مشہور بنگالی فلم ڈائریکٹر کا نام ''سیتہ جیت رے'' ہے۔ اِس کو اگر ''ستیا جیت'' لکھا جائے تو لفظ بھی اجنبی لگے گا اور تلفظ میں بھی بگاڑ پیدا ہو جائے گا۔

ایسے لفظوں میں ''ی'' سے پہلے جو حرف ہوتا ہے آواز اس پر جھٹکا کھاتی ہے اور اِس طرح ''ی'' پر آواز کا دباؤ بہت کم ہوتا ہے اور اِس بنا پر ہائے مختفی کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ ایسے لفظوں کو ہائے مختفی کے ساتھ لکھا جائے گا اور یہ استثنا ہو گا۔ خیال رہے ایسے الفاظ بہت کم ہیں اور لفظوں کو اُن پر قیاس نہیں کیا جا سکتا۔

اُردو کا ایک لفظ بھی اِسی فہرست میں آتا ہے اور یہ ہے ''پر'' کا مخفف ''پہ'' جیسے:

اُس پہ بن جائے کچھ ایسی کہ بن آئے نہ بنے۔

یا جیسے: گو واں نہیں، پہ واں کے نکالے ہوئے تو ہیں۔ اِس کو بھی اِسی طرح (پہ) لکھا جائے گا اور اِس کا شمار بھی مستثنا لفظوں میں ہو گا۔

# عربی کے کچھ الفاظ

عربی کے کچھ لفظ ایسے ہیں جن میں الف لکھا نہیں جاتا، مگر پڑھا جاتا ہے، جیسے: رحمٰن۔ ایسے سب لفظوں کو اب الف کے ساتھ لکھنا چاہیے۔ ایسے چند لفظ یہ ہیں:

اسحاق، اسماعیل، رحمان، زکات، سلیمان، صلات، لقمان، مشکات، یاسین

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## لفظ "اللہ"

لفظ "اللہ" ایک خاص طرح سے لکھا جاتا ہے۔ اس میں دو لام ہیں۔ ایک لام تو نمایاں ہوتا ہے، مگر دوسرے لام کی جگہ ایک شوشہ سا آتا ہے۔ یہ خاص نام ہے اور اس کی یہی صورت متعارف ہے۔

اِس کو اِسی طرح لکھنا چاہیے، اسی کی ایک صورت "للہ" ہے (نسخ میں اس کو للہ لکھا جائے گا) کہا جاتا ہے کہ "للہ" تم یہ کام نہ کرو۔ اِس میں دو لام ہیں ایک نمایاں اور دوسرا شوشے کی صورت میں۔ اچھا یہ ہوگا کہ "اللہ" کو نستعلیق کے مطابق اِسی طرح لکھا جائے اور اُلجھن سے بچانے کے لیے "للہ" کو نسخ میں "لِلہ" لکھا جائے اور پہلے لام پر زیر بھی لگا دیا جائے۔ اِس سے اشتباہ ختم ہو جائے گا۔

"اللہ" کی طرح الٰہ بھی الف کے بغیر لکھا جاتا ہے، اسی سے "الٰہی" بنتا ہے۔ ان دونوں لفظوں کی یہ نہایت مانوس صورت ہے۔ اِس لیے اِن کو بھی اِسی طرح لکھنا چاہیے۔

اِسی ذیل میں ایک اور لفظ بھی آتا ہے، وہ ہے "لہٰذا"، یہ لفظ استعمال میں آتا رہتا ہے اور اِسی طرح لکھا جاتا رہا ہے۔ اِس کو بھی اِسی طرح لکھنا چاہیے۔

اب ایسے مستثنا لفظ یہ ہوئے:

اللہ، للہ، الٰہ (الٰہ آباد)، الٰہی (الٰہیات)، لہٰذا۔

## لکھنے میں "ی" پڑھنے میں "الف"

عربی میں ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ لفظ کے آخر میں "ی" لکھی جاتی ہے۔ مگر پڑھنے میں الف آتا ہے، جیسے: اعلیٰ۔ ایسے سب لفظوں کے آخر میں اُردو کے قاعدے مطابق "الف" لکھنا چاہیے۔ ایسے کچھ لفظوں کو اُردو میں "الف" کے ساتھ لکھا بھی جاتا ہے، مثلاً:

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اب مولیٰ کی جگہ عام طور پر مولا لکھا جاتا ہے۔ ایسے سب لفظوں کو اب اُردو میں ''الف'' کے ساتھ لکھنا چاہیے۔ ایسے لفظوں کی فہرست یہ ہے:

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ادنا، | اعلا، | اقصا، | اَولا، | تقوا، | تولا، | سلما، |
| شورا، | صغرا، | طوبا، | عُقبا، | عزا (لات وعزا)، | عُظما، | |
| فتوا، | قُوا، | کُبرا | کِسرا، | لیلا، | ماجرا، | ماوا، |
| متبنا، | مجتبا، | مجلّا، | مدعا، | مربا، | مرتضا، | مستثنا، |
| مسما، | مصطفا، | مصفا، | مصلا، | معلا، | معما، | مقفا، |
| منقا، | مولا، | نصارا، | ہُدا، | ہیولا۔ | | |

## تین لفظ اور ہیں:

عیسٰا، موسٰا، یحیٰا۔

یہ خاص نام ہیں۔ ان کو بھی کسی تکلف کے بغیر الف کے ساتھ لکھا جا سکتا ہے۔ ''عیسائی'' اور ''موسائی'' میں تو ''الف'' آ ہی جاتا ہے۔ پھر بھی کچھ لوگ ان کو پرانے طریقے کے مطابق لکھنا چاہیں تو اس پر اعتراض نہیں کرنا چاہیے۔ اگر چہ اچھا یہی ہو گا کہ ایسے اور الفاظ کی طرح، ان تینوں لفظوں کو بھی ''الف'' کے ساتھ لکھا جائے۔

بدرالدجا، شمس الہدا، نورالہدا، شمس الضحا؛ نام ہیں عربی کے قاعدے سے تو ''بدرالدجیٰ'' لکھنا چاہیے۔ مگر اُردو میں اِن کو سادہ طور پر ''الف'' کے ساتھ ہی لکھنا چاہیے۔

مولانا، علاحدہ، علاحدگی۔

اِن تینوں لفظوں کو بھی اِسی طرح لکھنا چاہیے۔ اِن کا پرانا اِملا'' مولٰینا، علٰیحدہ، علٰیحدگی'' ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**فائدہ:**

عربی کے جملوں اور عبارتوں کو عربی کے مطابق لکھا جائے گا۔ اچھا یہ ہوگا کہ عربی کے ایسے ٹکڑوں کو خطِ نسخ میں لکھا جائے، تاکہ وہ ممتاز رہیں۔ عربی کے کئی دعائیہ جملے اُردو میں مستعمل ہیں، جیسے: رحمتہ اللہ علیہ، وغیرہ۔

علیٰ، حتیٰ، الیٰ۔

عربی کے تین کلمے ترکیب کی صورت میں اُردو میں مستعمل ہیں۔ یہ ٹھیک ہے کہ ایسی ترکیبیں اور ان کا استعمال دونوں محدود ہیں۔ مگر بہ ہر طور کبھی کبھی اِن کو استعمال ضرور کیا جاتا ہے۔ ایسے مقامات پر اِن مرکبات کی اصل صورت کو برقرار رکھا جائے گا اور اِن کو عربی کے مطابق ہی لکھا جائے گا۔ ایسے کچھ مرکبات یہ ہیں:

| | |
|---|---|
| علی الصباح، | حتی الوسیع |
| علی الخصوص، | علی الحساب، |
| علی الا طلاق، | علی الترتیب، |
| علی الاتصال، | علی الاعلان، |
| علی التواتر، | علی الدوام، |
| علیٰ ھذا القیاس، | علی سبیل التعین، |
| علیٰ وجہ البصیرت، | علیٰ وجہ لکمال، |
| حتی الامکان، | حتی المقدور، |

اِن سب اجزا کو اسی طرح لکھا جائے گا۔ اِس کا خیال رکھا جاسکتا ہے کہ امکان بھر ایسے ٹکڑوں کو عبارت میں نہ لایا جائے۔ یہ کچھ مشکل نہیں، مثلاً:

''حتی المقدور'' کی جگہ بہ آسانی ''مقدور بھر'' لکھا جاسکتا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# متفرق الفاظ

درج ذیل الفاظ کے آخر میں ''الف'' ہے۔ان کو کچھ لوگ ''ہ'' سے بھی لکھ دیا کرتے ہیں ۔ یہ غلط ہے ان کے آخر میں ہمیشہ الف آئے گا۔

حلوا، خُرما، سقا، شوربا، عاشورا، قورما، معما،
الغوزا، الجبرا، بقایا، تماشا، تقا، تمغا، چغا،
مربا، ناشتا، ملغوبا۔

''طالب'' کی جمع ''طلبہ'' ہے اس کو ''طلبا'' نہیں لکھنا چاہیے۔ مثلاً:

''درجہ پنجم کے طلبہ نے یہ فیصلہ کیا ہے۔''

اِس کو اِس طرح لکھنا کہ ''درجہ پنجم کے طلبا نے فیصلہ کیا ہے'' غلط ہوگا۔

اِسی طرح صوفی کی جمع صوفیہ ہے۔ جیسے: ''صوفیہ کرام نے کہا ہے'' اِس کو صوفیا لکھنا ٹھیک نہیں ہے۔ اِسی طرح ''دوا'' کی جمع ''ادویہ'' ہے البتہ ''عزیز'' کی جمع ''اعزہ'' بھی ہے اور ''اعزا'' بھی۔ اِس کو دونوں طرح لکھا جا سکتا ہے۔

چند الفاظ ایسے بھی ہیں جو ایک معنی میں ''الف'' سے اور ایک معنی میں ''ہ'' سے صحیح ہیں ۔ اس کا لحاظ رکھنا چاہیے کہ جملے میں صحیح لفظ کو استعمال کیا جائے ۔ بے احتیاطی کی وجہ سے معنی بدل سکتے ہیں اور ختم بھی ہو سکتے ہیں یعنی یہ ہوسکتا ہے کہ غلط اِملا کے سبب معنی ہی چوپٹ ہو جائیں ایسے خاص خاص لفظ یہ ہیں:

آسیا: چکی۔ آسیہ: فرعون کی بی بی کا نام۔

پارا: جسے فارسی میں ''سیماب'' کہتے ہیں۔ پارہ: ٹکڑا۔

چارا: جانوروں کی خوراک کے کام آتا ہے۔ چارہ: تدبیر

خاصا: جیسے اچھا خاصا۔ خاصہ: وہ نفیس چیز جو بادشاہوں یا امرا کے لائق ہو۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دانا: عقل مند، جاننے والا۔ | دانہ: جیسے آب ودانہ۔
سایا: ایک معروف پوشاک۔ | سایہ: جیسے دیوار کا سایہ۔
شیوا: فصیح وبلیغ۔ | شیوہ: ناز وکرشمہ، طرز وروش وغیرہ۔
زہرا: حضرت فاطمہؓ کا لقب۔ | زہرہ: ایک مشہور ستارے کا نام۔
لالا: روشن، چمک دار موتی کی صفت۔ | لالہ: مشہور پھول۔
میانا: ایک طرح کی پالکی۔ | میانہ: جیسے: میانہ قد، میانہ روی۔
نالا: ندی نالا | نالہ: نالہ وفریاد

نا: تاکید کے لیے، جیسے کھاؤ نا، دیکھو نا۔ جیسے ہم تم کو کہتے تھے نا، اب دیکھا روپے مل گئے نا۔

نہ: نفی کے لیے، جیسے نہ کرو، نہ جاؤ۔

اِسی قسم کے دو اور لفظ بھی ہیں: اَش اَش اور لال اور لعل۔

اَش اَش: اَش اَش کرنا یا اَش اَش کر اُٹھنا، اِسی سے بنتے ہیں اس میں دونوں جگہ الف ہے اِس کو ''ع'' سے ''عش عش'' لکھنا صحیح نہیں ہے۔

## لال:

مشہور رنگ، ایک چھوٹا سا خوب صورت پرندہ۔ بیٹے اور لڑکے کے معنی میں بھی آتا ہے۔ ایک اور لفظ ہے لعل اب اِن دونوں لفظوں کے استعمال میں اِس طرح امتیاز کرنا چاہیے کہ رنگ، پرندے اور لڑکے کے معنوں میں لال لکھنا چاہیے۔ جیسے:

میرے لال، لال رنگ، لال اُڑ گئے، اور مشہور قیمتی پتھر کے معنی میں ''لعل'' لکھنا چاہیے، جیسے:

لعل وگوہر، لبِ لعلین، لعلِ لب

ناموں میں ''لال'' لکھنا چاہیے، جیسے:

لال خان، لال دین، موتی لال،
لال بہادر، لال شاہ، لال محمد۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# حروفِ قمری و شمسی

ایسے مرکب لفظ اُردو میں اچھی خاصی تعداد میں موجود ہیں جنھوں نے عربی قاعدے کے مطابق ''الف لام'' کے ساتھ ترکیب پائی ہے، جیسے: عظیم الشان، اختر الایمان۔

ایسے مرکب لفظوں کی دو صورتیں ہیں۔ کچھ لفظوں میں الف اور لام دونوں تلفظ میں نہیں آتے۔ جیسے عظیم الشان (عظیم۔ال۔شان) اور کچھ مرکبات میں لام شامل تلفظ رہتا ہے۔ جیسے شمس الہدا (شمس۔ال۔ہدا)۔

الف لام کی ترکیب کے لحاظ سے حروف تہجی کی دو قسمیں کی گئی ہیں۔

① حروفِ شمسی

② حروفِ قمری

**حروفِ شمسی**، وہ حروف ہیں کہ اِن سے پہلے جب ''الف لام'' آتا ہے تو ''لام'' تلفظ میں شامل نہیں ہوتا۔ یہ حرف ہیں:

ت، ث، د، ذ، ر، ز، س، ش

ص، ض، ط، ظ، ل، ن۔

جیسے: بالترتیب، مسیح الزماں، عبدالسمیع۔

**حروفِ قمری**، وہ حرف جن سے پہلے اگر ''الف لام'' آتا ہے تو ''لام'' تلفظ میں شامل رہتا ہے۔ یہ حرف ہیں:

ب، ج، ح، خ، ع، غ، ف، ق،

ک، م، و، ہ، ی۔

جیسے: عبدالغفور، عبدالرشید، عبدالجبار۔

مناسب یہ ہوگا کہ نصابی کتابوں میں ایسے مرکب لفظوں میں ''لام'' اگر ساکن ہو تو اس

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یہ جزم لگا دیا جائے اور ''الف'' سے پہلے والے حرف پر زبر زیر جو بھی ہو، اِس کو لگا دیا جائے، جیسے: ملک الموت اور جن لفظوں میں ''الف'' اور ''لام'' دونوں خاموش حروف کے طور پر آتے ہیں اِن میں ''الف'' سے پہلے حرف پر اس کی حرکت کو واضح کیا جائے اور ''لام'' کے بعد جو حرف ہو اُس پر تشدید لگائی جائے جیسے: بالترتیب، والشّمس۔

ہاں، ایک لفظ ہے: انا الحق، یہ عربی کا ٹکڑا ہے۔ مگر اُردو میں مستعمل ہے اِس میں دو ''الف'' یک جا ہیں اور ایک لفظ ''انا'' کے آخر میں ہے۔ جو اِس لفظ کا جز ہے اور دوسرا ''الف'' ''الحق'' کے شروع میں ہے۔ جلدی میں کبھی اِس کو ''انالحق'' لکھ دیا جاتا ہے۔ یہ ٹھیک نہیں ہے۔ اِسی طرح ''عبداللطیف'' کو کبھی ''عبدالطیف'' لکھ دیا جاتا ہے۔ یہ بھی ٹھیک نہیں۔ اِس میں ''عبد'' اور ''لطیف'' کے بیچ میں ''الف لام'' ترکیب ہے (عبدُ۔ال۔لطیف)۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ت، ۃ

①

عرب میں ''ت'' کے دو صورتیں ہیں۔ ''ت'' اور ''ۃ'' اِسی لیے آپ نے دیکھا ہوگا کہ بعض لفظوں کے آخر میں گول ''تے'' لکھی ہوئی ملتی ہے۔ جیسے: صلوۃ

لیکن یہ طے شدہ قاعدہ ہے کہ عربی کی ''ۃ'' کو اُردو میں ہمیشہ ''ت'' لکھا جائے گا۔ لہٰذا ایسے تمام لفظوں کے آخر میں ''ت'' لکھنا چاہیے، جیسے:

رحمت اللعالمین، رومت الکبرا، صلات، مشکات،

زکات، بابت، مسمّات۔

②

عربی کا قاعدہ یہ ہے کہ جس لفظ کے آخر میں ''ت'' ہوتی ہے تو تنوین کے دو زبر اِس طرح لگائے جاتے ہیں کہ اِس ''ت'' کے بعد ''الف'' بڑھا دیتے ہیں۔ جیسے: وقتاً اور جن لفظوں کے آخر میں ''ۃ'' ہوتی ہے تو اُن میں ''الف'' کا اضافہ نہیں کیا جاتا۔ اِسی ''ۃ'' پر دو زبر لگا دیتے ہیں۔ جیسے: عادۃً، نسبتۃً۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اُردو میں اب ایک طریقہ اختیار کیا جائے گا کہ ایسے لفظوں کے آخر میں ''الف'' بڑھایا جائے گا۔ اس لیے اُردو میں صرف ایک حرف ''ت'' ہے، جیسے:

نسبتاً، حقیقتاً، مروتاً، عادتاً، ضرورتاً، سُناتیاً،

فطرتاً، قدرتاً، امانتاً۔

تنوین کا عام قاعدہ یہی ہے کہ دو زبر کے لیے لفظ کے آخر میں ''الف'' بڑھا دیا جاتا ہے۔ جیسے: اتفاق سے اتفاقاً۔

③

عورتوں کے ناموں کے آگے ''ن'' لکھا جائے گا۔ جیسے:

سلیمن، کریمن، تمیزن، شبراتن، عظیمن، وغیرہ۔

یہاں تنوین کا کچھ کام نہیں یعنی ''سلیماً'' غلط املا ہوگا۔ صحیح اِملا ''سلیمن'' ہوگا۔

④

کچھ لفظ ایسے ہیں جن کو کبھی ''ت'' سے لکھا جاتا ہے اور کبھی ''ط'' سے ان کی صرف ایک لکھاوٹ کو اختیار کرنا چاہیے اور ان سب کو ''ت'' سے لکھنا چاہیے۔

زیادہ استعمال ہونے والے لفظ یہ ہیں:

تپش، تشت، تشتری، تمانچا، تنبورہ، توطا، تویتا،

تہران، تیار، تیاری، غلتاں، ناتا۔

''طوطا'' اور ''طوطیا'' غلط اِملا ہوگا۔ صحیح اِملا ہوگا: ''توتا'' اور ''توتیا''۔ ایک لفظ ہے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''تلاطم''۔ اِس میں پہلا حرف ''ت'' ہے اور چوتھا حرف ''ط'' ہے۔ اِس کو کبھی ''طلاطم'' بھی لکھ دیا جاتا ہے۔ یہ ٹھیک نہیں۔ اِس کا صحیح اِملا ''تلاطم'' ہے۔

اس کا خیال رہے کہ ''ط'' سے ''طیار'' کے معنی ہیں: اُڑنے والا۔ اِسی سے ''طیارہ'' بنتا ہے ہوائی جہاز کے معنی میں۔ آمادہ، مستعد، تندرست وغیرہ کے معنوں میں، تیار لکھنا چاہیے۔ جیسے میں بازار جانے کے لیے تیار ہوں۔ سفر کی تیاری، وغیرہ۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ذ، ز، ژ

①

''ذ'' اور ''ز'' ان دونوں حرفوں کے سلسلے میں املا کی بہت غلطیاں ہوا کرتی ہیں۔ کبھی کبھی تو لفظ کے معنی ہی بدل جاتے ہیں۔ جیسے ایک لفظ ہے ''گزارش'' اس کے معنی ہیں پیش کرنا عرض کرنا، کہتے نہیں ہیں کہ میں آپ کی خدمت میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں۔ اگر اس کو ''ذال'' سے ''گذارش'' لکھا جائے تو یہ دوسرا لفظ بن جائے گا جس کے معنی ہوں گے: چھوڑنا، یا جیسے ''آذر'' کے معنی ہیں آگ اور ''آزر'' نام تھا ابراہیمؑ کے چچا یا والد کا۔ اِسی سے ''بتانِ آزاری'' بنتا ہے۔ ان دونوں حرفوں کے لکھنے میں بہت احتیاط کرنا چاہیے۔

آزر: حضرت ابراہیمؑ کے والد یا چچا کا نام۔ اس میں ''زے'' ہے۔

زرتشت: آتش پرستوں کے پیغمبر کا نام۔

زکریاؑ: مشہور پیغمبر

آزوقہ: تھوڑی سی غذا

جزر: جزر و مد، جس کے معنی ہیں: جوار بھاٹا، اُتار چڑھاؤ۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



درج بالا تمام لفظوں میں ''زے'' ہے۔اب وہ لفظ لکھے جا رہے ہیں جن میں ''ذال'' ہے۔

آذر: آگ۔

آذر پرست: آتش پرست۔

آذر کدہ: آتش کدے کو کہیں گے۔

آذربایجان: ایک شہر کا نام

جذب: اِسی سے جاذب بنتا ہے۔جس کے معنی ہیں ''سیاہی چوس''۔
مجذوب جذبہ، جذبات، سب اِسی سے بنے ہیں۔

ابوذرؓ ایک مشہور صحابی کا نام۔

ذیابیطس: ایک بیماری کا نام۔

ذی: جیسے: ذی الشان، ذی علم، ذی فہم۔

بذلہ: لطیفہ، چٹکلا، مرغوب بات۔

ذرا: یہ ''ذرہ'' سے بنا ہے جیسے: ذرا سی بات۔

نذیر: یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام ہے۔احمد، محمد، حسن، حسین علی وغیرہ ناموں کے ساتھ ہمیشہ نذیر آئے گا۔جیسے:
نذیر احمد، نذیر حسن، نذیر محمد، وغیرہ۔
ایک دوسرا لفظ ہے ''نظیر'' اس کے معنی ہیں: مثل، طرح۔اِسی سے ''بےنظیر'' بنتا ہے۔جس کے معنی ہیں ''بےمثل''۔تخلص کے طور پر نظیر آتا ہے جیسے ''نظیر اکبرآبادی''۔بےنظیر نام بھی ہے۔عورتوں کا نام ''نذیرن'' بھی ہوسکتا ہے اور ''نظیرن'' بھی۔مگر اچھا یہ ہو گا کہ ''نذیرن'' لکھا جائے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نذر: نذر، نذرانہ، نذر نیاز، نذر ماننا، نذر چڑھانا، نذر کرنا۔ ان سب میں نذر ہے۔ ایک اور لفظ ہے ''نظر''، ''نظر گزار'' میں یہ آتا ہے، اور ''نظری'' کے معنی ہیں وہ چیز جو نا منظور کر دی گئی ہو۔

جذر: علم حساب کی ایک اصطلاح ہے۔

جذام: کوڑھ۔ جذامی، کوڑھی۔

رذیل: رذالت، رذالا، ارذل: سب سے ''ذال'' ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# فارسی کے مصدر

فارسی کے پانچ مصدر ہیں:

گذشتن، گذاشتن، گذاردن، پذیرفتن،

گزاردن۔

شروع کے چار مصدروں میں ''ذال'' ہے اور آخری مصدر میں ''زے'' ہے۔ ان سے جو لفظ بنتے ہیں ان کے لکھنے میں اکثر غلطیاں دیکھنے میں آتی ہیں۔

گذشتن، گذاشتن، گذاردن۔ یہ تینوں مصدر ایک گروپ کے ہیں۔ ان سے جتنے لفظ بنیں گے۔ اُن سب کو ہمیشہ ''ذال'' سے لکھا جائے گا۔ جیسے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| گذشتہ، | یارانِ گذشتہ، | زمانۂ گزشتہ، | گذشتگان، |
| رفت وگذشت، | سرگذشت، | واگذاشت، | گذرگاہ، |
| راہ گذر، | درگزر، | راہ گزار، | نیزہ گذار، |
| گذراں، | عمرِ گذران، | گذار۔ | |

یہ بات یاد رکھنا ضروری ہے کہ چلنے، چھوڑنے اور پار کر دینے کے معنی میں گذاردن، گذاشتن، گذشتن کو اور ان کے مشتقات کو ''ذال'' سے لکھا جائے گا ''گذشتہ'' کے معنی ہیں گزرا ہوا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یارانِ گزشتہ: وہ دوست جو اِس دنیا سے جا چکے ہیں۔

سرگذشت: گزری ہوئی باتیں، روداد۔

راہ گذر: راستہ۔

عمرِ گزاراں: گزرتی ہوئی عمر۔

گذرگاہ: راستہ، گزرنے کی جگہ۔

بیٹھے ہیں دل کے بیچنے والے ہزار ہا
گزری ہے اُس کی راہ گذر پر لگی ہوئی

''گزاردن'' کو جب ''زے'' سے لکھا جائے گا تو اِس کے معنی ہوں گے: پیش کرنا، ادا کرنا۔ اِس سے جتنے لفظ بنیں گے اُن کو لازماً ''زے'' سے لکھا جائے گا۔ جیسے:

گزارش، نمازگزار، تہجدگزار، خدمت گزار، مال گزار، شکرگزار۔

''گزارش'' کے معنی ہیں: عرض کرنا، پیش کرنا۔ درخواستوں میں یہ لفظ اکثر لکھا جاتا ہے۔ اِس کو اگر ''گذارش'' لکھا جائے تو پھر اِس کے معانی ہیں ''چھوڑنا''۔ یعنی لفظ ہی بدل جائے گا۔'' اِسی طرح ''نمازگزار'' کے معنی ہوں گے۔ نماز پڑھنے والا اور اِسی کو اگر ''نمازگذار'' لکھا جائے تو اِس کے معنی ہوں گے نماز چھوڑنے والا۔

منظور ہے گزارشِ احوالِ واقعی
اپنا بیانِ حسنِ طبیعت نہیں مجھے

''پذیرفتن'' کے معنی ہیں: قبول کرنا۔ اِس میں ''ذال'' ہے۔ اس سے بننے والے سب لفظوں کو ''ذال'' سے لکھا جائے گا جیسے:

پذیرفتہ، پذیرا، پذیرائی، دل پذیر، اثرپذیر، خلل پذیر۔

اُردو کے مصدر گزرنا، گزارنا اور گزارنا؛ سب میں ''زے'' ہے۔ اِن سے جتنے لفظ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بنیں گے سب میں لازماً "زے" لکھی جائے گی جیسے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| گزرا، | گزرا ہوا، | گزر گیا، | گزرتے رہنا، |
| گزار دینا، | گزار لینا، | گزارا، | گزر بسر، |
| گزار دینا، | گزرتے رہنا۔ | | |

①

ایک لفظ ہے "اِزدِحام" اِس کو کبھی "ازدہام" کبھی "اژدحام" اور کبھی "اژدہام" بھی لکھا جاتا ہے۔ یہ سب غلط صورتیں ہیں۔ صحیح صورت ہے "اِزدحام۔"

رضائی: اِس کو دو طرح لکھا جاتا ہے۔ رزائی، رضائی۔ زیادہ مستعمل صورت "رضائی" ہے اور اب اسی کو ترجیح دینا چاہیے۔

②

"ژ" فارسی کا خاص حرف ہے۔ مگر یہ اور بہت سے لفظوں میں بھی آتا ہے۔ فارسی کا ایک لفظ ہے "نژاد"۔ جیسے: حور نژاد۔ اس کو "نزاد" لکھنا ٹھیک نہیں ہے۔

دیکھ آتشا کہ ایک حور نژاد
ہے کھڑی دوں کو چق کی اوٹ کھڑی

| | | |
|---|---|---|
| ٹیلی ویژن، | اژدھات، | پژمردہ، ژالہ |
| ژولیدہ، | مژہ، | مژگاں۔ |

اِن سب لفظوں میں "ژ" ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# س، ش، ص، ک

①

''س'' اور ''ش'' دندانے دار اور کشش دار میں کچھ فرق نہیں۔ دونوں صورتیں یکساں ہیں۔ کون سی صورت کہاں پر اختیار کی جائے؟ اس کا تعلق اصل میں اِس سے ہے یا ہونا چاہیے کہ لکھنے میں جلدی اور پڑھنے میں آسانی اور پھر یہ کہ خوش نمائی کا تقاضا کیا ہے۔

''س'' کے بعد ایک یا ایک سے زیادہ حرف آئیں جن کو شوشے سے ظاہر کیا جائے تو اس صورت میں اچھا یہ ہوگا کہ دندانے دار ''س'' یا ''ش'' کے بجائے کشش دار ''س'' یا ''ش'' بنایا جائے۔ اس طرح شوشوں کا ہجوم بھی نہیں ہوگا اور غلط نویسی کا امکان کم ہو جائے گا۔ جیسے: سننا، یاسین۔

اگر دو ''س'' یک جا ہوں۔ اس صورت میں مناسب یہ ہوگا کہ پہلے ''س'' کو کشش دار بنایا جائے اور دوسرا دندانے دار۔ جیسے: سسرال۔

اگر ''ش'' اور ''س'' یک جا ہوں تو اچھا ہوگا کہ ''ش'' کو کشش دار اور ''س'' کو دندانے دار بنایا جائے۔ ہاں لفظ کے متصل ٹکڑوں میں اگر یہ یک جا ہوں اِس صورت میں دونوں کو کشش دار لکھنا کچھ بے جا نہ ہوگا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یہ دیکھا جاتا ہے کہ دندانے دار ''س'' جب لفظ کے شروع یا درمیان میں آتا ہے تو جلدی یا بے پروائی کی وجہ سے کبھی کبھی اِس کا ایک دندانہ غائب ہو جاتا ہے۔ اگر دندانے دار ''س'' لکھا جائے تو اِس کا ضرور لحاظ رکھنا چاہیے۔

②

قفس: اِس کا اِملا ''قفس'' اور ''قفص'' دونوں طرح درست ہے۔ مگر اب عام طور پر ''قفس'' لکھا جاتا ہے اور اسی طرح لکھنا چاہیے۔

قسائی: ''قصاب'' میں ''ص'' ہے اور ''قسائی'' کو ''س'' سے لکھا جائے گا۔

مسالا: اس کا پُرانا اِملا ''مصالح'' ہے۔ دہلی والے اِسی طرح لکھتے تھے۔ فارسی میں بھی یہی اِملا ہے، مگر اب اُردو میں ''مسالا'' لکھا جاتا ہے اور اسی طرح لکھنا چاہیے۔

مِسل: جیسے: مقدمے کی مسل۔ کچھ لوگ اِس کو ''مثل'' بھی لکھتے ہیں۔ ''سمن'' اور ''مسل'' ان دونوں لفظوں میں ''س'' ہی لکھنا چاہیے۔

③

ص (اِسی طرح ض) کے سلسلے میں یہ بات خاص طور پر ذہن میں رہنا چاہیے کہ شوشہ اِس کا جُز ہے۔ شوشے کے بغیر یہ مکمل نہیں ہوگا۔ لفظ کے شروع یا درمیان میں جب یہ حرف آئے تو اِس کا خیال رکھنا چاہیے کہ شوشہ نہ چھوٹ جائے، جیسے: صبا، صیاد، صبح۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ن

①

ایسے بہت سے مصدر ہیں جن میں دو ''نون'' یک جا ہیں۔ جیسے:

بُننا، بَننا، ماننا، جاننا، تاننا، بھوننا وغیرہ۔

اِن میں پہلا ''نون'' اصل لفظ یا مادے کا جز ہوتا ہے اور دوسرا ''نون'' مصدر کی علامت ''نا'' کا ہوتا ہے۔ (بُن + نا = بُننا) ایسے مصادر میں ہمیشہ دو ''نون'' لکھنا چاہیے۔ اِن کو ''بنا'' یا ''بھنا'' وغیر لکھنا صحیح نہیں ہوگا۔ محرف صورت میں بھی دو ''نون'' لکھے جائیں گے۔ جیسے سننے میں، ماننے پر، چھیننے تک، بننے کے لیے۔ پہنچاننے پر وغیرہ۔

یہ قاعدہ ہے کہ اگر لفظ دو کلموں سے مرکب ہے اور پہلے کلمے کا آخری حرف اور دوسرے کلمے کا پہلا حرف ہم جنس ہوں تو اِس صورت میں وہ حرف دو بار لکھا جائے گا۔ اِس میں ''ن'' کی قید نہیں۔ کوئی حرف ہو جیسے:

اُس سے، جن نے، اُن کو، اُسے، اُنے۔

لکھنا صحیح نہیں ہوگا کیوں کہ یہ سب دو کلموں سے مرکب ہیں۔ اگر ایک لفظ میں فصل

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے بغیر کسی حرف کی تکرار ہو، اس صورت میں ایک حرف لکھا جائے گا اور اُس پر تشدید آئے گی، جیسے:

پنا، گنا، بُدھن، مُنن، لذت۔

''چھننا'' مصدر ہے جو ''چھن'' اور ''نا'' سے بنا ہے۔ اس لیے اس میں دو ''نون'' لکھے جائیں گے۔ اس کے مقابلے میں ایک اسم ہے ''چھنا'' جس کی تانیث ''چھنی'' ہے۔ یہ ایک کلمہ ہے۔ اس لیے اس میں ''نون'' مشدد ہوگا۔

②

عربی یا فارسی کے کسی لفظ میں ساکن ''نون'' کے بعد ''ب'' ہو تو اُس ''نون'' کی آواز ''م'' کی آواز میں بدل جاتی ہے۔ یعنی لکھا تو ''ن'' جاتا ہے۔ مگر پڑھنے میں ''م'' آتا ہے جیسے:

منبر، منبع، گنبد، جنبش، تنبیہ، انبار، انبساط،
زنبیل، سُنبل، شنبہ۔

یہ قاعدہ فارسی اور عربی الفاظ کے لیے ہے۔ ہندی، انگریزی وغیرہ کے سب لفظوں میں ایسے مقامات پر ہمیشہ ''م'' ہی لکھا جائے گا جیسے:

اچمبھا، امبر، امبیسی، امبولنس، بمبا، تمباکو، جمبو،
چمپا، چمپئی، چمبل، ڈمبر، رمبھا، زمبیا، زمبور (اوزار)
ستمبر، کھمبا، کمبل، کمبوہ، کمبوڈیا، کمپنی، لمبا،
ممبا سا، مزمبیق، ممبر، نمبر۔

③

منہ، مینہ، مُنہنال، منہدی، منہگا، مولا، لہنگا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ان سب لفظوں میں ''نون، ہ'' سے پہلے لکھا جائے گا۔ جس طرح ''منہ'' میں ''ن، ہ'' سے پہلے ہے۔ اُسی طرح ''منہدی'' میں ہے، یہی صورت دوسرے لفظوں کی ہے۔

''بانہہ'' کی جمع ''بانہیں'' ہے۔ اس کو ''باہیں'' لکھنا ٹھیک نہیں۔

''سنہ'' کو ''سِن'' لکھنا غلط ہے۔ جیسے ''1947ء'' اس کو ''سن 1947ء'' یا ''سن سنتالیس'' لکھنا درست نہیں۔ سال کے معنی میں ''سنہ'' ہے جب اس پر عدد لکھے جاتے ہیں تو ''ن'' کا نقطہ ختم ہو جاتا ہے۔ ''1947'' ویسے باقی رہے گا جیسے: ''سنہ ہجری میں یہ تاریخ کہی گئی ہے۔'' ''سن'' ایک دوسرا لفظ ہے اسی سے ''کم سن'' بنتا ہے۔ ''کم عمر'' کے معنی میں۔ میر حسن کا مشہور شعر ہے:

برس پندرہ یہ کہ سولہ کا سن
مرادوں کی رات، جوانی کے دن

(4)

منادا کے آخر میں جمع کا ''نون'' ہو تو اُس کو نہیں لکھا جاتا، جیسے: اے جوانو، دوستو!

جھوٹ کہتا نہیں میں، سچ جانو
کافرِ عشق ہوں، مسلمانو!

لفظ کے آخر میں ''نون غنہ'' ہو تو اس ''نون'' کو نقطے کے بغیر لکھا جاتا ہے۔ اسی طرح لکھنا چاہیے، جیسے: نہیں، جہاں، کہاں، جاؤں۔

کچھ لوگ ''میں نے'' کو ''مینے'' لکھا کرتے ہیں اور اس طرح ایک نون غائب ہو جایا کرتا ہے۔ یہ لکھاوٹ ٹھیک نہیں۔ دونوں لفظوں کو الگ الگ لکھنا چاہیے۔ جیسے: میں نے۔

(5)

کچھ مصدروں میں ''نونِ غنہ'' کے ہونے یا نہ ہونے کی بابت اختلافات پائے جاتے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہیں۔ مصدر میں تو ''نون'' موجود ہے اور اس پر سب کا اتفاق ہے۔ مگر اُس مصدر سے بننے والے کچھ افعال اور اسما میں اختلاف پیدا ہوگیا۔ ایسے الفاظ کی ترجیحی صورتوں کو نیچے لکھا جا رہا ہے:

بانٹنا، بانٹ (جیسے تاش کے پتوں کی بانٹ)، حصہ بانٹ، بندر بانٹ، بانٹ کھانا وغیرہ سب میں نون غنہ ہے۔ ان کو اِسی طرح لکھا جائے گا۔ تولنے کے لیے جو اُوزان کام آتے ہیں اُن کو ''باٹ'' لکھنا چاہیے۔ ''نون'' کے بغیر۔ ''باٹ'' کے ایک معنی راستہ بھی ہیں۔ اِسی سے ''بارہ باٹ'' بنتا ہے۔

''بانٹنا'' میں ''نون'' ہے۔ مگر ''بٹنا''، ''بٹانا'' اور ''بٹوانا''، ''بٹ جانا'' نون غنہ کے بغیر مستعمل ہیں۔ ان کے سارے مشتقات کی یہی صورت ہے، یعنی:

بٹنا، بٹانا، بٹورنا، بٹوارا، بٹائی، بٹوائی۔

''بٹنا'' کے معنی ہیں تقسیم ہونا۔ ''بٹنا'' ایک اور مصدر بھی ہے، جیسے: رسی بٹنا، یہ بھی نونِ غنہ کے بغیر ہے۔

بھونکنا، بھُنکنا، بھنکوانا، سوئی بھُنک گئی، چھری بھونک دی،

سب مع نونِ غنہ۔

''پوچھنا'' کی ایک پرانی صورت ''پونچھنا'' بھی ہے۔ اِسی طرح ''سوچنا'' کو پہلے ''سونچنا'' بھی لکھا جاتا تھا۔ اب بھی شاید کوئی لکھتا ہو۔ اِن دونوں مصدروں کو اب بغیر نونِ غنہ لکھنا چاہیے۔ ''پونچھنا'' صاف کرنے کے معنی ہیں۔ ایک دوسرا مصدر ہے اور اِس میں نونِ غنہ ہے۔

پھنسنا، پھنسانا، پھنسوانا۔ سب مع ''نون'' لکھے جائیں گے۔

پھونکنا، پھنکنا، پھنکوانا۔ ان میں بھی ''نونِ'' غنہ ہے۔

پھنکنا، پھینکنا، پھنکوانا، پھینک، پھانک، ٹانکنا، ٹنکانا،

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ٹنکوانا، ٹنکائی، ٹنکوائی، ٹانکا، ٹھونسنا، ٹھانسنا، ٹھُنسنا،

ٹھَنسنا، ٹھونس ٹھانس؛ سب مع نون غنہ۔

"ٹھس" ایک دوسرا لفظ ہے۔نون کے بغیر، اسی طرح ٹھساٹھس بھی نون کے بغیر ہے

ٹھونکنا، ٹھُنکنا، ٹھنکوانا؛ سب مع "نونِ" غنہ۔

خوب مارنا، زدوکوب کرنا کے معنی ہیں ٹھونکنا بغیر "نونِ" غنہ ہے۔اِسی طرح دیوار میں کیل ٹھونک دی اور میں نے آج اُسے خوب ٹھوکا۔

جانچنا، جنچنا، جنچوانا، جانچ۔

جھانکنا، جھنکوانا، جھونکنا۔

جھونک دینا، جھونک، جھونکا، نوک جھونک۔

چھانٹنا، چھنٹنا، چھنٹوانا، چھنٹائی

کاٹ چھانٹ۔

"چھٹنا" "نون" کے بغیر بھی آتا ہے جیسے: ابر چھٹ گیا اور وہ تو چھٹا ہوا لفنگا ہے۔

ڈانٹنا، ڈانٹ، ڈانٹ ڈپٹ۔

ڈھانپنا، ڈھانکنا، ڈھکنا،

"نون" کے بغیر ہے۔جیسے سر ڈھکو۔اسی سے ڈھکنا، ڈھکنی، ڈھکن، بنیں گے۔

کھینچنا، کھنچوانا، کھینچ کھانچ، اینچ کھینچ،

کھنچاو، کھنچاوٹ، سب مع "نونِ غنہ"۔

کھونسنا، کونچنا۔

گوتھنا، گُتھنا، گتھوانا، گُتھواں

سب بغیر نون غنہ۔

گانٹھنا، گانٹھ، مع نون غنہ۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



گُھنا، گُھانا، گُھوانا، بغیر نون کے ہیں۔

ان کے مرکبات بھی ''نون'' کے بغیر آئیں گے۔ جیسے:

گُھائی، گُھوتی، گُھ جانا، گُھوائی،

گھونٹنا، (جیسے گلا گھونٹنا) مع نونِ غنہ ہے۔

گھٹوانا، گھٹانا اور ''گھٹنا'' بھی ''نون'' کے بغیر آئیں گے۔ جیسے: آج کل تو خوب گُھٹ رہی ہے، سر گھٹالیا، دال گھٹوانا۔

⑥

نونِ غنہ کے جزوِ لفظ ہونے یا نا ہونے کے لحاظ سے مصدروں کی طرح کچھ لفظوں میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے اور کچھ لفظ ایسے ہیں جن میں غلطی سے ''نون'' کو شامل کر دیا جاتا ہے یا اس کے برعکس ہوتا ہے۔ ایسے ضروری لفظوں کی ان صورتوں کو نیچے لکھا جا رہا ہے۔ جن کو اختیار کرنا چاہیے:

گھاس، گھسیارا، کوپل، سپیرا، سنپولا، سنپولیا، پانسا،

بھوپکا، مجیرا، چوچلا، رُوانسا، سماں، منجھولا، منجھولی،

مانجھی، گھونسا، گروی، کیچوا، کنوارا، کنواری، منجدھار،

موچھ، کینچلی، جھونک، جھونکا، جھونپڑا، جھونپڑی۔

ایک لفظ ہے۔ ''خوناب'' اسی سے ''خونابہ فشانی'' بنتا ہے۔ اِس کو ''خونناب'' لکھنا درست نہیں۔ ''خوناب'' اصل میں ''آبِ خون'' کی بدلی ہوئی صورت ہے۔ ''زہراب'' اور ''برفاب'' اور سیلاب کی طرح۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



⑦

ایسے ناموں کے آخر میں ''نون'' آتا ہے جو پیار کے طور پر رکھ لیے جاتے ہیں۔ان میں اکثر تصغیر کا پہلو بھی ہوتا ہے۔ایسے ناموں کو مع ''نون'' لکھا جائے گا، تنوین کے ساتھ نہیں لکھا جائے گا۔جیسے:

اچھن، اغن، شبن، بھلن، ہدن، شدن، جمن،
نقن، اِثن، رفن، کلن، ابن۔

یہ بات پہلے لکھی جا چکی ہے کہ عورتوں کے ناموں کے آخر میں بھی ''ن'' آتا ہے۔ تنوین وہاں بھی نہیں آئے گی، جیسے: کریمن، تسلیمن، شریفن، جُمن، براتن، لفظ کے آخر میں ''ن'' تانیث کے لیے بھی آتا ہے۔جیسے: دھوبی اور دھوبن اسی طرح نذیر اور نذیرن۔

⑧

آنو، پانو، ٹھانو، چھانو، دانو، کھڑانو، گانو،
نانو۔

یہ آٹھوں لفظ ایک ہی انداز کے ہیں۔ان سب کے آخر میں ''واو'' آئے گا اور اس سے پہلے ''نون غنہ''۔''پانو'' کو چار طرح لکھا جاتا ہے:

پاؤں، پانوں، پانوں، پانو۔

یہی صورت گانو کی ہے۔اب ان سب لفظوں کو اسی طرح لکھنا چاہیے۔

یہ خیال رہے کہ ''پانا'' مصدر سے ''پاؤں'' فعل بنے گا۔جیسے میں اس کو کہاں پاؤں گا؟ اسی طرح گانا سے ''گاؤں'' بنے گا جیسے میں آج نہیں گاؤں گا اور ''چھانا'' سے ''چھاؤں'' فعل بنے گا۔''گاؤں'' فعل ہے اور ''گانو'' اسم ہے اسی طرح ''پاؤں'' فعل ہے اور ''پانو'' اسم ہے اور

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''چھاؤں''فعل ہے اور ''چھانو'' اسم ہے۔

بیٹھ جاتا ہوں جہاں، چھانو گھنی ہوتی ہے
ہائے کیا چیز غریبُ الوطنی ہوتی ہے

مشہور مثل ہے۔''ہاتھی پھرے گانو گانو، جس کا ہاتھی اُس کا نانو

''پانو'' کی جمع ''پانوؤں'' بنے گی یعنی دو ''واؤ'' اور دوسرے ''واؤ'' پر ہمزہ اسی طرح ''گانو'' کی جمع ''گانوؤں'' ہوگی اور ''کھڑانو'' کی جمع ''کھڑانویں'' اور ''کھڑانوں'' آئے گی۔

کنواں: اِس میں'' کاف'' کے بعد نون غنہ ہے اس کی جمع ''کنویں'' اور ''کنووں'' ہو گی۔ اِسی وزن کا ایک لفظ ہے ''دھواں''، مگر عام استعمال میں آکر اِس کا نون غنہ ختم ہو چکا ہے۔ اس لیے اس کو اسی طرح لکھا جائے گا۔ اِس کی محرف صورت ہوگی۔ ''دھویں''۔ اِسی طرح ایک اور لفظ ہے ''رُواں'' اِس کو ''رواں'' بھی لکھا جاتا تھا۔ اَب ''رُواں'' لکھنا چاہیے۔ اِس کی دوسری صورتیں ہوں گی: روئیں، رووَں۔ اَب اِن الفاظ کی صورت یہ ہوئی:

کُنواں، کنویں، کنووں۔

دُھواں، دھویں۔

رُواں، روئیں، رووَں۔

کنواں کی تصغیر ''کُیاں'' آئے گی۔ اِس وزن کے کئی لفظ ہیں جیسے: ٹُیاں، گُھیاں، گُیاں۔

ایک شعر ہے:

تجھے سچ مچ کا یوسف کیوں نہ کر دوں یوسفِ ثانی!
گرادوں آج لے چل کے کہیں رستے کی کُیاں میں

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# واو

①

پہلے یہ طریقہ تھا کہ پیش کو ظاہر کرنے کے لیے کچھ لفظوں میں ''واؤ'' لکھتے تھے، جیسے:

اوس، دوکان، اودھر، اوٹھانا، اودھار وغیرہ۔

اب یہ طریقہ ختم ہو چکا ہے۔ اس لیے اب اس واو کو نہیں لکھنا چاہیے۔ اب ''اوس'' کوئی نہیں لکھتا، مگر بعض لفظوں میں اب بھی اس فالتو ''واؤ'' کی صورت نظر آ جاتی ہے۔ جیسے لفظ ہے ''دکان'' اس کو ''دوکان'' لکھ دیا جاتا ہے۔ اِسی طرح ''پہنچنا'' کو ''پہونچنا'' بھی کچھ لوگ لکھتے ہیں۔ یہ ٹھیک نہیں ہے۔ اِن کو ''دکان'' اور ''پہنچنا'' لکھنا چاہیے ایسے کچھ لفظ یہ ہیں:

دہائی، دُوھیل، دُہرا، دہرانا، دُلائی، گُیاں،

مُٹاپا، نُکیلا، جُلاہا، لُہار، اُدھار، دُلھن،

گھُیاں، ٹُیاں، گُنیا، پُربیا، پُربیے، گُلائی،

گُلاوٹ (گولائی بھی آتا ہے۔)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



②

دگنی، اور دوگنی، دونوں لفظ مستعمل ہیں۔ جہاں پر جس طرح استعمال میں آئیں گے اُسی طرح لکھے جائیں گے۔

رومال: اس میں ''واو'' ہے، ''رومالی'' میں بھی ''واو'' ہے جیسے: رومالی سویاں۔ البتہ پاجامے کی ''رمالی'' ہوتی ہے اِس فرق کو ملحوظ رکھا جائے گا۔

ہندستان: نظم میں ''ہندوستان'' بھی آتا ہے اور ''ہندستان'' بھی۔ نثر میں ''ہندستان'' کو ترجیح دینا چاہیے۔

عمرو: یہ نام ہے اس میں ''م'' اور ''ر'' دونوں ساکن ہیں اور ''ع'' پر زبر ہے۔ اس کے آخر میں ایک زائد ''واو'' اس لیے لکھا جاتا ہے کہ حضرت عمرؓ کے نام میں یہ الگ رہے۔ یہ ''واو'' پڑھنے میں نہیں آتا۔ عمرو عیار کا نام تو آپ نے سنا ہوگا۔ اِس کو اس طرح لکھنا چاہیے۔

بُل ہوس، بُل عجب، بُل فضول۔

ان تینوں لفظوں میں پہلا ٹکڑا بُل ہے یہ فارسی کا کلمہ ہے اس کے معنی ہیں ''بہت''۔ اس کلمے کو مع ''واو'' نہیں لکھنا چاہیے یعنی ''بوالہوس'' کے بجائے ''بُل ہوس'' لکھنا چاہیے۔

③

بہت سے مرکبات ایسے ہیں جن کا پہلا ٹکڑا ''دو'' ہے ان کو اسی طرح لکھنا چاہیے:

دوپٹا، دوائی، دوبارہ، دوپلا، دوپلی، دوچار،
دوسوتی، دوشالہ، دوشاخہ، دوگانہ، دوہتڑ، دوبالا وغیرہ۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## واوِ معدولہ

کچھ لفظوں میں ''واو'' لکھا جاتا ہے مگر پڑھنے میں نہیں آتا۔ اِس ''واو'' کو ''واوِ معدولہ'' کہتے ہیں جیسے:

خوش، خوشی، خواب، خواجہ، خوار، درخواست،
خواہش، خواہ مخواہ، تنخواہ، خوان، خوانچہ، خواندہ،
خوردبُرد، خوراک، برخوردار، خود، خودی، خوددار،
خودکشی، خوشنود، خوش نما، خوشامد، خورشید، خواہر،
کم خواب (ایک کپڑا)۔

خورشید، اور کم خواب، ان دونوں لفظوں کو ''خرشید'' اور ''کمخاب'' بھی لکھا جاتا رہا ہے، مگر اب ان کا ایک اِملا اختیار کرنا چاہیے اور ان کو مع ''واو'' (خورشید، کم خواب) لکھنا چاہیے۔

کچھ لفظوں میں واوِ معدولہ موجود نہیں، مگر غلطی سے لکھ دیا جاتا ہے۔ جیسے ایک لفظ ہے ''خرد'' اس کے معنی ہیں چھوٹا۔ یہ بزرگ کی ضد ہے۔ ''خرد کلاں'' عام طور پر بولا اور لکھا جاتا ہے۔ اس کو ''خورد'' لکھنا غلط ہے۔

''خورد'' ایک اور لفظ ہے ''خوردن'' مصدر سے اس کے معنی ہیں کھایا۔ ایسے خاص خاص لفظ یہ ہیں:

خُردہ: زیرہ، ٹکڑا، ریزگاری، عیب، جیسے: خُردہ فروش، خردہ گیر (عیب نکالنے والا) روپیا خردہ کرانا۔

خُرد: خردوکلاں، خردسال، خردنوکا (جوتے کے لیے)، خردی وبزرگی۔

ذو: عربی کا ایک سابقہ ہے۔ جیسے: ذوفنون، ذومعنی، ذومعنیین۔ جب اس کے بعد ''الف لام'' آئے گا تو ''واو'' پڑھنے میں نہیں آئے گا' مگر لکھا ضرور جائے گا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جیسے: ذوالفقار، ذوالجلال، ذوالجناح، ذوالنورین، ذوالنون۔

**جُز:** جزو، جز کے معنی ہیں ''ٹکڑا''۔ عربی میں ''جزء'' تھا، اُردو میں ''جز'' رہ گیا۔ اِسی سے ''جزئی'' اور ''جزئیات'' بنتے ہیں۔ فارسی میں اِسی سے ''جزو'' بنا ہے۔

جب یہ لفظ مضاف یا موصوف ہو اس وقت اس کو مع ''واو'' لکھنا چاہیے۔ جیسے جزوِ بدن، مفرد صورت میں دونوں طرح استعمال کیا جا سکتا ہے۔ مگر اچھا یہ ہے کہ ترکیب کے بغیر ''جز'' لکھا جائے۔ ''جز'' جس کے معنی ہیں ''سوا'' وہ فارسی کا لفظ ہے اور اِسی طرح مستعمل ہے جیسے: جُز ترے کچھ نظر نہیں آتا۔

**پھُوار:** اِس لفظ کو کئی طرح لکھا جاتا ہے۔ پھُوار، پھُہار، پھُآر۔ اس کو اب ''پھوار'' لکھنا چاہیے۔

**چھوارا:** اِس کو ''چھہارا'' اور ''چھوارا'' دو طرح لکھا جاتا رہا ہے۔ اب اس کو بھی چھوارا لکھنا چاہیے۔

**روپیا:** اِس میں ''واو'' شامل ہے اور اِسی طرح لکھنا چاہیے۔ محرف صورت میں ''روپے'' لکھا جائے گا۔ ''واو'' کی آواز اس میں بہت دَب جاتی ہے مگر ''واو'' کو لکھا جائے گا۔ مگر ''رُپہلا'' اور ''رُپہلی'' کو ''واو'' کے بغیر ہی لکھنا چاہیے، جس طرح ''سنہرا'' اور ''سنہری'' واو کے بغیر لکھے جاتے ہیں۔

## ہ

''ہ'' کی تین قسمیں ہیں:

① ہائے ملفوظ: وہ ''ہ'' جو تلفظ میں آئے جیسے: وہ، یہ، ماہ، بہت، کہنا، وغیرہ

② ہائے مختفی: وہ ''ہ'' جو تلفظ میں نہ آئے اور صرف اپنے حرف ماقبل کے زبر کو سہارا دے، جیسے مے خانہ، پردہ، وغیرہ۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



③ ہائے مخلوط: اسے دوچشمی ''ھ'' بھی کہتے ہیں۔ جیسے: گھر، بھر، وغیرہ۔

ملفوظ ''ہ'' جب ملا کر لکھی جاتی ہے تو اس کی تین شکلیں تحریر میں آتی ہیں۔ جب یہ لفظ کے شروع میں آتی ہے تو ''ب'' کے شوشے کی طرح لکھی جاتی ہے اور پہچان کے لیے ایک اور شوشہ اس کے نیچے لگایا جاتا ہے۔ جسے عام لوگ لٹکن بھی کہتے ہیں۔ جیسے ہوا، ہب وغیرہ۔ جب یہ بیچ میں آتی ہے تو اس کی شکل بدل جاتی ہے اور اس صورت کو کہنی دار کہتے ہیں، جیسے بہت۔ کہنا نیچے والا شوشہ یہاں بھی لازماً لگایا جائے گا۔ جب یہ لفظ کے آخر میں آتی ہے اور ملا کر لکھی جاتی ہے تو اس کی شکل ہائے مختفی کی سی ہوتی ہے۔ مگر اس کے نیچے جو شوشہ لٹکن ہوگا وہی اس کی پہچان ہوگا کہ یہ ملفوظ ''ہ'' ہے مختفی نہیں ہے۔ جیسے: جگہ، یہ، منہ، مہ، تہ، بہ، سہ، کہ نیچے والا شوشہ، ملفوظ ''ہ'' کا لازمی جز ہے یہ بات سامنے رہنا چاہیے۔ جیسے: مے خانہ، اس میں ہائے مختفی ہے۔ اسی لیے اس کے نیچے شوشہ آئے گا۔ اسی شوشے سے ہائے ملفوظ وہائے مختفی میں امتیاز کیا جاتا ہے۔

## کہنی دار ''ہ''

کہنی دار ''ہ'' ہمیشہ لفظ کے بیچ میں آتی ہے۔ جیسے: کہنا، بہنا، سہنا، لفظ کے آخر میں کبھی نہیں آتی۔ یہ غلطی عام طور پر دیکھنے میں آتی ہے کہ لفظ کے آخر میں آنے والی ''ہ'' کو کہنی دار لکھا جاتا ہے اور پھر اس کے لیے ایک اور ''ہ'' کو آخر میں بڑھانا پڑتا ہے۔ گویا ''ہ'' کی جگہ دو ''ہ'' جمع ہوجاتی ہیں۔ یہ بالکل غلط لکھاوٹ ہے۔ جیسے: ''کہنا'' کا فعل امر ''کہہ'' ہوگا۔ یہ دو حرفی لفظ ہے (ک+ہ= کہ) اس کو ''کہہ'' لکھنا غلط ہوگا۔ کیوں کہ اس طرح دو ''ہ'' آئیں گی۔ اسی طرح صحیح لفظ ''یہ'' ہے۔ اس کو ''یہہ'' لکھنا اسی لیے غلط ہوگا۔

''کہ'' ایک الگ کلمہ ہے، جیسے: میں نے پوچھا کہ تم کہاں جا رہے ہو؟ اس میں ''کہ'' ہے اور اُس سے یہ بات کہ'' اس میں ''کہ'' ہے ''کہنا'' کا امر۔

''نہ'' نفی کا کلمہ ہے۔ جیسے: نہ کرو اور ''نہ'' عدد ہے۔ ایسے کچھ لفظ جن کے آخر میں ہائے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ملفوظ ہے درج ذیل ہیں:

توجیہ، تنبیہ، تشبیہ، توجہ، جگہ، سیہ، منہ،

مشابہ، تہ، شہ، بارگہ، فقہ، توبہ، یہ،

جن لفظوں کے آخر میں دو ''ہ'' ہیں اِن میں دو ''ہ'' لکھی جائیں گی جیسے:

قہقہہ، (ق ہ ق ہ ہ)، بالمُشافہہ، جَبہہ، شُبہَہ۔

# ''ہ'' اور ''ح'' کا استعمال

کچھ لفظوں کو کئی طرح لکھا جاتا رہا ہے اور بعض لفظوں میں ''ہ'' کی جگہ غلطی سے ''ح'' لکھ دی جاتی ہے۔ ایسے لفظوں کی اِن صورتوں کو نیچے لکھا جا رہا ہے جن کو اب اختیار کرنا چاہیے:

ہائل: معنی ہیں ہول ناک، ڈرانے والا۔

حائل: بیچ میں آنے والا، روک۔

ان دونوں لفظوں کے استعمال میں معنوی فرق کا لحاظ رکھنا چاہیے۔

جیسے: واقعہ، ہائلہ اور دیوار حائل ہے۔

اسی طرح:

ہامی: ہامی بھرنا معنی ہیں، اقرار کرنا، جیسے اس نے ہامی بھری ہے۔

حامی: معنی ہیں مدد گار۔ حمایت کرنے والا جیسے اللہ تعالیٰ ہمارا حامی ہے۔

تہس نہس: اس کو تحس نحس لکھنا ٹھیک نہیں ہے۔

ہرج، ہرجانہ، ہرجا خرچا: ان سب کو ''ہ'' سے لکھنا چاہیے جیسے کام کا ہرج ہو رہا ہے۔ اسی سے ہرج مرج بنا ہے۔

ہونق: اس کو ''حونق'' لکھنا ٹھیک نہیں۔

گرستی، گھر گرستی: اِس کو اِسی طرح لکھنا چاہیے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ٹھہرنا، افوہ، تھاہ، پروا، ان لفظوں کو اسی طرح لکھنا چاہیے۔ ٹھہرنا، ٹھہرانا، ٹھہر جانا، ٹھہر: سب کو اسی طرح لکھنا چاہیے۔ اس کا ایک پرانا املا ''ٹھیر'' بھی ہے۔ ''پروا'' صحیح لفظ ہے۔ اس کو ''پرواہ'' لکھنا غلط ہے۔ ''افوہ'' میں ''ہ'' ہے اس کو ''افو'' لکھنا ٹھیک نہیں۔

# ہائے مختفی اور الف

ہائے مختفی کے لیے یہ ''الف'' کے بیان میں لکھا جا چکا ہے کہ وہ عام طور پر عربی اور فارسی لفظوں کے آخر میں آتی ہے۔ اس لیے اُردو، ہندی، انگریزی وغیرہ کے ایسے لفظوں کے آخر میں الف لکھا جائے گا۔ جیسے: پتا، بھروسا وغیرہ۔

اسی طرح ہائے مختفی کے نیچے وہ شوشہ کبھی نہیں آئے گا جو ہائے ملفوظ کے نیچے آتا ہے، جیسے: کعبہ، بت خانہ اور ہائے ملفوظ کے نیچے یہ شوشہ لازماً آئے گا جیسے: یہ، کہ، تہ، جگہ۔

# ہائے مختفی اور ''یے''

ہائے مختفی سے پہلے جو حرف ہوتا ہے اس پر عموماً زبر ہوتا ہے۔ جب ایسے لفظ محرف ہوں گے (یعنی جب ان لفظوں کے بعد حروفِ جار وغیرہ آئیں گے یا ان کی جمع بنائی جائے گی یا بعض اور صورتیں) تو ہائے مختفی ''یے'' سے بدل جائے گی اور اس سے پہلے حرف کا زبر، زیر میں تبدیل ہو جائے گا۔ جیسے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| کعبہ اور کعبے میں، | جلوہ اور جلوے، | پردہ اور پردے، | مرثیہ اور مرثیے |
| نظریہ اور نظریے، | تین واقعے، | چار پیمانے، | جلوے بکھر گئے |

وغیرہ۔

اس بات کا خاص طور پر خیال رکھنا چاہیے کہ اس صورت میں ایسے لفظوں کو ''یے'' سے لکھا جائے۔ ایسی غلطیاں بہت ہوتی ہیں کہ محرف صورت میں بھی ایسے لفظوں کو ''یے'' سے لکھا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جائے۔ ایسی غلطیاں بہت ہوتی ہیں کہ محرف صورت میں ایسے لفظوں کو ''ہ'' سے لکھا جاتا ہے۔ مثلاً:

''چار پیمانہ''، ''مرثیہ پڑھے گئے''، ''کعبہ گئے تھے''،

یہ سب غلط ہیں۔ صحیح صورت یہ ہوگی:

''چار پیمانے''، ''مرثیے پڑھے گئے''، ''کعبے گئے''

غنچے! تری زندگی پہ دل ہلتا ہے
بس ایک تبسم کے لیے کھلتا ہے

ایک لفظ ہے: ذمہ۔ محرف صورت میں یہ ''ذمے'' ہو جائے گا۔ جیسے اُن کے ذمے تین روپے نکلتے ہیں۔ اِسی سے ذمے داری بنے گا۔

ایک لفظ ہے: کیوں کر، اِس کی ایک صورت ہے: کیونکے۔ ایک اور لفظ ہے: کیوں کہ ان دونوں میں امتیاز کو ملحوظ رکھنا چاہیے۔ جیسے: میں نے ان سے کچھ نہیں کہا کیوں کہ وہ خود پشیمان تھے۔ یہاں ''کیوں کہ'' کا محل ہے۔

کچھ لفظوں کے آخر میں غلط طور پر ہائے مختفی لکھ دی جاتی ہے۔ جیسے ''موقع'' صحیح لفظ ہے۔ اس کو ''موقعہ'' لکھنا غلط ہوگا، یا جیسے ''مع'' کو ''معہ'' لکھنا اسی طرح ''مصرع'' کو ''مصرعہ'' لکھنا غلط ہے۔ اِن سب لفظوں کی صحیح صورت یہی ہے اِس طرح لکھنا چاہیے۔

اسلحہ جات، پارچہ جات، کارخانہ جات، حوالہ جات،
صوبہ جات، علاقہ جات، محکمہ جات۔

اِن سب لفظوں کو اِسی طرح لکھا جائے گا۔ یعنی علامتِ جمع ''جات'' کو ملا کر نہیں لکھا جائے گا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ہائے مخلوط (ھ)

ہائے مخلوط کو ہمیشہ دو چشمی صورت میں لکھا جائے گا۔ جیسے: گھر، اِس کو گہر لکھنا غلط ہوگا۔ جن لفظوں کے آخر میں ''ھ'' لکھی جاتی ہے تو کبھی کبھی اُس ''ھ'' کے بعد ایک ہائے مختفی بھی لکھ دی جاتی ہے۔ جیسے:

آنکھہ، ہاتھہ، بیٹھہ۔ یہ غلط اِملا ہے۔ صحیح اِملا ہوگا:

آنکھ، ہاتھ، بیٹھ۔ وغیرہ۔

# دو ''ھ''

بہت سے لفظ ہیں جن میں کبھی دو ''ھ'' لکھی جاتی ہیں اور کبھی ایک۔ جیسے کوئی ''ڈھونڈھنا'' لکھتا ہے اور کوئی ڈھونڈنا''۔ اِس میں خیال رکھنا چاہیے کہ جو لفظ دو ٹکروں سے مل کر بنے ہیں اور دونوں ٹکرے الگ الگ لکھے جاتے ہیں اِن میں دو ''ھ'' لکھی جائیں گی اور باقی لفظوں میں ایک۔ نیچے پہلے وہ لفظ لکھے جاتے ہیں جن میں اب ایک ''ھ'' لکھنا چاہیے:

بھابی، بھبک، بھبکنا، بھبکا، بھپکا، بھبوت،
بھبوکا، بھبکانا، بھنبوڑنا، بھنبیری، بھپارا، بھٹی،
بھکاری، بھیک، بھوبل، بھجنگا، بھجیا، پھپولا،
پھپوندی، پھوپا، پھوپی، پھیپڑا، تھُتانا، تھوتن،
ٹھٹکنا، ٹھاٹ، ٹھاٹر، ٹھٹ، ٹھٹک، ٹھٹول،
ٹھٹیرا، ٹھڈا، ٹھنڈ، ٹھنڈا، ٹھیٹ، چھچڑا،
چھچلا، چھچورا، چھچوندر، جھجر، جھجکنا، جھجک،
جھروکا، جھنجلانا، جھنجلاہٹ، جھنجوڑنا، دھند، دھندلا،

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دھندلکا، ڈھنڈورا، ڈھونڈنا، کھوکلا، کھنکارنا، کھنکنا،

گھگو، گھگی، گھگیانا، گھونٹ، گھونگا، منجدھار،

گھنگرو، گھاگرا۔

ایسے لفظ جن میں دو "ھ" آئیں گی:

بھن بھن، بھن بھنانا، بھق بھق، بھقر بھقر،

بھل بھلانا، بھل بھل، بھچ بھچانا، بھڑ بھڑانا،

پھس پھس، پھُس پھُسا، پھٹ پھٹانا، پھٹ پھٹیا،

پھد پھدانا، پھر پھرانا، پھُل جھڑی، چھُل چھُل،

تھرتھرانا، تھرتھری، تھک تھکانا، تھل تھلانا،

تھل تھل، چھم چھم، چھن چھن، پھن پھنانا،

تھئی تھئی، ٹھساٹھس، ٹھن ٹھنانا، جھر جھرا،

جھر جھری، جھل جھلانا، جھن جھنانا، جھن جھنا،

دھک دھک، دھڑ ادھڑ، کھٹ کھٹانا، کھچا کھچ،

کھن کھنانا۔

جن مصدروں میں دو "ھ" ہوں گی ان کے مشتقات میں بھی ایک "ھ" رہے گی۔ جیسے:

مجھے، تجھے، مجھ کو، تجھ کو،

اِن کو اِسی طرح لکھا جائے گا۔ "مجکو" یا "تجکو" لکھنا ٹھیک نہیں ہوگا۔ نیز "مجھ" اور "کو"

اِن دونوں کو الگ الگ لکھنا چاہیے۔ "مجھ کو" اِسی طرح "تجھ کو"۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سرھانا، انھیں، تمھیں، تمھارا، تمھاری،

کلھاڑی، اُٹھتر، انھتر۔

ان سب لفظوں کو اِسی طرح (ھ کے ساتھ) لکھا جائے گا۔ ان کو:

سرہانا، تمہارا، کلہاڑی، اٹہتر، وغیرہ لکھنا ٹھیک نہیں۔

سرھانے میر کے آہستہ بولو

ابھی ٹک روتے روتے سو گیا ہے

کچھ لفظ ایسے ہیں جن کو پہلے کبھی مع "ھ" لکھا جاتا تھا اور کبھی اُس کے بغیر جیسے:

جیب اور جیبھ، ہونٹ اور ہونٹھ، تڑپنا اور تڑپھنا وغیرہ۔ اب اِن لفظوں کی رائج صورت یہ ہے اور اِسی طرح لکھنا چاہیے:

جیب، ہونٹ، تڑپنا، جھوٹ، ٹھنڈ، بھیک،

بھکاری جانگیا، جاگنگ، کوند، کوندا، گبرو،

گھورکھ دھندا، سدھ بدھ، سانٹھ گانٹھ، چبھنا، ہاتھ، ہتھیار،

ہتکڑی، ہتیالینا، ہتا، ہتی، نہتا، ہاتھی،

ہتھنی، پھوہڑ، باڑ، باڑھ (دھار، دریا کی طغیانی بڑھنا، وغیرہ۔)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ہمزہ

''ہمزہ'' اُردو میں مستقل حرف کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس کے لیے یہ قاعدہ یاد رکھنا چاہیے اور اس بات کو نہ بھولنا چاہیے کہ ''ہمزہ'' ''الف'' کا قائم مقام ہے۔ جب دو حرفِ علت اپنی اپنی آواز الگ الگ دیں تو اُن کے بیچ میں ہمزہ آ سکتا ہے۔ نہیں تو نہیں۔

اس لیے آؤ، جاؤ، وغیرہ میں ''ہمزہ'' لکھنا چاہیے، مگر بناو سنگار، بھاو تاو، نبھاو، گھاو میں ''ہمزہ'' کی ضرورت نہیں۔ اِسی طرح: چاے، راے، گاے، ہاے میں ہمزہ نہیں چاہیے۔

اِسی سلسلے میں اِن قاعدے کو بھی ذہن میں رکھنا چاہیے کہ:

''ہمزہ اُسی وقت آئے گا جب حرفِ ماقبل پر زبر یا پیش ہو۔''

ہمزہ کے لکھنے میں بہت زیادہ غلطیاں ہوتی ہیں۔ اکثر صورتوں میں اس کو غلط طور پر لفظوں میں داخل کر دیا جاتا ہے۔ اس لیے تحریر میں اِس کا بہ طورِ خاص خیال رکھنا چاہیے۔

## ہمزہ اور الف

①

عربی کے بہت سے مصدروں اور جمعوں کے آخر میں اصلاً ہمزہ ہے۔ جیسے:

ابتداء، انتہاء، علماء، شعراء، وغیرہ۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مگر اُردو میں ایسے سب لفظوں میں ہمزہ تلفظ سے خارج ہو چکا ہے۔ اِس لیے ایسے لفظوں کو ہمزہ کے بغیر لکھا جائے گا، جیسے:

ابتدا، انتہا، علما، شعرا، حکما، اولیا، فضلا، وغیرہ

جب ایسے لفظ اضافت کے ساتھ آئیں گے تو ان کے آگے ''ے'' بڑھا دی جائے گی اور اس ''ے'' پر ہمزہ نہیں لکھا جائے گا۔ جیسے:

ابتدائے عشق، انتہائے شوق، علمائے کرام، شعرائے اُردو،
حکمائے حاذق، اِملائے فارسی، انشائے اُردو، اخفائے راز
وغیرہ۔

اِسی طرح عطف کی صورتوں میں صرف ''واؤ'' کا اضافہ ہو گا۔ ہمزہ یہاں بھی نہیں لکھا جائے گا۔ جیسے: ابتداوانتہا، علماوفضلا، اِملاوانشا۔

(2)

لفظ کے درمیان میں جب ''الف'' مفتوح ہو گا تو اُس پر صرف زبر آئے گا، ہمزہ نہیں لکھا جائے گا۔ جیسے: تامّل، تاخیر، تاثر، توام، جُرات، تاسّف، متاثر، متاسّف، تاثرات۔ جتنے لفظ لکھے گئے ہیں۔ عام طور پر اِن کو اِسی طرح لکھا جاتا ہے۔ مگر صرف ایک لفظ ''جرات'' کو کبھی ''جرأت'' بھی لکھا جاتا ہے۔ اس کو بھی ''جرات'' لکھنا چاہیے۔ اُردو میں ''ہمزہ''، ''الف'' کا قائم مقام ہے۔ اِس لیے دونوں ایک ساتھ آئیں گے۔ ورنہ ایک حرف (الف یا ہمزہ) فالتو ہو جائے گا۔

## ''ہمزہ'' اور ''واؤ''

لفظ کے آخر میں اگر ''واؤ'' ساکن ہو تو اِس پر ''ہمزہ'' کبھی نہیں آئے گا، جیسے:

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



برتاو، باو(ہوا)، باو گولا، الاو، اود بلاو،

بھاو، پاو(جیسے پاو سیر)، پُلاو، تاو،

چاو، راو(جیسے راو صاحب)، ستھراو،

ناو، کڑھاو، گاو، گاے، گھاو،

لمباو، چوڑاو، پچھیاو، ہواو، پتھراو،

دریاو، سبھاو، تلاو۔

## بعض مثالیہ جملے:

کل پچھیاو چلا تھا۔ ہم آج ناو پر بیٹھے تھے۔

اُن کا گھاو بھر گیا۔ لڑکوں نے خوب پتھراو کیا۔

راو صاحب آئے تھے۔ یہ کڑھاو تو بہت بڑا ہے۔

زیادہ بھاو تاو نہ کیا کرو۔ واو پر ہمزہ نہیں لکھنا چاہیے۔

**یہ خیال رہے کہ:** ایسے لفظوں میں واو تلفظ میں نصف سے بھی کچھ کم آتا ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ''واو'' سے پہلے جو حرف علت ہوتا ہے، آواز اُس کے کھنچاو میں اِس طرح ڈوب جاتی ہے کہ ''واو'' پر دباو بہت کم ہو جاتا ہے۔

(1)

بہت سے حاصل مصدر بھی ایسے ہیں جن کے آخر میں ''واو'' آتا ہے۔ جیسے دبانا سے دباو، اور چڑھانا سے چڑھاو، اور گھمانا سے گھماو۔

ان میں بھی ''واو'' ساکن ہے اور اِس سے پہلے ''الف'' ہے اور یہاں بھی ''ہمزہ'' نہیں آئے گا۔ ''ہمزہ'' لکھنے کا مطلب تو یہ ہو گا کہ ''الف'' اور ''واو'' کے بیچ میں ''ایک'' اور حرف

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''ہمزہ'' بھی ہے اور حقیقت میں ایسا نہیں۔ ایسے کچھ حاصل مصدر یہ ہیں:

الجھاو، اٹکاو، بناو، بہاو، بچاو بھراو،

بہکاو، پٹاو، تناو، ٹکراو، ٹھہراو، جھکاو،

جماو، چڑھاو، (اتار چڑھاو،) چھڑکاو، چناو،

چلاو (چل چلاو کا عالم) چھنٹاو، دباو، ڈلاو، ڈھلاو،

رُکاو، کساو، کٹاو، گھٹاو، گھماو، گھماو پھراو

گراو، گھراو، لگاو، لداو، نبھاو۔

جیسے:

اِتنا گھماو پھراو اچھا نہیں ہوتا۔ طوفان میں ٹھہراو آ گیا ہے۔

اُن کا جھکاو اِس طرف ہے۔ کوٹ میں بھراو اچھا نہیں پڑا۔

سب نے بیچ بچاو کروا دیا۔ دریا چڑھاو پر ہے۔

سڑک پر خوب چھڑکاو ہوا ہے۔ لاکھوں لگاو۔

ایک چُرانا نگاہ کا۔ لاکھوں بناو۔

آؤ، جاؤ، کھاؤ، پاؤ، لاؤ، اتراؤ، الجھاؤ،

بچاؤ، چڑھاؤ، ٹھہراؤ، بناؤ، لگاؤ۔

یہ سب فعل ہیں، ان میں ''واؤ'' پر ہمزہ آئے گا۔ ایسے افعال میں ''ہمزہ'' آئے گا۔ مگر حاصل مصدروں میں ''ہمزہ'' نہیں آئے گا۔ جیسے: تم تو اپنا رنگ جماو۔ اِس جملے میں ''جماؤ'' فعل ہے اور آج تو وہاں بڑا ''جماؤ''۔ اس میں ''جماؤ'' حاصل مصدر ہے۔ اِسی طرح: مجھ کو میرے دوستوں سے بچاؤ۔ اِس جملے میں ''بچاؤ'' حاصل مصدر ہے۔ اس فرق پر نظر رہنا چاہیے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اِسی طرح اِس قسم کے جتنے اسم فاعل (اور کچھ اسم مفعول) ہیں۔ اِس میں بھی ''واؤ'' پر ہمزہ آتا ہے۔ حاصل مصدر اور اسمِ فاعل میں ایک فرق یہ بھی ہوتا ہے کہ حاصل مصدر میں ''واؤ'' کی آواز مجہول سی ہوتی ہے اور اسم فاعل میں ''واؤ'' معروف ہوتا ہے۔

جیسے: ''بناؤ'' حاصل مصدر ہے اور اِس جملے میں کہ وہ ''بناؤ نہیں بگاڑو ہیں''۔ ''بناؤ'' اور ''بگاڑ'' بھی اسمِ فاعل ہے۔ ایسے کچھ اسمِ فاعل اور اسمِ مفعول یہ ہیں:

بناؤ، جتاؤ، کماؤ، لٹاؤ، جڑاؤ، پیاؤ، ڈباؤ،

ٹکاؤ، بکاؤ،

وہ تو کماؤ پوت ہے۔ پانی ہاتھی ڈباؤ ہے،

یہ بہت اچھا اور ٹکاؤ جوتا ہے۔ جڑاؤ زیور خوب صورت ہیں۔

یہ مال بکاؤ نہیں۔ وہ تو اٹھاؤ چولھا ہیں،

وہ تو بڑے لٹاؤ ہیں۔ سب اُڑا دیں گے۔

(2)

بعض الفاظ ایسے ہوتے ہیں جن میں ''واؤ'' سے پہلے ''ی'' ہے۔ ایسے سبھی لفظوں میں ''واؤ'' آخری حرف ہوتا ہے اور اس سے پہلے ''ی'' ہوتی ہے۔ ہمزہ کہیں نہیں آئے گا۔ ایسے کچھ لفظ یہ ہیں:

دیوتا، دیو، گیو، نیو، میو۔

(3)

بُوا، سُوا، جُوا، چھُوا، جُوالا، کواڑ، گوالا،

جُوار، دوار، کنوارا، پھوار، چھوارا، پوائنٹ چوائس۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اوپر جو لفظ لکھے ہوئے ہیں اُن میں اور اُن کے جیسے اور لفظوں میں بھی ''واؤ'' پر ہمزہ نہیں آئے گا۔

④

ہُوا، چھُوا، مُوا، چُوا،

یہ چاروں فعل ہیں، اِن میں ''واؤ'' پر ''ہمزہ'' نہیں آئے گا۔ مگر اِن فعلوں کی دوسری صورتوں میں اور افعال کی طرح، ہمزہ آئے گا:

ہوا، ہوئی، ہوئے۔

چھوا، چھوئی، چھوئے۔

چُوا، چوئی، چوئے۔

موا، موئی، موئے۔

چھُوانا، یُوانا، چُوانا۔

اِن میں بھی ''واؤ'' پر ''ہمزہ'' نہیں آئے گا۔

⑤

نیچے جو لفظ لکھے جا رہے ہیں، ان میں بھی ہمزہ نہیں آئے گا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| باولا، | باولی، | باولے | بکاولی، |
| باوٹا، | پھاوڑا | امراوتی، | سناونی، |
| گاودی | سانولا، | سانولی، | چھاونی |
| گھناونا، | گھناونی، | راوٹی | اتاولا، |

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | | | |
|---|---|---|---|
| اتاولی، | اتاولے | بچھوا، | بِسوا، |
| بھکو | بھتوا، | بھڑوا، | بلّوا |
| بندھوا، | روا، | بھگوا | بچوا، |
| بٹوا، | پتوا | پچھوا، | پڑوا، |
| تلُواں، | تُھوا | تمبکوا، | ٹھلوا، |
| ٹلوا، | جُموا | جُوا، | جڑواں، |
| چھٹوا، | چڑوا، | چکوا، | چندوا، |
| دھوانسا، | روانسا | دووا، | ہوا، |
| کنکوا، | کوا، | سُتواں، | سروا، |
| کھڑوا، | گھروا، | گیہواں، | للوا، |
| ملوا، | مال پوا | مردوا، | نکوا، |
| نتھوا، | مہوا۔ | | |

یہاں پر ایک اور قاعدے کو بھی سمجھ لیجیے، جن لفظوں کے آخر میں ''وا'' آتا ہے، جیسے: بچھوا، کھڑوا، ان کی جمع اِس طرح بنے گی کہ ''الف'' نکل جائے گا اور ''وؤں'' یا یے کا اضافہ کیا جائے گا۔ جیسے بچھوا سے بچھوؤں اور بچھوے۔

محرف صورت میں بھی ''ے'' کا اضافہ کیا جائے گا، جیسے:

| | | |
|---|---|---|
| کوّا، | کوّے، | کوّوں |
| تمبکوا، | تمبکوے، | تمبکوؤں |
| بچھوا، | بچھوے، | بچھوؤں |

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | | |
|---|---|---|
| بٹوا، | بٹوے، | بٹوں |
| کچھوا، | کچھوے، | کچھوں |
| چھٹوا، | چھٹوے، | چھٹوں |
| کنکوا، | کنکوے، | کنکوں |
| بھڑوا، | بھڑوے، | بھڑوں |

''بھوں'' جسے فارسی میں ابرو کہتے ہیں، اُس کی صورت یہ ہوگی:

بھوں، بھوِیں، بھووں۔ جیسے:

ع: بھویں تنتی ہیں، خنجر ہاتھ میں ہے۔ تن کے بیٹھے ہیں

⑥

جن اسموں کے آخر میں واو معروف ہوتا ہے، جیسے: بچھوٗ اُن کی جمع اِس طرح بنے گی کہ لفظ کے آگے ''وٗں'' (ءوں) کا اضافہ کیا جائے گا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| آنسو | آنسوؤں | ڈاکو | ڈاکوؤں |
| بازو | بازوؤں | سادھو | سادھوؤں |
| تمبو | تمبوؤں | ہندو | ہندوؤں |
| بچھو | بچھوؤں | خالو | خالوؤں |
| بھالو | بھالوؤں | پلّو | پلّوؤں |
| پہلو | پہلوؤں | چاقو | چاقوؤں |

کچھ اور لفظ:

| | | |
|---|---|---|
| جستجو، | جستجوئیں، | جستجوؤں |
| آرزو، | آرزوئیں، | آرزوؤں |

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خوش بو، خوش بوئیں، خوش بوؤں

گفتگو، گفتگوئیں، گفتگوؤں

بہو، بہوئیں، بہوؤں

یہ خیال رہے کہ ایسی جمعوں میں (بازوؤں وغیرہ) واو کی آواز بہت دبی ہوئی نکلتی ہے۔

## واو متحرک

عربی کے کچھ لفظ ایسے ہیں جن میں ''واو'' متحرک ہے (جیسے: مونث) اور اُس کی آواز اُسی طرح دبی ہوئی نکلتی ہے جس طرح بٹوا، چھٹوا، اور بوانا جیسے لفظوں میں وہ دَب کر نکلتی ہے۔ ایسے لفظوں میں بھی ''واو'' پر ہمزہ نہیں لکھنا چاہیے۔

بعض لوگ عربی کی تقلید میں ''واو'' پر ''ہمزہ'' لکھا کرتے ہیں (مونث) مگر اُردو کے لحاظ سے یہ ٹھیک نہیں اُردو میں ایک آواز کے لیے دو حرفوں کو یک جا نہیں کیا جا سکتا۔ ایک آواز کے لیے صرف ایک حرف آئے گا۔

ایسے کچھ لفظ:

مورّخ، مونث، موثر، موافق، موافقت

مواصلت، مودّب، مواخذ، موازنہ، موسّس

مواخذہ، موقّر، موکّد، موکّل، مولّف

موبّد، موذّن، مورّخہ

اِسی طرح:

مورّخوں، موذّنوں، موافقوں، موافقتوں

مواخذوں، موازنوں، موثّقوں، موکّلوں، مولّفوں

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ''الف''اور''واؤ''یک جا کرنا

انگریزی وغیرہ کے ایسے لفظ جن میں ''الف''اور''واؤ''یک جا ہیں، اُن میں بھی''واؤ'' پر''ہمزہ''نہیں لکھنا چاہیے، جیسے:

اناونسر، اکاونٹ، اکاونٹنٹ، پاونڈ، پاوڈر،
ساوتھ، ماوزی تنگ، الاونس، گراونڈ، ساونڈ،
کمپاونڈ، ٹاون ہال، راونڈ۔

ایک بات ہمیشہ ذہن میں رہنا چاہیے کہ ایک ہی آواز کے لیے دو حرف علت نہیں آئیں گے۔ کوئی لفظ ہو اور کسی زبان کا ہو۔ حرفِ علت کی آواز کبھی دب جاتی ہے اور کبھی کسی اور آواز میں آمیز ہو جاتی ہے۔ اس سے دھوکا نہیں کھانا چاہیے۔

## ''ہمزہ'' کے ساتھ لکھے جانے والے نام

کچھ ناموں کو کبھی صرف''ہمزہ'' کے ساتھ لکھا جاتا ہے، جیسے: عطاءاللہ، اور کبھی''ؤ'' کے ساتھ، جیسے: ذکاؤاللہ۔ یہ عربی کی لکھاوٹ ہے کہ''ہمزہ''اور''واؤ'' کو جمع کیا جائے۔ ایک ہی آواز کے لیے اُردو میں ایسا نہیں ہوتا۔ اِس لیے اُردو میں ایسے سب ناموں کو صرف ہمزہ کے ساتھ لکھنا چاہیے، جیسے:

ذکاءاللہ، ثناءاللہ، علاءالدین، بہاءالدین، ثناءالحق،
ضیاءاللہ، ضیاءالدین، عطاءالرحمان، بقاءاللہ۔

## عطف کی صورت میں

مرکبِ عطفی میں''واؤ'' پر''ہمزہ'' کسی بھی صورت میں نہیں آئے گا۔ یہ دیکھا گیا ہے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


کہ جب پہلے لفظ کے آخر میں ''الف'' یا ''واؤ'' یا ''ی'' یا ''ہائے مختفی'' ہو، تو عطف کے ''واؤ'' پر ہمزہ لگا دیا جاتا ہے۔ یہ غلط ہے۔ جس طرح ''دل و جان'' میں ''واؤ'' پر ''ہمزہ'' نہیں آئے گا۔ اسی طرح ''زندگی و موت'' میں بھی ''واؤ'' پر ''ہمزہ'' نہیں آ سکتا۔ عطف۔۔ کے لیے صرف ''واؤ'' آتا ہے۔ ہمزہ اور'' واو (ؤ)'' نہیں آتا۔ یہ مانا ہوا قاعدہ ہے اور اس کے خلاف کبھی نہیں ہوگا کچھ مثالیں:

## (الف)

دنیا و دیں، ابتدا و انتہا، اِملا و انشا، اخفا و اظہار
اللہ اور رسول، تمنا و حسرت، آبا و اجداد، ہوا و ہوس
شعرا و حکما، علما و فضلا، وفا و جفا، خطا و سزا
جفا و جور، آقا و غلام، ادا و ناز، فنا و بقا

## (ب)

زندگی و موت، سادگی و پُرکاری، بے ہنری و ہنرمندی،
بندگی و خواجگی، عاشقی و خودداری، نیکی و بدی،
بے چارگی و ذلت، مولوی و ملا، ترقی و تنزل،
جوانی و پیری

## (ج)

مے و نغمہ، مے و جام، نے و سرور، مے و مینا

## (د)

گفتگو و جستجو، آرزو و تمنا، نے و سرور، بازو و بغل،

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نشوونما، گیسوورخ، ہندوومسلمان، سبووجام،

اُردووفارسی، ہلاکوو چنگیز، آبروومنصب

(ہ)

مرثیہ وغزل، پیمانہ وصراحی، گذشتہ وآیندہ، مدرسہ وخانقاہ،

پروانہ وشمع، نامہ وپیام، آشیانہ وقفس، خواجہ وہ بندہ،

جادہ ومنزل، فسانہ وحقیقت، نالہ وفریاد، کرشمہ وناز،

جلوہ وپردہ، نالہ وزاری۔

## بعض مثالیہ مصرعے:

ع : لطفِ خرامِ ساقی وذوقِ صدائے چنگ۔

ع : زنہار اگر تمھیں ہوسِ نائے ونوش ہے

ع : آواز نے وبین ودف وچنگِ خرابات۔

ع : جام سرشاے وغنچہ ، لب ریز بہار۔

ع : ہیں تیرے اَبروومژگان ونگاہ وچشم آہ۔

ع : لیا چھین ابروومژگان نے خاص وعام کا جوڑا۔

ع : ہیں نہال آج آشنا وغیر۔

ع : سادہ وپُرکارتر، غافل وہوشیارتر۔

(12)

''گاؤ'' میں ''واؤ'' پر ''ہمزہ'' نہیں آئے گا۔ اس کی ہندی صورت ''گئو'' ہے۔ اس کو اسی طرح لکھا جائے گا۔ جیسے گئو شالا، گئودان، گئو ہتیا، گئو پتر، گئو گھاٹ۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ہمزہ اور ہائے مختفی

لفظ کے آخر میں ''ہائے مختفی'' ہو تو عطف کی صورت میں صرف عطف کا ''واؤ'' لکھا جائے گا۔ ہمزہ کہیں نہیں آئے گا، جیسے: گذشتہ و آیندہ۔ نغمہ و رقص، غنچہ و گل، پردہ و جلوہ، ہائے مختفی کے ساتھ ہمزہ صرف اضافت کی علامت کے طور پر آئے گا۔ یعنی جب لفظ کے آخر میں ہائے مختفی ہوگی اور وہ لفظ مضاف یا موصوف ہوگا، تب اِس ''ہائے مختفی'' پر ''ہمزہ'' لکھا جائے گا۔ جیسے:

غنچۂ نازک، پیمانۂ مے، نغمۂ بہار، پردۂ مجاز،
جلوۂ حقیقت، کعبۂ مقصود، قبلۂ دیدہ و دل، مرثیۂ انیس،
مژدۂ آمد، فصلِ بہار، نظریۂ اضافت، شعلۂ عشق۔

# ''ہمزہ'' اور ''ی''

سب سے زیادہ غلطیاں ''ہمزہ'' اور ''ی'' کے انتخاب میں ہوتی ہیں۔ یعنی ''ی'' کی جگہ ''ہمزہ'' کو لکھا جاتا ہے۔ مگر سب سے بڑی غلطی اُس وقت ہوتی ہے جب ''ی'' اور ''ہمزہ'' کو جمع کر دیا جاتا ہے، جیسے: ''لیے'' کو ''لئے'' یا ''لیئے'' لکھنا۔ لکھنے والوں کو اِس سلسلے میں بہت احتیاط سے کام لینا چاہیے۔ ''ہمزہ'' اور ''ی'' کے قاعدوں کو لکھا جاتا ہے۔ اُن کو اچھی طرح ذہن میں بٹھا لینا چاہیے۔

پیا، سیا، دیا، کیا، لیا، جیا۔

یہ فعل ہیں۔ اِن کی مختلف صورتوں میں ''ہمزہ'' کبھی نہیں آئے گا، اِسی طرح:

پیا، پیے، پیو، پییں، پیے گا، پیوگے، پیں گے۔
سیا، سیے، سیو، سییں، سیے گا، سیوگے، سیں گے۔
دیا، دیے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کیا، کیے۔

جیا، جیے، جیو، جییں، جیے گا، جیو گے، جییں گے۔

لیا، لیے۔

**فائدہ:**

''لیے''فعل ہو(جیسے: ہم نے دو قلم لیے) یا لاحقے کے طور پر آئے (جیسے: میرے لیے،اُن کے لیے،تمہارے لیے،)ہر صورت میں آخر میں دو''ی''ہوں گی (لِ ی ے = لیے)

اس سلسلے میں ایک قاعدے کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے کہ کسی بھی لفظ میں جب''ی'' سے پہلے والے حرف پر زیر ہو گا،تو وہاں دو''ی'' آئیں گی۔پہلی''ی'' کی جگہ''ہمزہ''کبھی نہیں آئے گا۔جیسے:لیے(ل ی ے)،دیے(دِ ی ے)،پیے(پِ ی ے)وغیرہ۔

''ہمزہ''صرف اُس صورت میں آئے گا۔جب''ی'' سے پہلے والے حرف پر زبر ہو یا ''الف''یا''واؤ''ساکن ہو،جیسے:گئے،نئے،لائے،گائے،کھوئے،بوئے۔

②

کیجیے،دیجیے،لیجیے،وغیرہ فعل امر کی تعظیمی صورتیں ہیں۔ایسے افعال کے آخر میں دو ''ی''ہوتی ہیں۔اِن میں پہلی''ی'' کی جگہ پر ہمزہ لکھنا (دیجئے) غلط ہو گا۔

اِس کو یوں بھی دیکھیے کہ''دیجیے'' کی ایک صورت''دیجیو''ہے اور اس میں پہلی''ی'' اپنی جگہ پر برقرار ہے،آخری''ی''،''واؤ''میں تبدیل ہو گئی ہے (دی جی ی ے+دی ج ی و=دیجیو) اس سے پوری طرح یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ''دِیجیے''جیسے افعال میں آخر میں دو ''ی''ہیں۔اس قاعدے کا پہلے ہی ذکر آ چکا ہے کہ پہلے حرف پر اگر زیر ہو تو اس کے بعد لازماً ''ی''ہوتی ہے۔وہی صورت یہاں بھی ہے (دی ج ی ے۔ل ی ج ی ے) یہی صورت ''لیے''اور''دیے''وغیرہ کی ہے۔ایسے کچھ فعل:

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| کیجیے، | کیجیو، | دیجیے، | دیجیو، | پیجیے، | پیجیو۔ |
| کھینچیے، | کھینچیو، | لیجیے، | لیجیو، | بخشیے، | بخشیو۔ |
| پڑھیے، | پڑھیو، | لکھیے، | لکھیو، | دیکھیے، | دیکھیو۔ |
| پکڑیے، | پکڑیو، | لڑیے، | لڑیو، | بولیے، | بولیو۔ |
| کھولیے، | کھولیو۔ | | | | |

ایسے ہی کچھ فعل وہ ہیں جن میں آخر کی دو ''یاؤں'' سے پہلے، کسی اور حرف کے بجائے، ''ہمزہ'' ہے۔ جیسے: جائیے (ج ا ء ی ے)۔ اُن کو بھی اسی طرح لکھا جائے گا کہ آخر میں دو ''ی'' ہوں گی۔ ''دیجیے'' میں تیسرا حرف ''ج'' ہے، اسی طرح ''جائیے'' میں تیسرا حرف ''ہمزہ'' ہے، آخر کے دونوں حرف اپنی جگہ پر محفوظ ہیں:

| | |
|---|---|
| لائیے (ل ا ء ی ے)، | لائیو۔ |
| پائیے (پ ا ء ی ے) | پائیو۔ |
| آئیے، | آئیو۔ |
| کھائیے، | کھائیو۔ |
| بنائیے، | بنائیو۔ |
| دکھائیے، | دکھائیو۔ |
| اٹھائیے، | اٹھائیو۔ |
| پڑھائیے، | پڑھائیو |

اِس کا اصول یہ ہے کہ جن مصدروں میں، علامتِ مصدر ''نا'' سے پہلے ''الف'' یا ''واو'' ہوتا ہے (جیسے: جانا اور رونا) جب اُن سے بعض فعل بنتے ہیں تو اُن میں ''ئے'' آتا ہے، جیسے: جائے، لائے، پائے، روئے، دھوئے، کھوئے۔

اِن مصدروں سے جب امرِ تعظیمی بنیں گے تو اُس آخری ''ی'' کے آگے ایک ''یے'' اور بڑھا دی جائے گی۔ علامت کے طور پر، جیسے:

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لائے سے لائیے (لا ئی ے)، پائے سے پائیے، آئے سے آئیے، کھوئے سے کھوئیے، وغیرہ۔

جن مصدروں میں ''نا'' سے پہلے ''الف'' یا ''واو'' کے بجائے کوئی اور حرف ہو، اُن سے جب فعلِ امر بنتے ہیں تو اُن کے آخر میں صرف ایک ''یے'' ہوتی ہے، جیسے: چلنا سے چلے، اور بننا سے بنے اور کرنا سے کرے۔ اِن سے جب تعظیمی فعل بنیں گے تو اِس ''یے'' کے آگے ایک اور ''یے'' (علامت کے طور پر) بڑھائی جائے گی، جیسے: کرے سے کریے، بنے سے بنیے، سُنے سے سُنیے وغیرہ۔ بعض مثالیں:

ع : دن ہنس کے کاٹ ڈالیے، ہمت نہ ہاریے۔
ع : باتیں اِدھر کو کیجے، اُدھر آنکھ ماریے۔
ع : کیا بیاں کریے کہ شرم آتی ہے عرضِ حال سے۔
ع : جی چاہتا ہے شیخ کی پگڑی اتاریے۔
ع : دروازہ کھلنے کا نہیں، گھر کو سدھاریے۔
ع : بانگِ جرس کی طرح کہاں تک پکاریے۔
ع : رہیے اب ایسی جگہ چل کر، جہاں کوئی نہ ہو۔
ع : پڑیے گر بیمار، تو کوئی نہ ہو بیمار دار۔

ع: چاہیے اچھوں کو، جتنا چاہیے۔

③

**الف:**

جن لفظوں کے آخر میں ''واو'' ساکن ہوتا ہے، ان میں ''واو'' پر ''ہمزہ'' نہیں آ سکتا، جیسے: دیو، جنیو۔ اِسی طرح جن لفظوں کے آخر میں یے ساکن ہوتی ہے (اور اُس سے پہلے ''الف'' یا ''واو'' ہوتا ہے) تو اُس پر بھی ہمزہ نہیں آ سکتا۔ جیسے: ''گاے'' اگر اُس کو ''گائے'' لکھا جائے گا تو لفظ ہی بدل جائے گا، اور اب یہ ''گانا'' مصدر کا ایک فعل ہوگا، جیسے: اُس سے کہو کہ وہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



گانا گائے، چند ایسے لفظ درج ذیل ہیں:

راے، گاے، ہاے، چاے، واے، براے،
آبنائے، سواے، بجاے، سہاے، سراے، وائسراے،
اُپاے۔

## بعض مثالیں:

ہر وقت چاے کا وقت۔ آپ کی راے کیا ہے؟
گاے کا دودھ پی لو۔ ان کے بجاے کون آئے گا؟
ہندستان کا آخری وائسراے کون تھا؟ ہر وقت ہاے ہاے مت کیا کرو۔
راے بہادر صاحب نے کیا کہا تھا؟

ایسے لفظوں کے لکھنے میں یہ غلطی اکثر دیکھنے میں آتی ہے کہ ''یے'' پر ''ہمزہ'' کو بھی مسلط کر دیا جاتا ہے اور اُس سے اِملا چوپٹ ہو جاتا ہے۔ مثلاً: ''چاے'' تین حرفی لفظ ہے، جس کے آخر میں ''یے'' ہے اور اُس سے پہلے ''الف'' ہے' اگر اِس کو ''چائے'' لکھا جائے تو یہ چار حرفی لفظ ہو جائے گا اور ''الف'' اور ''یے'' کے بیچ میں ایک اور حرف (ہمزہ) آ جائے گا۔

جب کہ اِس کے لیے گنجائش ہی نہیں۔ تین حرفی لفظ، چار حرفی بن جائے۔ اس سے لفظ بھی بگڑے گا اور اِملا بھی۔

## (ب)

اِسی طرح جن لفظوں کے آخر میں یے ہو اور اِس سے پہلے والے حرف پر زبر ہو، جیسے: مے؛ تو ایسے لفظوں میں بھی ''ہمزہ'' کے لیے کوئی جگہ نہیں۔ ایسے لفظ یہ ہیں:

مَے، نَے، لَے، شَے، پَے، پیالَے، درپے،
پےدرپے، قَے، جَے، ہَے، طَے، رے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# اضافت

''ہمزہ'' کا سب سے زیادہ غلط استعمال اضافت کی صورت میں ہوتا ہے۔ اضافت کا سیدھا سا قاعدہ یہ ہے کہ لفظ کے آخری حرف پر اضافت کا زیر آ جاتا ہے۔ جیسے ایک لفظ ہے ''دل'' اضافت کی صورت میں لام پر زیر آ جائے گا، جیسے: دلِ عاشق ایسے لفظوں کے لکھنے میں غلطی بھی نہیں ہوتی۔ غلطی ہوتی ہے اُن لفظوں میں جن کے آخر میں ''ی'' یا ''یے'' ہوتی ہے کہ اُس ''ی'' پر ''ہمزہ'' لکھ دیا جاتا ہے۔ حالاں کہ قاعدے کے مطابق ''ی'' پر زیر آ جائے گا، اور بس، جیسے ایک لفظ ہے ''بندگی'' اضافت کی صورت میں، اِس کی ''ی'' پر زیر آ جائے گا: ''بندگی''، جیسے: بندگِی خدا، اس کو ''بندگی ءخدا'' لکھنا بالکل غلط ہوگا۔ جیسا کہ پہلے لکھا جا چکا ہے، اُردو میں ایک آواز کے لیے دو حرف نہیں آتے، تو پھر یہاں اضافت کے لیے دو حرف (ی اور ء) کیسے جمع ہو جائیں گے؟

اگر کسی نے ''بندگی ءخدا'' لکھا ہے تو اسے یا تو ''بندگی ءِخدا'' پڑھنا پڑے گا، یا پھر ''بندگ ءِخدا'' ماننا ہوگا اور ظاہر ہے کہ یہ دونوں صورتیں ٹھیک نہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# (الف)

اس قاعدے کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے کہ (الف) لفظ کے آخر میں اگر ''ی'' ہے تو اضافت کی صورت میں اور الفاظ کی طرح، اُس ''ی'' پر (جو لفظ کا آخری حرف ہے) اضافت کا زیر آ جائے گا، ہمزہ کبھی نہیں آئے گا، جیسے:

| | | |
|---|---|---|
| بندگیِ خدا، | مرضیِ مولا، | سواریِ ریل، |
| زندگیِ بے وفا، | والیِ شہر، | خرابیِ اخلاق، |
| درستیِ املا، | خوبیِ قسمت، | مجبوریِ اخلاقِ، |
| سردیِ کشمیر، | گرمیِ قیامت، | صراحیِ شراب، |
| جوانیِ بے پروا، | فارسیِ جدید، | تیاریِ سفر، |
| دوریِ وطن | فدویِ خاص، | کرسیِ صدارت، |
| تازگیِ خیال، | بے خودیِ عشق، | |

## بعض مثالیں:

ع : ذرا ہو گرمیِ صحبت تو خاک کر دے چرخ۔

ع : اف ری تپ گرمیِ محبت۔

ع : تھی برہمیِ زلفِ پریشاں کی شکایت۔

ع : ہم نے اس زندگیِ عشق میں کیا کیا دیکھا۔

# (ب)

ایسے بہت سے لفظ ہیں جن کے آخر میں ''ئی'' کا لاحقہ شامل کر کے، اسمِ فاعل وغیرہ بنا لیتے ہیں، جیسے ''رعنا'' سے ''رعنائی'' اور ''زیبا'' سے ''زیبائی'' وغیرہ اضافت کی صورت میں ایسے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لفظوں میں بھی ''ی'' پر اضافت کا زیر آ جائے گا، جیسے:

زیبائیِ چمن، رعنائیِ خیال، رسوائیِ عاشق، صفائیِ شہر

گدائیِ شہرت، بے وفائیِ دنیا، خدائیِ فرعون، جدائیِ معشوق

یکتائیِ محبوب۔

یہ پہلے ہی لکھا جا چکا ہے کہ عطف کی صورت میں بھی ''ی'' پر ''ہمزہ'' کبھی نہیں لکھا جائے گا، جیسے: زندگی و موت، جوانی و پیری، رعنائی و زیبائی، خدائی و بندگی وغیرہ۔

## (ج)

کچھ لفظ ایسے ہیں جن کے آخر میں ''ی'' موقوف ہوتی ہے یعنی ''ی'' سے پہلے والا حرف بھی ساکن ہوتا ہے جیسے: سعی، نہی، نفی۔

اضافت (اور عطف) کی صورت میں اس ''ی'' پر بھی ''ہمزہ'' کبھی نہیں آئے گا۔ قاعدے کے مطابق ''ی'' پر اضافت کا زیر آئے گا۔ جیسے:

وحیِ خدا، سعیِ غیر، وحی والہام، نفی واثبات

ع : سعیِ لا حاصل مداوائے مریضِ عشق ہے۔

ع : نہی مے خواری کرے جس دم وہ محبوبِ خدا۔

ع : وحی والہام سے بڑھ کر ہے یہاں کون سی چیز۔

## (د)

اشعار میں کبھی کبھی شعری ضرورت سے لفظ کے آخر کی ''ی'' مشدد بھی ہو جاتی ہے۔ جیسے: سردیِ حنا پہنچے ہے عاشق کے جگر تک۔ یہاں بھی ''ہمزہ'' کی گنجائش نہیں یعنی اِس کو ''سردئ حنا'' لکھنا قطعاً غلط ہوگا۔ تشدید کی جگہ ''ہمزہ'' کسی بھی صورت میں نہیں آ سکتا۔ بعض مثالیں:

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سرخیِ رنگِ رخ سے چمک اور بڑھ گئی۔

زندگیِ بے وفا! تجھ سے محبت کیا کریں بے گانگیِ اہلِ دنیا سے کیا غرض ہے۔

ساقیِ مست نے جو اُٹھایا تھا جامِ مے۔

## (ہ)

جن لفظوں کے آخر میں ''یے'' ہوگی، وہاں بھی اضافت کے لیے ''یے'' پر ''ہمزہ'' نہیں آئے گا، اُس ''یے'' کو مسکور مان لیا جائے گا۔ ہاں، اُس ''یے'' پر اضافت کا زیر لگانے کی ضرورت نہیں، جیسے:

برائے خدا، بجائے غنچہ وگُل، سرائے فانی، چائے گرم،

رائے عالی، جائے رحم، پائے خیال۔

ان کو ''برائے خدا'' یا ''سرائے فانی'' یا ''رائے عالی'' لکھنا غلط ہوگا۔ ایک اضافت کے لیے ''یے'' اور ء، دو دو حرف کیسے آ سکتے ہیں؟

## بعض مثالیں:

ع : سوائے بے کسی اب کوئی آسرا نہ رہا۔

ع : بجائے غنچہ وگُل ہے ہجومِ خار وخس یاں تک۔

ع : دنیا بھی عجب سرائے فانی دیکھی۔

ع : رائے عالی میں جو آتا ہے وہ مجھ سے کہیے۔

ع : منہ سے کچھ تو کہو برائے خدا۔

ع : کر رہا صیاد جلدی سے کہ جائے رحم ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## (و)

مے، نے کی طرح کے لفظ، جن میں ''یے'' سے پہلے والے حرف پر زبر ہوتا ہے، اضافت کی صورت میں یہ ''یے'' بھی مکسور ہو جائے گی اور ہمزہ یہاں بھی نہیں آ سکتا۔ البتہ اس ''یے'' پر اضافت کا زیر ضرور لگایا جائے گا، جیسے:

مےِ صاف، شےِ دیگر، شےِ لطیف، پےِ دنیا، درپےِ آزار۔

عطف کی صورت میں بھی ایسے الفاظ میں ''ہمزہ'' کبھی نہیں آئے گا، جیسے: نے و نغمہ، مے و معشوق وغیرہ۔

اِس بات کو اصول کی حیثیت سے یاد رکھنا چاہیے کہ اضافت کی صورت میں اور عطف کی صورت میں ''ی'' یا ''یے'' پر ''ہمزہ'' کبھی نہیں آئے گا۔

## (ز)

جن لفظوں کے آخر میں ''الف'' ہوتا ہے، اضافت کی صورت میں اُن کے آگے ایک ''یے'' کا اضافہ کیا جاتا ہے، جیسے ''دنیا'' سے ''دنیاے فانی'' اِس ''یے'' پر بھی ''ہمزہ'' کبھی نہیں آئے گا۔ جیسے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| دنیاے رنگ و بو، | ابتداے عشق، | انتہاے تلاش، | اِملاے اُردو، |
| شرفاے قوم، | سزاے قید، | خداے بزرگ، | انبیاے کرام، |
| دعاے مظلوم، | مدعاے ضروری، | تقاضاے شوق، | دواے دردِ دل |
| مبتلاے آفت، | شہداے کربلا، | علماے کرام، | تمناے عاشق |
| تماشاے دنیا۔ | | | |

ع : گُل کی جفا بھی دیکھی، دیکھی وفاے بلبل۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ع : تماشائے اہلِ کرم دیکھتے ہیں۔

ع : ابتدائے شوق میں یہ حال ہے۔

ع : وہ جو بیچتے تھے دوائے دل، وہ دکان اپنی بڑھا گئے۔

ع : جفائے آسماں کا شکوہ مت کر۔

ع : انتہائے شوق کا ہے یہ مآل۔

## (ح)

اِسی طرح جن لفظوں کے آخر میں واو (معروف یا مجہول) ہوتا ہے، اضافت کی صورت میں اُن کے آگے بھی ''یے'' کا اضافہ کیا جاتا ہے، جیسے: ''گفتگو'' سے ''گفتگوئے شوق۔''

بوئے گل، سوئے چمن، خوش بوئے وفا، چارسوئے دہر

روئے دوست، کوئے ملامت، پہلوئے غیر، بازوئے حبیب

آرزوئے تسکین، آبروئے وطن، گیسوئے سیاہ، جادوئے بنگال،

خوئے رشک۔

ع : بوئے گل، رنگِ چمن، اور یہ عمر گذراں۔

ع : پھر وہ سوئے چمن آتا ہے، خدا خیر کرے۔

ع : دل پھر طوافِ کوئے ملامت کو جائے ہے۔

ع : اُس کو کچھ ڈر نہیں، منہ سوئے خدا ہے جس کا۔

ع : سعیِ لا حاصل مداوائے مریضِ عشق ہے۔

(فائدہ):

ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ جب شعر میں ''واوِ'' معروف خوب کھینچ کر نہ پڑھا جائے، اُس

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



صورت میں اُسی ''واو'' پر اضافت کا زیر لگا دیتے ہیں اور ''یے'' کا اضافہ نہیں کرتے۔ جیسے:

ع : گیسوِ تاب دار کو اور بھی تاب دار کر۔

ع : دُکھنے لگے پہلوِ فراشی۔

یہ مناسب طریقہ ہے۔ مگر اس کا تعلق نظم سے ہے۔ نثر میں ہمیشہ ایسے موقوف پر ''یے'' کا اضافہ کیا جائے گا۔

## (ط)

جن لفظوں کے آخر میں ''واو'' ساکن ہو اور اُس سے پہلے والے حرف پر کوئی حرکت ہو یا سکون ہو، جیسے: پیرو، سَرو؛ تو اضافت کی صورت میں اُس ''واو'' پر زیر آ جائے گا، ''یے'' کا اضافہ نہیں کیا جائے گا، جیسے:

پیروِ اُستاد، سروِ باغ، خسروِ پرویز۔

-☆-

پاے (پیر)، جاے (جگہ)، سواے، پاے (فارسی کے ایک مصدر ''پاییدن'' کا امرِ حاضر)؛ یہ لفظ کبھی مع ''یے'' آتے ہیں اور کبھی اُس کے بغیر، یعنی پا اور پاے، جا اور جاے، سوا اور سواے۔

یہ لفظ مع ''یے'' خواہ اضافت کے ساتھ آئیں یا اضافت کے بغیر، مفرد ہوں یا مرکب، ہر صورت میں صرف ''یے'' لکھی جائے گی، اِس پر ہمزہ کبھی نہیں لکھا جائے گا۔ جیسے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| پابند، | پاے بند، | پامال، | پاے مال، |
| پاے مالی۔ پابوس، | پاے بوس، | پاے بوسی۔ پاے دان، | پاے تخت، |
| پاے درِگِل، | پاے دار (پایدار)، | پاے داری (پایداری)، | جاداد، |
| جاے داد، | جاے گاہ، | جاے ادب، | جانشین، |

جاے نشین، پازیب

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ع : فقط موتیوں کی پری پائے زیب۔

ع : جھلک پائجامے کی دامن سے یوں۔

ع : چاندنی کی جائے بچھتی ماہ تاب۔

ع : کررہا صیاد جلدی سے کہ جائے رحم ہے۔

جب لفظ کے آخر میں ''الف''، ''واؤ''، ''ی'' یا ''یے'' ہو، تو کسی بھی صورت میں اضافت کے لیے ''ہمزہ'' نہیں آئے گا۔ اضافت کے لیے ''ہمزہ'' صرف ایک صورت میں آتا ہے جب کہ لفظ کے آخر میں ''ہائے مختفی'' ہو، جیسے: نامۂ شوق، اس ایک صورت کے علاوہ اور کسی صورت میں اضافت کے طور پر ''ہمزہ'' نہیں آئے گا۔ ان قاعدوں کو مختصراً پھر لکھا جاتا ہے:

① جب لفظ کے آخر میں ''ی'' ہوگی تو اضافت کی صورت میں اِس ''ی'' پر زیر آجائے گا، جیسے: بندگیِ خدا، رعنائیِ تصور۔

② جب یہ ''ی'' مشدّد ہوگی، تو ''ی'' کے اوپر تشدید لکھی جائے گی اور اِس کے نیچے اضافت کا زیر آئے گا، جیسے: ع: سردیِ حنا پہنچے ہے عاشق کے جگر تک۔

③ جن لفظوں کے آخر میں ''یے'' (جزوِ لفظ کی حیثیت سے) ہوگی، ایسے لفظوں میں ''یے'' پر ہمزہ کبھی نہیں لکھا جائے گا، جیسے: رائے، چائے، ہائے۔

④ اضافت کی صورت میں ایسے لفظوں کی ''یے'' کو مکسور مان لیا جائے گا۔ اُس ''یے'' پر نہ ہمزہ آئے گا اور نہ اس کے نیچے زیر آئے گا، جیسے: رائے عالی، سرائے کہنہ، چائے گرم۔

⑤ جب لفظ کے آخر میں ''الف'' یا ''واؤ'' (معروف یا مجہول) ہوگا تو اضافت کے لیے ''یائے'' مجہول کا اضافہ کیا جائے گا۔ یہ ''یائے'' مجہول، اضافت کی علامت کی حیثیت سے آئے گی، اِس لیے اس ''یے'' پر ''ہمزہ'' نہیں لکھا جائے گا، نہ اُس پر زیر لگایا جائے گا، جیسے: ابتدائے شوق، انتہائے غم، گفتگوئے غیر، پہلوئے غیر۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



⑥ جن لفظوں کے آخر میں ''یے'' ہو اور اُس کا ماقبل مفتوح ہو، تو اُس ''یے'' پر اضافت کا زیر لگایا جائے گا، جیسے: مےِ صاف، شےِ دیگر۔

⑦ جن لفظوں کے آخر میں ''واؤ'' ہو اور اُس کا ماقبل مفتوح یا مکسور یا ساکن ہو، اِن صورتوں میں اسی ''واؤ'' پر اضافت کا زیر آئے گا، جیسے: پیروِ میر، سروِ باغ۔

⑧ جن لفظوں کے آخر میں واؤ معروف ہو اور شعر میں وہ خوب کھینچ کر نہ پڑھا جائے تو یہ جائز ہو گا کہ اُس کے آگے علامت اضافت (یے) کا اضافہ کرنے کے بجائے اُسی ''واؤ'' پر زیر لگا دیا جائے جیسے: گیسوتاب دار کو اور بھی تاب دار کر۔ مگر دو حرفی لفظوں کے آگے ''یے'' کا اضافہ کرنا چاہیے۔

-☆-

''مبدء'' اور ''سوء'' یہ دونوں عربی کے لفظ ہیں اور اُردو میں اسی طرح مستعمل ہیں، اضافت کی صورت میں ''ہمزہ'' پر اضافت کا زیر آ جائے گا، جیسے:

سوءِ ظن، سوءِ ہضم، سوءِ اتفاق، سوءِ ادب،
مبدءِ فیض، مبدءِ فیاض، مبدءِ اول۔

# لفظ کے آخر میں ''یا'' کا استعمال

## (الف):

ایسے لفظ جن کے آخر میں ''یا'' ہوتا ہے جیسے: بہروپیا، کباڑیا، دیا (چراغ)، ڈوریا، محرف صورت میں اور جمع کی صورت میں، اِن میں ''الف'' کی جگہ ''یے'' آ جاتی ہے، جیسے: بھیڑیا اور بھیڑیے، یاد رکھنے کی بات یہ ہے کہ اِس صورت میں لفظ کے آخر میں دو ''ی'' یک جا ہوتی ہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پہلی ''ی'' تو لفظ کا جز ہوتی ہے (بھیڑِ ی) اور دوسری ''ی'' کا اضافہ کیا جاتا ہے (بھیڑِ ی)۔ ظاہر ہے کہ ہمزہ یہاں نہیں آ سکتا۔ اِسی طرح جب جمع کے لیے ''وں'' کا اضافہ کیا جائے گا، تب بھی ''ہمزہ'' نہیں آئے گا۔ مثال کے طور پر ایسے کچھ لفظوں کو لکھا جاتا ہے، ایسے باقی لفظوں کو اُن پر قیاس کیا جا سکتا ہے:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بنیا، | بنیے (بن ی ے)، | بنیوں، | پُربیا، | پربیے، |
| پربیوں، | بہروپیا، | بہروپیے، | بہروپیوں، | پہیا، |
| پہیے، | پہیوں۔ | بھکتیا، | بھکتیے، | بھکتیوں، |
| تولیا، | تولیے، | تولیوں، | بھیا، | بھیے، |
| بھیوں، | پہاڑیا، | پہاڑیے، | پہاڑیوں، | جانگیا، |
| جانگیے، | جانگیوں، | دِیا (چراغ)، | دِیے، | دِیوں، |
| لہریا، | لہریے، | لہریوں، | ڈاکیا، | ڈاکیے، |
| ڈاکیوں، | کباڑیا، | کباڑیے، | کباڑیوں، | ہنسیا، |
| ہنسیے، | ہنسیوں۔ | | | |

## (ب):

جن لفظوں کے آخر میں ''یہ'' (ی اور ہائے مختفی) ہو، جیسے: مرثیہ، تعزیہ؛ ان کی بھی یہی صورت ہے کہ محرف صورت میں ''ہ''، ''یے'' سے بدل جائے گی، مثلاً: تعزیہ، تعزیے، (تعزِ ی ہ ...... تعزِ ی یے) ایسے کچھ لفظ درج ذیل ہیں:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مرثیہ، | مرثیے، | مرثیوں۔ | تجزیہ، | تجزیے، | تجزیوں۔ |
| نظریہ، | نظریے، | نظریوں۔ | تصفیہ، | تصفیے، | تصفیوں۔ |
| اشاریہ، | اشاریے، | اشاریوں۔ | قافیہ، | قافیے، | قافیوں۔ |

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ادار یہ، | ادار یے، | اداریوں۔ | دہریہ، | دہریے، | دہریوں۔ |
| انشائیہ، | انشائیے، | انشائیوں۔ | بخیہ، | بخیے، | بخیوں۔ |

(ج):

فارسی عربی کے سب لفظوں کی یہی صورت ہوگی:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سایہ، | سایے، | سایوں۔ | کرایہ، | کرایے، | کرایوں۔ |
| ہم سایہ، | ہم سایے، | ہم سایوں۔ | سرمایہ، | سرمایے (سرمائے)۔ | |
| پیرایہ، | پیرایے، | پیرایوں۔ | آیہ (''آیت'' کی صورت) آیے۔ | | |
| پایہ، | پایے، | پایوں۔ | چوپایہ، | چوپایے، | چوپایوں۔ |

(فائدہ):

ایسے فارسی عربی لفظوں کی سب صورتوں میں (مفرد ہوں یا مرکب) پہلی ''ی'' برقرار رہے گی، کیوں کہ وہ لفظ کا جز ہے، جیسے لفظ ہے ''ہم سایہ'' اس میں ''ی'' جزوِ لفظ ہے، اس لیے جب ''ہم سایگی'' بنے گا تو وہ اپنی جگہ پر رہے گی..... ایسے کچھ لفظ:

| | |
|---|---|
| ہم پایہ | ہم پایگی |
| ہم سایہ | ہم سایگی |
| بے مایہ | بے مایگی |

# آخری حرف ''ش''

فارسی کے کچھ حاصل مصدر ہیں جن میں آخری حرف ''ش'' ہوتا ہے اور اس سے پہلے ''ی'' ہوتی ہے، جیسے: نمایش، اُن کو اِسی طرح لکھا جائے گا، ''ی'' کی جگہ ''ہمزہ'' نہیں آئے گا۔ ایسے حاصل مصدر:

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | | | |
|---|---|---|---|
| آسایش، | آرایش، | آزمایش، | افزایش، |
| آسایش، | آلایش، | بخشایش، | پیمایش، |
| ستایش، | فرمایش، | کشایش، | گنجایش، |
| نمایش۔ | | | |

حاصل مصدر بنانے کا ایک قاعدہ یہ ہے کہ امرِ حاضر کے آگے ''ش'' بڑھایا جاتا ہے۔ جیسے مصدر ہے: آراستن، اُس کا مضارع ہوگا: آراید، اُس سے امر بنے گا: آرائے، اور حاصل مصدر بنانے کے لیے اُس امر کے آگے جب ''ش'' کا اضافہ کیا جائے گا تو ''آرایش'' ہوگا:

(آرائے + ش = آرایش)

جن مصدروں کے فعل مضارع میں ''ید'' ہوگا، اُن سے بننے والے افعال واسما میں وہ ''ی'' برقرار رہے گی، کیوں کہ وہ جزوِ لفظ ہے، جیسے ایک مصدر ہے ''شایستن'' اُس کا مضارع ''شاید''، ''شایستہ'' اسمِ مفعول ہے، ''شایستگی'' اِسی سے بنا ہے، ''شایاں'' بھی اِسی مصدر سے بنا ہے۔ اُردو میں ایسے کچھ الفاظ مستعمل ہیں، مثلاً:

| | | | |
|---|---|---|---|
| آیندہ (زمانہ آیندہ)، | پایندہ (پایندہ باد، | پائے دار، | پائے داری، |
| پایندگی، | شاید، | باید و شاید، | بایست (بہ قدر بالیست) |
| شایاں، | شایستہ، | شایستگی، | نمایندہ، |
| نمایندگی، | نمایاں، | نمایشی | آزمایشی، |
| آرایشی، | ستایشی، | ستایش گر، | ستایش گری |
| پیدایش، | فہمایش، | رہایش، | زیبایش، |
| گرمایش۔ | | | |

یہ لفظ خلاف قاعدہ بنے ہوئے حاصل مصدر ہیں۔ ان کو بھی اِسی طرح لکھا جائے گا۔

رایگاں، شایگاں، اِن دونوں لفظوں میں تیسرا حرف ''ی'' ہے۔ اِن کو اِسی طرح لکھا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جائے گا اوپر جس قدر لفظ لکھے گئے ہیں، اُن میں ''ی'' کی جگہ ہمزہ لکھنا ٹھیک نہیں ہو گا۔ مثلاً ''نمائندہ، شائستہ، رائگاں، پائداری'' (وغیرہ) لکھنا غلط ہو گا ہر جگہ ''ہمزہ'' کی جگہ ''ی'' لکھی جائے گی۔

(فائدہ):

''سرمایہ دار'' اور ''سایہ دار'' ان دو کلموں کو واحد جمع دونوں صورتوں میں اسی طرح لکھا جائے گا۔ جیسے: وہ بڑا سرمایہ دار ہے، اور سرمایہ داروں نے جال پھیلا رکھا ہے۔ یہ درخت سایہ دار ہے، اور سایہ دار درخت ہر طرف لگے ہوئے ہیں۔

## آخر میں ''یت'' کا استعمال

حمایت، ولایت، عنایت جیسے لفظ، جن کے آخر میں ''یت'' ہے، جب (اسمِ فاعل یا اسمِ منسوب بنانے کے لیے) ان کے آگے ''ی'' کا اضافہ کیا جائے گا تو وہ پہلی ''ی'' اپنی جگہ پر رہے گی، جیسے: ''حمایت'' سے ''حمایتی'' (حمای ت+ی= حمایتی) اِس کو ''حمائتی'' لکھنا غلط ہو گا۔ اِسی طرح ولایتی، عنایتی، پنچایتی وغیرہ۔

## دو ''ی'' کا استعمال

عربی کے کچھ مصدر ہیں (بابِ تفعیل سے) جن میں اصلاً دو ''ی'' یک جا ہیں، جیسے: تعیین، ایسے سات مصدر اُردو میں کچھ زیادہ مستعمل ہیں۔ ان میں سے دو مصدر تو اصل کے مطابق ہی استعمال میں آتے ہیں، وہ یہ ہیں: تعیین اور تبیین، اور باقی پانچ مصدروں میں پہلی ''ی''، ''ہمزہ'' سے بدل گئی ہے، یہ ہیں: تذلیل، تخئیل، تزئین، تغئیر ان کو اسی طرح لکھنا چاہیے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## لاحقہ ''یل''

اُردو کا ایک لاحقہ ہے ''یل'' جیسے: اڑیل، سڑیل، دڑھیل، اس میں ''ی'' پر زبر ہے، اس لئے وہ پوری طرح تلفظ میں آتی ہے اور اسی لیے اُس کو لکھا جاتا ہے۔ اُن کو ''سڑئل'' (وغیرہ) لکھنا غلط ہوگا۔

یہ قاعدہ ہے (قاعدہ کُلیہ) کہ جب درمیانِ لفظ میں ''ی'' پر زیر ہوگا تو اُس جگہ ''ہمزہ'' کبھی نہیں آئے گا اور مکسور ہونے کی صورت میں ''ہمزہ'' آئے گا۔ جیسے سہایک (سہای ک) کو جب بہ فتح چہارم پڑھا جائے گا تو وہ چوتھا حرف لازماً ''ی'' ہے اور اگر اُس کو بہ کسر چہارم پڑھا جائے تو پھر یہ ''سہائک'' ہوگا۔ اِسی طرح نراین، نایک، گھایل، پایل وغیرہ۔ مثلاً: ''محمل'' اور ''بادل'' کے قافیے میں ''گھایَل'' آئے گا اور ''دِل'' اور ''بسمل'' کے قافیے میں ''گھائِل'' آئے گا۔

## انگریزی لفظ شیکسپیر وغیرہ

### (الف):

نیچے انگریزی کے کچھ لفظ لکھے جا رہے ہیں، اِن میں اور اِن کی طرح کے اور سب لفظوں میں، خواہ وہ کسی زبان کے ہوں، آخر سے پہلے والے حرف کی جگہ پر ''ی'' لکھی جائے گی، ''ہمزہ'' کبھی نہیں آئے گا اور وجہ وہی ہے کہ یہ ''ی'' مفتوح ہے اور اس سے پہلے والے حرف پر زیر (کسرہ) ہے، جو ''ی'' سے موافقت رکھنے والی حرکت ہے۔ ایسے کچھ لفظ:

جونیئر (جونِ یَ ر)، سینیر، پانیر، کیشیر، برگیڈیر

میَر (م یَ ر)، ہیئر ڈریسر، پیر، شیکسپیر، بودلیر

کیریر، ایریر، سووی نیر، انڈین، ایرنین،

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ایشین، اسیشین، آرین، کمیڈین، لائبریرین،
چمپین، سویلین، پویلین، کسٹوڈین، وکٹورین،
سیریل، امپیریل۔

(ب):

اوپر جولفظ لکھے گئے ہیں ان میں ''ی'' مفتوح ہے۔ اِس قاعدے کو پھر لکھا جاتا ہے کہ مکسور ہونے کی صورت میں ایسے مقامات پر ''ہمزہ'' آئے گا، جیسے:

رائفل (راءِفل)، جائفل، چائنا، وائنا، ٹرائل،
سائکالوجی، مزائل، سائڈ، بائبل، سائکل،
لائٹ، پائپ، ٹائپ، سائز، فائل، ڈائرکٹر،
وائن، ٹائل، مائنس، سائنس، نائٹروجن۔

## اسمِ فاعل میں ہمزہ کا استعمال

(الف):

عربی کے بہت سے اسمِ فاعل ایسے ہیں جن میں ''ہمزہ'' لکھا جائے گا: ایسے کچھ لفظ:

قائل، سائل، مائل، قائم، دائم، صائم،
متشائم، لائق، فائق، تائب، نائب، صائب،
غائب، دائر، سائر، زائر، طائر، ضائع،
شائع، فائز، جائز، عائد، زائد، مطمئن

(ب):

یہی صورت بہت سی جمعوں کی ہے:

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خزائن، قرائن، دفائن، نفائس، نقائص، فرائض،
قبائح، لوائح، وقائع، صنائع، بدائع، ذرائع،
شرائط، نتائج، جرائد، فوائد، عقائد، حمائد،
قصائد، شدائد، وظائف، طوائف، کوائف، عجائب،
غرائب، حقائق، وقائق، فائق، مسائل، فضائل،
رسائل، وسائل، دلائل، قبائل۔

اِس انداز کے سب اسمِ فاعل اور اسمائے جمع اِسی طرح مع ہمزہ لکھے جائیں گے۔

(ج):

کچھ متفرق لفظ:

معائنہ، ذائقہ، طائفہ، دائرہ، جائزہ، قائمہ، زائچہ،
کائنات، آئنہ، آئینہ، آئین، تائید، پائیں، پائنتی،
کائیاں، دائیں، بائیں۔

آپ نے دیکھا ہوگا کہ جہاں جہاں ''ہمزہ'' آیا ہے، وہاں وہاں اُس پر زیر ہے اور یہی پہچان ہے اِس کی کہ یہاں لازماً ''ہمزہ'' لکھا جائے گا۔ مثلاً ایک لفظ ہے ''گا یک''۔ یہ دو طرح تلفظ میں آتا ہے۔ جب اس کو بہ کسر حرفِ سوم بولا جائے گا تو لکھا جائے گا ''گائک'' اور جب بہ فتح سوم تلفظ میں آئے گا تو ''گا یک'' ہوگا۔

## مغلئ اور سرمئ جیسے لفظ

مغلئ اور سرمئ کے انداز کے بہت سے لفظ ہیں۔ اِن سب لفظوں میں آخری ٹکڑا ''ئی'' ہے (ءی) یہ بول چال میں کسی بھی طرح آئیں، ان کو لکھا جائے گا اسی طرح:

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



فالسئی، پستئی، اگرئی، سرمئی، مغلئی، باجپئی
لچئی، چلنئی، مئی، بڑھئی، گجئی، بھئی
کسنئی، گرئی، مکئی۔

## ی ۔ یے

''ی'' اور ''یے''، ایک ہی حرف کی دو صورتیں ہیں جو لفظ کے آخر میں آتی ہیں۔ اس فرق کے ساتھ کہ ''ی'' معروف آواز کے لیے آتی ہے۔ جیسے: زندگی، اور یے کبھی مجہول آواز کے لیے آتی ہے، جیسے: کرے اور کبھی اس کا ماقبل مفتوح ہوتا ہے۔

## (۱)

**الف:**

جب لفظ کے آخر میں ''ہائے مختفی'' ہوتی ہے تو محرف صورت میں۔ اُس لفظ کے آخر میں ''یے'' آجاتی ہے۔ جیسے کعبہ اور کعبے سے۔ اِسی طرح چار دروازے اور دو راستے۔ اس کا ہمیشہ خیال رکھنا چاہیے کہ ایسی صورت میں ہمیشہ لفظ کو ''ہائے'' مجہول کے ساتھ لکھا جائے، ورنہ اِملا غلط ہو جائے گا، یعنی ''کعبہ میں'' غلط اِملا ہے۔ صحیح اِملا ہے ''کعبے میں'' کچھ لفظوں کے آخر کا ''الف'' بھی محرف صورت میں ''یے'' سے بدل جاتا ہے، جیسے: گھوڑا، اور گھوڑے پر، سہارا، اور سہارے کے بغیر۔

**ب:**

بُرقع، موقع، مطلع، مقطع، مصرع، موضع، مجمع،
مقنع، مطبع

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یہ نو لفظ ہیں۔ جمع کی صورت میں نیز محرف صورت میں اِن کے آخر میں ''یے'' کا اضافہ کیا جائے گا۔ جیسے: مطلعے میں، مقطعے سے، موقعے پر، چار مصرعے، دو بُرقعے۔

''ون'' کے ساتھ جب ان کی جمع بنے گی، تب ''ع'' کے آگے ''ون'' کا اضافہ کر دیا جائے گا، جیسے: مجمعوں میں، موقعوں پر، مطبعوں کا کام، مصرعوں کا شمار وغیرہ۔

''مصرعے'' لکھا جائے گا، یا ''مصرعوں''، دونوں صورتوں میں ''ع'' تلفظ میں الگ سے نہیں آتا، بلکہ ''یے'' اور ''و'' میں آمیز ہو جاتا ہے، مگر اِس کو لکھا ضرور جائے گا۔ اب اِن کی صورت یہ ہو گی:

مصرع، مصرعے، مصرعوں۔ مقطع، مقطعے، مقطعوں۔

مطلع، مطلعے، مطلعوں۔

## ''ی'' اور زیر کا استعمال۔

انگریزی کے ایسے بہت سے لفظ اُردو میں مستعمل ہیں جن کو لکھتے وقت یہ اُلجھن پیدا ہوتی ہے کہ فلاں حرف کے بعد ''ی'' لکھنا چاہیے، یا اس پر زیر مان لینا کافی ہو گا۔ مثلاً کچھ لوگ ''ایڈیٹر'' لکھتے ہیں اور کچھ ''اِڈیٹر'' کو صحیح سمجھتے ہیں۔ مگر اس پر سب کا اتفاق ہے کہ ''ڈال'' کے بعد ''ی'' ہے، اس سے یہ اُصول ہاتھ آیا کہ ایسے لفظوں میں جب حرف پر دباؤ زیادہ ہو تو اس کے بعد ''ی'' لکھنا چاہیے اور اگر دباؤ ہلکا ہو تو زیر کافی ہو گا۔ ایسے کچھ لفظ یہ ہیں:

پبلشر، کلاسکی، کیرکٹر، ڈائرکٹر، ڈِزائن، ڈرائنگ۔

اڈیٹر، اڈیشنل، اڈیشن، اِمپائر، اِگزامنر، اڈیسن،

اِس کے برخلاف، مندرجہ ذیل لفظ مع اضافہ ''یا'' سننے میں آتے ہیں:

پروفیسر، پریسیڈنٹ، پالیسی، یونی ورسٹی،

کیمپ، ایڈوکیٹ۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# گنتیاں

(الف):

چھے، اِس کو پہلے ''چھہ'' بھی لکھا جاتا تھا۔ اب کچھ لوگ اس کو ''چھ'' لکھتے ہیں، مگر ''چھ'' تو کوئی لفظ ہی نہیں ہوا۔ اِس کے ساتھ جب تک کسی اور حرف کو شامل نہ کیا جائے، اس وقت تک یہ حرکت کو قبول کر ہی نہیں سکتا۔ جیسے ایک لفظ ہے: پوچھ، اس میں آخری ٹکڑا ''چھ'' ہے۔ اِس طرح تو یہ آ سکتا ہے، ایک مستقل لفظ کے طور پر کیسے آ سکتا ہے؟

مختصر یہ کہ اب اس لفظ کو ''چھے'' لکھنا چاہیے، جیسے: چھے دن، چھے روپے وغیرہ۔ اِسی سے ''چھماہی'' بنتا ہے، جیسے:

ع : رسم ہے مردے کی چھماہی ایک......

''چھے'' سے چھیوں'' بنے گا۔ جیسے: چھیوں آدمی آ گئے۔ اِسی طرح ''چھیاسٹھ'' اور ''چھیتر'' سب میں ''چھے'' کی ''ی'' باقی رہے گی۔

(ب):

گیارہ سے اٹھارہ تک کی گنتیوں کے آخر میں ''ہ'' ہے (ہائے ملفوظ) ان کے آخر میں

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''الف'' لکھنا ٹھیک نہیں۔ یعنی صحیح اِملا ''بارہ'' ہوگا اور ''بارا'' لکھنا درست نہیں ہوگا۔ ان کو اس طرح لکھا جائے گا:

گیارہ، بارہ، تیرہ، چودہ، پندرہ، سولہ، سترہ، اٹھارہ۔د

(ج):

جب اِن سے اعدادِ ترتیبی بنیں گے تو ''ہائے ملفوظ''، ''ہائے مخلوط'' میں بدل جائے گی، جیسے:

بارہ، بارھواں، بارھویں۔

البتہ ''اٹھارہ'' کو ھ کے بغیر ہی لکھا جائے گا۔ یہ اِسی طرح مستعمل ہے۔ اس میں ایک ''ھ'' پہلے سے موجود ہے، غالبًا اسی لیے دوسری ''ھ'' جگہ نہیں بنا پائی۔ اب اعدادِ ترتیبی کی صورت یہ ہوئی:

| | | |
|---|---|---|
| گیارہ، | گیارھواں، | گیارھویں۔ |
| بارہ، | بارھواں، | بارھویں۔ |
| تیرہ، | تیرھواں، | تیرھویں۔ |
| چودہ، | چودھواں، | چودھویں۔ |
| پندرہ، | پندرھواں، | پندرھویں۔ |
| سولہ، | سولھواں، | سولھویں۔ |
| سترہ، | سترھواں، | سترھویں۔ |
| اٹھارہ، | اٹھارواں، | اٹھارویں۔ |

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(د):

## (اعدادِ استغراقی)

گیارھوں، بارھوں، تیرھوں، چودھوں،

پندرھوں، سولھوں، سترھوں، اٹھاروں۔

(ہ):

اُنیس سے اڑتالیس تک کی گنتیوں میں ''س'' سے پہلے ''ی'' ہے۔ کبھی کبھی بعض گنتیوں میں اِس ''ی'' کو چھوڑ دیا جاتا ہے اور جلدی میں ''اکتالس'' یا ''چونتیس'' وغیرہ قلم سے نکل جاتے ہیں۔ یہ ٹھیک نہیں۔ اِن سب گنتیوں میں ''س'' سے پہلے ''ی'' لکھی جائے گی:

اکیس، بائیس، تیئیس، وغیرہ۔

اکتیس، بتیس، چونتیس وغیرہ۔

اکتالیس، بیالیس، تینتالیس، چوالیس، وغیرہ۔

(و):

33 34 35 37 45 47 65

اِن سات اعداد کو جب لفظوں میں لکھا جائے گا، تو اِن میں نون غنہ ضرور آئے گا' اس طرح:

تینتیس، چونتیس، پینتیس، سینتیس، پینتالیس، سینتالیس، پینسٹھ۔

(ز):

سیکڑا، سیکڑوں، سیکڑے، ان میں نون غنہ موجود نہیں۔ ان کو ''سینکڑوں'' یا ''سینکڑا'' لکھنا صحیح نہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(ح):

69 سے 78 تک کی گنتیوں میں سے کچھ میں ہائے مخلوط (ھ) آتی ہے بعض میں ''ہائے ملفوظ'' اور بعض میں ''ہ'' آتی ہی نہیں۔ ان کو اس طرح لکھنا چاہیے:

اُنھتّر، ستّر، اکھتّر، بہتّر، تہتّر، چوہتّر، پچھتّر

چھیتّر، ستتّر، اُٹھتّر۔

(ط):

## اعدادِ ترتیبی

''پہلا'' اور ''دوسرا'' سے لے کر ''اُٹھتّر واں'' اور ''اُٹھتّر ویں'' تک اعدادِ ترتیبی کے لکھنے میں کچھ مشکل پیش نہیں آتی، اس طرح:

گیارھواں، گیارھویں، بیسواں، بیسویں،

اکتیسواں، اکتیسویں، اکیاونواں، اکیانویں۔ (وغیرہ)

البتہ 79 سے 99 تک کچھ اُلجھن ہو سکتی ہے، شاید اِس وجہ سے کہ 79 سے 99 تک کے اعداد اعدادِ ترتیبی کی صورت میں عموماً استعمال میں نہیں آتے، اس بنا پر نامانوس پن کا احساس ہوتا ہے۔ اِس سلسلے میں طریقہ یہ رہے گا کہ 79 سے 99 تک کے اعداد میں ''واں'' اور ''ویں'' کو ملا کر نہیں لکھا جائے گا اور یہ اِس لئے کہ (اور اعدادِ ترتیبی کی طرح) اِن کو ملا کر لکھنے میں عددی وضاحت ذرا کم ہو جاتی ہے اور بعض مواقع پر کسی طرح کا التباس بھی ہو سکتا ہے۔ ان اعداد کی صورت یہ ہوگی:

اُناسی واں، اُناسی ویں، اسّی واں، اسّی ویں،

اکیاسّی واں، اکیاسّی ویں، نواسی واں، نواسی ویں

تک۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یہ خیال رہے کہ ان سب اعداد میں اعدادِ معین کی ''ی'' تلفظ میں بہت خفیف ہو کر آتی ہے، یعنی ''اکیاسی واں'' کا تلفظ ''اکیاسواں'' کی طرح ہوتا ہے، مگر اِس ''ی'' کو لکھا ضرور جائے گا اور یہ دفعِ التباس کے لیے ہوگا۔ جیسے: ''پچاسی واں'' کو ''پچاسواں'' لکھا جائے تو اِس کا امکان ہے کہ تشدید کے چھوٹ جانے کی صورت میں اِس کو ''پچاسواں'' سمجھ لیا جائے۔

اِن اعداد کو اگر اس طرح لکھا جائے کہ عدد کو ہندسے کی صورت میں لکھ کر ''واں'' اور ''ویں'' کو اس کے ساتھ لکھا جائے، مثلاً:

90واں اور ''90ویں'' یا ''79واں'' اور ''79ویں'' تو زیادہ مناسب ہوگا۔

## (ی):

اُناسی، پچاسی، نناوے، اِن گنتیوں کو اِسی طرح لکھنا چاہیے۔ اِن میں کبھی ایک ''ی'' بھی شامل کر دی جاتی ہے۔ یعنی اِن کو ''انیاسی، پچیاسی، پچیانوے، ننیانوے'' لکھا جاتا ہے۔ یہ ٹھیک نہیں۔

-☆-

# لفظوں کو ملا کر لکھنا

دو لفظوں کو ملا کر نہیں لکھنا چاہیے۔ اُردو میں شوشے، جوڑ، نقطے، حرفوں کی مختلف صورتیں یہ سب کچھ اس قدر اور اس طرح ہے کہ اِن سب کے ساتھ دو یا زیادہ لفظوں کو ملا کر لکھنا، نگاہ کو مزید آزمایش میں مبتلا کرنا اور طالب علم کو حیران کرنا ہے۔

لکھنے اور پڑھنے کی آسانی اِس میں ہے کہ لفظوں کو ملا کر نہ لکھا جائے۔ اِس سے پڑھنے میں آسانی اور لکھنے میں سادگی کا فائدہ حاصل ہوگا۔ زبان صرف اچھے خاصے پڑھے لکھے لوگوں کے لیے نہیں ہوتی۔ وہ طالب علموں اور کم خواندہ لوگوں کے لیے بھی ہوتی ہے۔ ایک لکھا پڑھا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آدمی ''نیکبخت'' کے پڑھنے میں اُلجھن نہیں محسوس کرے گا، مگر ابتدائی درجوں کے طلبہ اور معمولی سطح کے آدمیوں کو اِس کے پڑھنے میں اُلجھن سے آنکھیں چار کرنا پڑیں گی۔ اِس لیے ضروری ہے کہ مرکب لفظ جو دو یا زیادہ لفظوں سے بنے ہوں، آپس میں ملا کر نہ لکھے جائیں، بل کہ ہمیشہ الگ الگ لکھے جائیں۔ اِس کی پابندی کرنا چاہیے۔

## (الف)

دو لفظوں کو ملا کر نہیں لکھا جائے گا، خواہ دو اسم ہوں، جیسے: خوب صورت، کہ اس کو ''خوبصورت'' نہیں لکھنا چاہیے، یا فعل ہوں، جیسے: آئے گا، چل گیا، دیکھیں گے۔ ہر صورت میں فعلوں کے ساتھ ایسے لاحقوں کو الگ لکھا جائے گا۔

## (ب)

اِسموں کے ساتھ جو سابقے آتے ہیں، ان کو بھی الگ لکھا جائے گا، جیسے: بہ خوبی، اَن پڑھ، بے ڈھنگا وغیرہ۔

## (ج)

کہ، چہ وغیرہ کو بھی الگ لکھا جائے گا، جیسے: کیوں کہ، چناں چہ، بل کہ۔

## (د)

جو مفرد لفظ آسانی کے ساتھ ٹکڑوں میں تقسیم ہو سکتے ہیں، اُن کو علاحدہ لکھا جائے گا، جیسے: بی بی، دَل دَل۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# (ہ)

انگریزی کے لفظوں کو اس طرح لکھنا چاہیے کہ وہ زیادہ سے زیادہ ٹکڑوں میں تقسیم ہو سکیں، جیسے: یونی ورسٹی، ٹرانس پورٹ۔

اُردو میں مرکبات کی تعداد بہت ہے۔ اس کے علاوہ، سابقوں اور لاحقوں سے مرکب ہونے والے الفاظ بھی بڑی تعداد میں ہیں۔ ذیل میں محض مثال کے طور پر، ایسے لفظوں کی مختصر سی فہرست پیش کی جاتی ہے:

''بہ'' خواہ لفظ کے شروع میں آئے، یا درمیان میں، اس کو الگ لکھنا چاہیے۔ اسی طرح حرفِ نفی ''نہ'' کو بھی ملا کر نہیں لکھنا چاہیے۔ ''بے'' کو بھی کلمے سے ملا کر نہیں لکھنا چاہیے، جیسے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| بہ خدا، | بہ نظرِ اصلاح، | بہ آسانی، | بہ کارِ خاص، |
| بہ رنگِ غالب، | بہ خوبی، | بہ ضدِ ادب، | دم بہ دم، |
| جا بہ جا، | تن بہ تقدیر، | جاں بہ لب، | نام بہ نام، |
| رو بہ قبلہ، | حرف بہ حرف، | نو بہ نو، | لب بہ لب، |
| نہ کرو، | نہ لکھو، | نہ دیکھیں گے، | نہ پوچھو، |
| نہ کہو، | نہ جائے، | بے دماغ، | بے وفا، |
| بے کلی، | بے لگام، | بے وجہ، | بے وقت، |
| بے ہوش، | بے ہوشی، | بے نوا، | بے نیاز، |
| بے نظیر، | بے کراں، | بے کس، | بے کسی، |
| بے لاگ، | بے مروت، | بے فائدہ، | بے فکرا، |
| بے طرح، | بے قابو، | بے قاعدہ | بے شرم، |

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بے شمار، بے ڈھب، بے تاب، بے تابی،
بے بس، بے باک، بے باکی، بے جرم،
بے درد۔

البتہ بجز، بجائے، بفضلہ، بہم، بغیر، بعینہ، یہ لفظ، مستثنا الفاظ کی حیثیت رکھتے ہیں، کیوں کہ یہ مفرد لفظوں کی طرح بن چکے ہیں، ان کو اسی طرح لکھا جائے گا:

اُن کو، اِس کو، مجھ کو، تجھ کو، اُس سے، مجھ سے،
تجھ سے، اِن سے، ہم نے، اُنھوں نے، جب تک، کب تک،
اب تک، ہم پر، اُس پر، اُس کا، اِن کا، کس کا،
وغیرہ۔

جو کلمے سابقوں یا لاحقوں کے طور پر کلمے کے شروع اور آخر میں آتے ہیں، اُن کو ملا کر نہیں لکھنا چاہیے، جیسے:

بیش تر، کم تر، خوب تر، خوش تر

البتہ ''بہتر'' کو اسی طرح لکھا جائے گا۔

فن کار، قلم کار، دست کار، غارت گر،
ستم گری، کاری گر، بازی گر، طلب گار،
خواست گار، کام گار، خدمت گار، نیل گوں،
گل گوں، ریگ زار، طرب زار، زعفران زار،
باغ بان، فیل بان، گاڑی بان نگہبان،
پری وش، ماہ وش، نام ور، سخن ور
خوف ناک، ہیبت ناک، نم ناک، تاب ناک،

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شرم ناک، رزم گاہ، تخت گاہ، عبادت گاہ،
غم کدہ، بت کدہ، آتش کدہ، صنم کدہ،
توپ خانہ، مے خانہ، بت خانہ، خم خانہ،
شراب خانہ، ڈاک خانہ، مہمان خانہ، خاص دان،
قلم دان، پان دان، روشن دان، دانش مند،
عقل مند، حاجت مند، دولت مند، خواہش مند،
کیوں کہ، چوں کہ، جب کہ، بل کہ،
بہ شرطے کہ، غرض کہ، چناں چہ، اَن جان،
اَن پڑھ، اَن داتا، اَن ہونی، شاہ کار،
شاہ راہ، شاہ باز، شاہ خرچ، شاہ رگ،
شہ رگ۔

## عام کلمے:

گل بدن، گل فام، گل رنگ، گل رخ،
گل قند، نیم خواب، نیم باز، یک مشت،
یک دل، غلط نامہ، سال نامہ، فال نامہ،
اہل کار، امام باڑا، آب دیدہ، خوب صورت،
خوب رو، خوش حال، خوش بو، خوش خبری،
دھرم شالا، دل دادہ، دل کش، دل گیر،
دل پذیر، دل دہی، ذی روح، ذی شان،
زبان داں، زیاں کار، شب خون، شب چراغ،

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



صاحب دل، صاحب قرآن، صبح دم، طالب علم،

عالی جناب، خوش خط، رس گلا، راج دلارا،

راج کمار، کان پور، جون پور، غازی پور،

سکھ پال، سنگ دل، سال گرہ وغیرہ۔

سرگیں، شرمگیں، غمگیں، اندوہگیں، اینچی، مشعلچی، دیگچی،

لڑکپن، بچپن، خاکسار، شرمسار، شاخسار، بازیچہ، غالیچہ،

بیلچہ، دیگچہ، پاسبان؛

جیسے چند لفظ ہیں جو مفرد لفظ بن چکے ہیں، اِن کو اسی طرح لکھنا چاہیے۔ مگر یہ خیال رہے کہ ایسے گنتی کے چند لفظ ہیں اور بس باقی سب کلموں کو الگ الگ ہی لکھنا چاہیے۔

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# اعراب

''اعراب'' سے مراد ہیں: زبر، زیر، پیش اور جزم۔ زبر، زیر پیش کو ''حرکات'' بھی کہتے ہیں۔ اُردو میں عام لفظوں پر زبر، زیر لگانے کا رواج نہ تھا اور نہ ہے مگر اب حالات نے کچھ ایسی صورت پیدا کر دی ہے کہ بہت سے لفظوں پر اعراب کی ضرورت کا احساس ہوتا ہے۔ عام الفاظ کے علاوہ، بعض مقامات یقیناً ایسے ہیں جہاں اعراب نگاری کو لازم قرار دینا چاہیے۔

ان میں سب سے زیادہ اہمیت اضافت کے زیر کی ہے۔ اضافت کے زیر کو لازماً لگانا چاہیے، جیسے:

موسمِ بہار، دیوِ سفید، زندگیِ فانی۔

وغیرہ۔ اِسی طرح:

اُس، اِس، اُن، اِن، اِدھر، اُدھر۔

ان کلمات میں ''الف'' پر زیر یا پیش ضروری لگانا چاہیے۔ مشکل لفظوں میں یا کم معروف لفظوں میں ضروری مقامات پر اعراب ضرور لگانا چاہیے۔ اِسی طرح، جن لفظوں کے پڑھنے میں کسی طرح کا شبہہ پیدا ہو سکتا ہو، اُن پر بھی اعراب لگانا چاہیے۔ خاص خاص لفظوں پر اعراب لگانے سے ایک فائدہ یہ بھی ہو گا کہ لکھنے والے اور پڑھنے والے، دونوں کا ذہن صحتِ تلفظ کی طرف منتقل ہوتا رہے گا۔ آج کل اِس کی بہت ضرورت ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# علامات

لفظوں کو صحیح پڑھنے کے لیے ''واو'' اور ''ی'' کے سلسلے میں بعض مقامات پر اِس کی ضرورت محسوس ہوتی ہے کہ یہ معلوم ہو کہ ''ی'' یا ''واو'' یہاں معروف ہے یا مجہول۔ اِسی طرح نون کے متعلق بھی یہ معلوم ہو کہ یہاں پر غنہ ہے یا ملفوظ۔ بہت سے نئے لفظوں یا کم معروف لفظوں کے سلسلے میں خاص طور پر اِس ضرورت کا احساس ہوتا ہے۔

①

''واو'' سے پہلے والے حروف پر اگر پیش ہو اور ''واو'' کھینچ کر پڑھا جائے، تو اس کو ''واوِ معروف'' کہتے ہیں۔ کھینچ کر پڑھنے میں نہ آئے تو وہ ''واوِ مجہول'' ہے۔ ''واو'' معروف کو ظاہر کرنے کے لیے، اس ''واو'' پر اُلٹا پیش بنا دینا چاہیے، جیسے: دوٗر، چوٗر، نوٗر، ''واوِ مجہول'' کے لیے اِس سے پہلے والے حرف پر پیش لگانا کافی ہوگا، جیسے: پُور، گُور، شُور۔

②

''یاے مجہول'' کے لیے اِس سے پہلے والے حرف پر زیر لگایا جاسکتا ہے، جیسے:

ہِیر، پِیر، تِیر، شِیر۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



③

طَور، جَو راور پَیر، بَیر جیسے لفظوں میں (جن میں ماقبل 'ی' مفتوح ہے) ''ی'' اور ''واؤ'' سے پہلے والے حرف پر زبر لگا دینا چاہیے۔

④

نونِ غنہ جب لفظ کے آخر میں آتا ہے تو اُس پر نقطہ نہیں رکھا جاتا ہے جیسے: کہاں، وہاں..... جب وہ لفظ کے بیچ میں ہو، اور ضرورت محسوس ہو تو اس کے اوپر اُلٹا قوس بنا دینا چاہیے: جیسے: گنوار، دانو، چونسا..... جب وہ ساکن ہو اور ضرورت سمجھی جائے، تو اس پر جزم بنا دیا جائے، جیسے: ہنسی، چندن۔

⑤

کچھ لفظ ایسے ہیں جن میں ''واؤ'' لکھنے میں آتا ہے اور پڑھنے میں نہیں آتا، جیسے: خود، خوش۔ اگر کبھی کسی خاص لفظ میں ضرورت محسوس ہو، تو ایسے ''واؤ'' کے نیچے ایک چھوٹی سی لکیر بنا دی جائے، جیسے: خود، خویش، خوراک۔

علامتوں کے متعلق یہ بات خوب سمجھ لینا چاہیے کہ ان کو بے ضرورت استعمال نہ کیا جائے۔ اکثر لفظوں سے عام لوگ واقف ہوا کرتے ہیں۔ زیادہ زبر، زیر یا علامتیں لگانے سے عبارت بوجھل اور بدنما ہو جاتی ہے اور آسانی کے بجائے، کبھی کبھی اُلجھن پیدا ہو سکتی ہے۔ ہاں، جہاں واقعی ضرورت ہو، وہاں اعراب بھی لگانا چاہیے اور علامتوں سے بھی پوری طرح کام لینا چاہیے، بل کہ اُن کو لازم سمجھنا چاہیے۔

## فائدہ:

تشدید بھی ایک طرح کی علامت ہے، جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہاں اِس حرف کی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تکرار ہے۔ یہ علامت، حرف کی قائم مقام ہوتی ہے (مددت = مدت) بہت سے لفظ ایسے ہیں جن کو تشدید کے بغیر بھی صحیح طور پر پڑھ لیا جاتا ہے، مگر اچھا یہی ہوگا کہ اِس کو التزام کے ساتھ لکھا جائے۔ بہت سے لفظ ہیں جو مع تشدید بھی درست ہیں اور بلا تشدید بھی، جیسے: ندّی اور ندی۔ ایسے لفظ بھی ہیں جن میں تشدید کے ہونے یا نہ ہونے سے معنوی فرق آ جاتا ہے، جیسے: ردی اور ردّی۔ ''زندگی فانی'' اگر شعر میں آیا ہے اور اس کو ''زندگی فانی'' ہی لکھا جائے تو ظاہر ہے کہ ٹھیک نہیں ہوگا۔ بہ ہر صورت، تشدید کو ضرور لکھنا چاہیے:

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# رموزِ اوقاف

اوقاف، ان علامتوں کو کہتے ہیں جن کی مدد سے جملے کو اور جملے کے مختلف اجزا کو صحیح طور پر سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔ اِن کا استعمال ضروری ہے۔ یہ دیکھا گیا ہے کہ اضافت کے زیر اور کاما کو اگر صحیح طور پر استعمال کیا جائے تو اکثر اوقات پڑھنے والے کو عبارت اور اشعار کے مطالب و مفاہیم کے سمجھنے میں آسانی ہوتی ہے۔ ان علامتوں کو پابندی سے استعمال کرنا چاہیے۔ یہ علامتیں حسب ذیل ہیں:

| | اُردو نام | انگریزی نام | علامت |
|---|---|---|---|
| ① | سکتہ | Comma | ، |
| ② | وقفہ | Semicolan | ؛ |
| ③ | رابطہ | Colon | : |
| ④ | ختمہ | Fullstop | ۔ |
| ⑤ | سوالیہ | Sign of introgation | ؟ |
| ⑥ | ندائیہ، فجائیہ | Sign of exclemation | ! |
| ⑦ | قوسین | Brackets | ( ) |
| ⑧ | واوین | Inverted commas | “ ” |

